**Dr. Mahbubul Haq**: Sir, if it is an explicit question of which countries the information has been asked for, we shall be glad to collect and give it. So far as the implicit question underlying is that the non-developmental expenditure has increased fastly, I want to share with the House my own concern that it should not be allowed to increase at the same rate and we have tried in the current budget to see the both non-developmental and developmental expenditure excluding defence is frozen in nominal terms and defence expenditure has been kept constantly in real terms and we shall make an utmost effort to see that more resources are spared for development. This year there has been an increase upto 25% in developmental expenditure as compared to a very negligible increase in non-developmental expenditure.

**Mr. Chairman**: Next question, Malik Muhammad Ali Khan.

**Malik Muhammad Ali Khan**: Question No. 79.

**Mr. Chairman**: Question No. 79, Dr. Mahbubul Haq. I think, this is the last one.

---

### REDUCTION IN THE ALLOCATION MADE FOR 6TH 5 YEAR PLAN

79. ***Malik Muhammad Ali Khan**: Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state whether the entire allocation of 33,290 million rupees for the year 1984-85 under the Sixth Five Year Plan in the public sector was released; if not, how much reduction has been made therein, indicating also its adverse effects on each development programme, separately?

**Dr. Mahbubul Haq**: As against the original allocation of Rs. 33,290 million, the amount authorised and released during the year 1984-85 was Rs. 33,873 million.

**Mr. Chairman**: Any supplementary? No.

**Mr. Ahmed Mian Soomro**: Let us have the full hour for the Question Hour.

**Mr. Chairman**: We have full hour now.

**Mr. Ahmed Mian Soomro**: I think, we started at 10.00 hour.

**Mr. Chairman**: We started according to my watch at 09.41 hour. I think, the rest of the questions would be considered as read.

---

### SENATORS TO BE INCLUDED IN THE BOARD OF C.D.A. ISLAMABAD

†80. ***Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui**: Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state:

---

†Question Hour being over, the remaining starred questions together with their replies were placed on the Table of the House.

(a) whether there is any proposal under the consideration of Government to include some members of the Senate in the Board of C.D.A.,Islamabad; and

(b) whether the C.D.A., Islamabad has so far allotted plots to any of the newly elected Senators and M.N.As?

**Dr. Mahbubul Haq**: (a) There is no such proposal.

(b) No.

## DRUG PEDDLING ACTIVITIES IN BARA MARKETS

81. ***Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui**: Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

(a) the reasons for not taking action against drug peddling activities in the Bara Markets of the country, and especially against the Bara Market situated near Sohrab Goth in Karachi; and

(b) whether it is a fact that the persons indulging in the said activities pay 25 lakhs of rupees weekly to the concerned departments and the higher officers to avoid arrest?

Reply will follow.

------

## ORIENT FINANCE LIMITED

82. ***Mir Rasool Bux Lehri**: Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

(a) whether it is a fact that a 'Bank' named "Orient Finance Limited" was opened in Quetta in 1979 to operate on profit and loss sharing *i.e.* interest free, basis;

(b) whether it is also a fact that later, the Government closed down the said Bank for its alleged fraudulent activities and took into its custody all its records;

[Mir Rasool Bux Lehri]

(c) whether it is further a fact that following the closure, all the account holders of this Bank submitted their accounts to the Lahore Head Office, for the settlement of their claims; and

(d) if reply to above be in the affirmative, the action taken to settle the claims of the account holders of the Bank?

**Dr. Mahbubul Haq**: (a) No. A branch of Orient Finance Limited, (a private limited company not authorised to do banking business) operated in Quetta with its Head Office at Lahore. It is not known whether the Company operated on profit and loss sharing basis.

(b) No. The Company fearing action by the State Bank under the Banking Companies (Amendment) Ordinance, 1979 applied to the High Court Lahore for its voluntary liquidation. The High Court appointed two Advocates as Joint Official Liquidators. These Liquidators have taken over custody of the records of this Company as required under the Law.

(c) No. According to the Law, such claims are required to be filed with the Official Liquidator after the High Court places a Company under liquidation.

(d) The Joint Official Liquidators of the Company who are working under the supervision of the Lahore High Court are processing the claims of the depositors and other creditors of the Company and realising the Company's assets.

---

## NATIONAL DEVELOPMENT FINANCE CORPORATION

83. ***Mr. Ahmed Mian Soomro**: Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

(a) the present number of officers employed in the National Development Finance Corporation in Pakistan;

(b) the Province-wise break-up of the employees mentioned in (a) above, showing separately the number from Sind Urban and Sind Rural; and

(c) whether the quota of various provinces, as fixed by the Federal Government has been adhered to; and, if not, the reasons therefor?

**Dr. Mahbubul Haq**: (a) 276.

(b) A comparative statement of the provincial quota and actual strength of the officers in NDFC is given below:–

| Province/Region | Provincial quota | Actual strength |
|---|---|---|
| Punjab .. | 138 | 100 |
| Sind Urban .. | 21 | 89 |
| Sind Rural .. | 31 | 35 |
| N.W.F.P. .. | 32 | 18 |
| Baluchistan .. | 10 | 4 |
| Azad Kashmir .. | 5 | 1 |
| Northern Area .. | 11 | 1 |
| Merit .. | 28 | 28 |
| Total .. | 276 | 276 |

(c) As can be seen from the above table, actual strength for Urban Sind and Rural Sind is above the prescribed quota.

## NATIONAL SAVINGS ORGANISATION

84. ***Mr. Ahmed Mian Soomro** : Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state :

(a) the deposits, percentage wise as on 30th June, 1985 in ;

(i) National Savings Centres ;

[Mr. Ahmed Mian Soomro]

(ii) Nationalized Banks ;

(iii) Other savings/deposit receiving institutions in Pakistan ;

(b) the comparative scales of pay of officials in the National Savings Department and Nationalized Banks at present ;

(c) whether the representatives of the National Savings Department have represented for a revision of their pay and allowances; and

(d) if answer to (c) above be in the affirmative, the action which Government has taken for revision of their emoluments ?

**Dr. Mahbubul Haq** : (a) Amount.

| Amount | Percentage |
| --- | --- |
| (Rs. in million) | |
| 54,073.719 | 29.42 |
| (in the form of Savings instruments) | |
| 1,26,104.000 | 68.63 |
| 3,574.285 | 1.95 |
| Total 1,83,752.004 | |

(b) Statement annexed.

(c) Yes.

(d) National Savings Organization is an attached department. The pay scales and allowances of the employees of the Organisation are the same which are admissible to Government servants.

STATEMENT

| Pay Scale of Employees of National Savings Organisation (Federal Government) | Pay Scales of Employees of Nationalised Commercial Banks |
| --- | --- |
| 1 | 2 |
| Ministerial staff | Clerical/Non-clerical staff |
| **Basic Scale**: | |
| Rs. | Rs. |
| 1. 440–10–640 | 1. 440–15–730 |
| 2. 460–12–700 | 2. 460–18–820 |

| 1 | | | 2 | |
|---|---|---|---|---|
| 3. 480–14–760 | | 3. 500–30–1100 | | |
| 4. 500–16–820 | | 4. 580–40–1380 | | |
| 5. 520–18–880 | | 5. 675–45–1575 | | |
| 6. 540–20–950 | | 6. 825–50–1825 | | |
| 7. 560–23–1020 | | 7. 900–55–2000 | | |
| 8. 590–26–1110 | | | | |
| 9. 620–29–1200 | | | | |
| 10. 660–32–1300 | | | | |
| 11. 700–35–1400 | | | | |
| 12. 750–40–1560 | | | | |
| 13. 800–45–1700 | | | | |
| 14. 850–50–1850 | | | | |
| 15. 900–55–2000 | | | | |
| *Officers* | | *Executive/Officer* | | |
| 16. 1050–80–2250 | 1. | Officer Gr-III. | Rs. 1050–80–2250 | |
| 17. 1600–120–3040 | 2. | Officer Gr-II. | Rs. 1600–120–3040 | |
| 18. 2100–150–3600 | 3. | Officer Gr-I. | Rs. 2300–150–3800 | |
| 19. 3200–160–4480 | 4. | Sr. Gr-III (AVP). | Rs. 2900–160–4500 | |
| 20. 3800–180–5240 | 5. | Sr. Gr-II (VP). | Rs. 3100–170–4800 | |
| *21. 4200–225–6000 | 6. | Sr. Gr-I (SVP). | Rs. 3600–180–5400 | |
| *22. 4500–250–6500 | 7. | Executive Gr. | | |
| | | (i) SEVP | Rs. 4200–225–6000+ Spl pay Rs. 250/-pm. | |
| | | (ii) EVP | Rs. 4200–225–6000 | |

*There is none of Pay Scale 21 and 22 in National Savings Organisation.

## POPULATION OF FATA

85. ***Malik Faridullah Khan** : Will the Minister Incharge of the Statistics Division be pleased to state :

(a) the total population of FATA according to the census of 1971 ;

(b) the total population of FATA according to the census of 1981 ; and

[Malik Faridullah Khan]

(c) whether it is a fact that the population has decreased by four lacs during the last 10 years ?

**Dr. Mahbub-ul Haq** : (a) The population of Federally Administered Tribal Areas according to the 1972 population census was 24,91,230 (Twenty-four lacs, ninety-one thousand, and two hundred and thirty).

(b) Th population of FATA, according to the 1983 Population Census was 21,98,547 (Twenty-one lacs, ninety-eight thousand and five hudnred forty-seven).

(c) No, the decrease is slightly less than three lacs *viz.*, 2,92,683 (Two lacs, ninety-two thousand and six hundred eighty-three).

This variation is partly explainable because the methodology used in 1981 census was different from that adopted in earlier census of FATA and partly due to migration of the people from that area to other provinces of the country as well as abroad.

**Mr. Chairman** : Next Question.

## NATIONAL LANGUAGE AUTHORITY AND ITS RECOMMENDATIONS

86. ***Qazi Hussain Ahmed** : Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state the recommendations made by the National Language Authority for the introduction of Urdu, and the extent to which the Federal Government and the Provincial Governments have accepted these recommendations ?

**Dr. Mahbub-ul Haq** : (a) Major recommendations made by the National Language Authority pertain to (i) standarization of keyboard for the Urdu typewriter, (ii) adoption of Urdu as the official language (iii) greater use of Urdu in competitive examinations; and (iv) adoption of Urdu as medium of instruction at all levels of education according to a phased programme.

(b) **Implementation of the Recommendations**

(i) *Urdu keboard.*—Recommendations of the National Language Authority regarding standardization of Urdu keyboard were approved by the Cabinet and have been fully implemented.

(ii) *Adoption of Urdu as the official language.*—A phased programme of action is being followed in adopting Urdu as the official language.

(iii) *Urdu as medium for competitive examinations.*—On the basis of the Authority's recommendations the question of greater use of Urdu in the competitive examinations has been considered in consultation with the Provincial Governments as well as the Provincial/Federal Public Service Commissions. The matter is due to be considered by the Cabinet Committee for the National Language Authority.

(iv) *Adoption of Urdu as the medium of instruction.*—The recommendations of the Authority with regard to adoption of Urdu as the medium of instruction upto 1988-89 were considered in the Cabinet Division. Both the time-table and action plan suggested appeared to be unrealistic. Since the recommendations had to be implemented largely by the Provincial Governments, these were accordingly forwarded to them as also to Federal Ministries and agencies concerned with education and science.

The views of the agencies concerned have since been received. The matter is due to be considered by the Cabinet Committee.

---

FINANCE COMPANIES

87. ***Qazi Hussain Ahmed** : Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state :

(a) the authority which permitted the Finance Companies to operate in the country; and which deprived so many people of their money a few years ago in the name of interest-free banking;

[Qazi Hussain Ahmed]

(b) the reasons for imposing a ban on such Finance Companies ;

(c) the measures taken by the Government to recover the money of the depositors; and

(d) the amount of money recovered; and, if not, the reasons therefor ?

**Dr. Mahbub ul Haq** : (a) The defunct Finance Companies got themselves registered with the respective Registrars of Joint Companies in the Provinces of Sind, Punjab and NWFP with the object of doing trading/manufacturing business.

(b) The defunct Finance Companies were doing banking business in contravention of the Banking Companies Ordinance, 1962 and Banks (Nationalisation) act, 1974. The Companies fearing action under the aforesaid laws closed their business.

(c) In terms of the Banking Companies Ordinance, 1962 as amended in 1979, the State Bank issued Delcaration and moved petitions in the High Courts for their winding up. This action was followed by appointment of Official Liquidators who assess the assets of such defunct Finance Companies and ultimately payment is to be made to their creditors.

(d) To recover the money is the function of the Offical Liquidators who work under the supervision of the High Courts.

---

## APPOINTMENT OF EXAMINERS IN CUSTOMS HOUSE KARACHI

88. ***Mr. Zulfiqar Ali Chishti** : Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state :

(a) the number of candidates who appeared in the written examination for Examiners in the Customs Department, indicating also the date of their appearing in the examination ;

(b) the number of candidates who qualified in the said examination and appeared for interview, with dates ;

(c) the result of the examination ; and

(d) whether all the successful candidates were offered appointments; if not, the reasons therefor ?

**Dr. Mahbub ul Haq** : (a) 1267 candidates appeared in the written examination for the post of Examiner in Customs House Karachi, on 14th September, 1984.

(b) 650 :

at Karachi :

from 30th January to 20th February to 9th March, 1985.

at Lahore :

from 2nd March to 4th March, 1985.

(c) Not declared.

(d) No : the examination was cancelled.

---

## AWARD OF CONTRACTS FOR FEASIBILITY STUDY IN MINERAL SECTOR TO FOREIGN CONSULTANTS

89. ***Syed Faseih Iqbal** : Will the Minister for Planning and Development be pleased to state :

(a) whether it is a fact that the Planning Division propose to award a contract for feasibility study in mineral sector worth US $ 1.5 million to foreign consultants, without having advertised it in the press ;

(b) if the reply to (a) above be in the affirmative, how were the consultants selected for invitation to make a bid ;

[Syed Faseih Iqbal]

(c) whether a number of organizations in the country both in public and private sectors, GSP, PCSIR, RDC, PMDC, etc., could undertake this work in collaborations with foreign consultants; and

(d) whether Government intends to make it mandatory for foreign consultant to co-opt a Pakistani organization for the aforesaid work ?

**Dr. Mahbub ul Haq** : (a) This is correct that a study in the mineral sector is being processed for award of consultants. However, the cost of the study will be known after price proposals are vetted by the Inter-Ministerial Committee. According to the procedure followed for the award of study under the auspices of major foreign donors, the bids are called from consultants who are enlisted with the Planning Division after advertisement periodically according to their various fields of specialization.

(b) According to standard procedure, 10 local firms with their specialization in this field were invited to submit pre-qualification papers. These firms submitted their applications for this study and the Planning Division short-listed two firms which were considered pre-qualified. Since the number was too small, it was decided to invite 9 foreign consultants of international repute to send their pre-qualifications papers. Out of them, 6 foreign consultants submitted their pre-qualification papers and all of them were considered pre-qualfied. All these firms were invited to make technical and price proposals in collaboration with four top ranking local consultants firms who had already pre-qualfied for the study.

(c) The agencies referred to are specialized in their respective disciplines whereas this study calls for a multi-disciplinary approach. These agencies are not expected to have all skills needed for the study nor it is easy to bring together all these skills by one agency without affecting their own work adversely. They are, however, being consulted in regard to the study as is generally done in technical matters.

(d) The Government always encourages joint ventures of

foreign consultants with local counterparts. A comprehensive consultancy policy is under consideration of the Government to establish consultancy business in Pakistan on firm grounds. The preference for local consultants and joint ventures are necessary to give a more concrete shape to this policy.

---

## TRADE AND CULTURAL AGREEMENTS WITH OTHER COUNTRIES

59. ***Mr. Javed Jabbar** : Will the Minister for Commerce be pleased to state :

(a) the names of countries with which Pakistan has signed, since 1980, trade agreements, cultrual agreements, agreements which cover both the subjects separately in each case ;

(b) whether a review is carried out to evaluate the extent to which such agreements have been impletmented ; and

(c) if so, a copy of the latest such review be placed on the table of the House ?

**Mr. Salim Saifullah Khan** : (a) A statement showing the Trade and Cultrual Agreements signed with different countries since 1980 is at Annex-I.

(b) The position with regard to Trade and Cultrual Agreements is explained as under :—

*Trade Agreements.*—Most of the Trade Agreements are good will type in nature offering most favoured nations treatment to each other in trade matters relating to import and export trade. Such agreements do not require any periodic review or evaluation. However, fresh barter trade agreements are negotiated and signed every year. At the time of negotiating a barter agreement, the performance under the last protocol is examined initially in the Ministry and later discussed in the bilateral talks.

[Mr. Saleem Saifullah Khan]

*Cultural Agreements.*—In order to implement the provisions of an agreement, a cultural exchange programme is drawn up after mutual consultation through diplomatic channels between the two countries.

(c) In view of (b) above the question does not arise.

**ANNEX I**

STATEMENT SHOWING THE TRADE AND CULTRUAL AGREEMENTS SIGNED BY PAKISTAN WITH DIFFERENT COUNTRIES SINCE 1980

**Trade Agreements**

1. Thailand.
2. Portugal.
3. Brazil.
4. Nigeria.
5. Niger.
6. Kenya.
7. Zimbabwe.
8. Uganda.
9. Mauritius.
10. USSR.
11. Bulgaria.
12. Sweeden.
13. Finland.
14. Romania.
15. Maldives.
16. Iran.
17. Sri Lanka.
18. China.
19. Czechoslovakia.
20. DPR Korea.
21. Poland.
22. Hungary.

**Cultural Agreements**

1. Somalia.
2. Kenya.
3. Maldives.
4. Qatar.
5. Oman.
6. Saudi Arabia.
7. Republic of Korea.

**Mr. Chairman** : Next item is Leave applications.

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین : جناب امان الردم صاحب اپنی نجی امور کی بنا پر انڈیا اور نیپال تشریف لے جا رہے ہیں۔ اس لئے انہوں نے ایوان سے ۲۹ر اکتوبر سے تا اختتام اجلاس حالیہ رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت قبول فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : جناب اسلم خان خٹک نے درخواست رخصت بوجہ ناسازئی طبع تین چار دن تک سینیٹ کا اجلاس attend نہیں کر سکیں گے کیا آپ اُن کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

پروفیسر خورشید احمد : ان کی جگہ کون attend کرے گا کیونکہ پریولج موشنز آ رہی ہیں؟

جناب چیئرمین : منسٹر آف انٹیریئر کو؟ اب یہ تو حکومت کا کام ہے اگر ہے تو کرینگے۔ اور وہ سینیٹ کے ممبر بھی نہیں ہیں اور منسٹروں کے لئے according to the rules ضروری بھی نہیں کہ وہ ہاؤس کی اجازت لیں اگر وہ absent ہیں لیکن حکومت کا جہاں تک جواب دینے کا تعلق ہے کسی ایک فرد کی ذمہ داری ضرور ہوتی ہے کہ وہ اپنے وقت پہ جواب دے۔ پریولج موشن نمبر ۱۲ مولانا کوثر نیازی صاحب کی ہے وہ اگر آپ پڑھ کر سنا دیں۔

## PRIVILEGE MOTION ; *RE:* PRESS STATEMENT REGARDING PASSAGE OF THE CONSTITUTION (EIGHTH AMENDMENT) BILL UNANIMOUSLY

مولانا کوثر نیازی: جناب میری تحریک کا متن یہ ہے کہ "روزنامہ نوائے وقت، نے اپنی ۲۵ اکتوبر کی اشاعت میں ایک اعلیٰ سرکاری ذریعے کے حوالے سے سینٹ کے موجودہ سیشن کے بارے میں یہ فیصلہ سُنایا ہے کہ آٹھواں ترمیمی بل سینٹ سے من و عن منظور کرا لیا جائے گا۔ اور بل کی منظوری اتفاق رائے سے عمل میں آئیگی۔ خبر کو ان شہ سرخیوں کے ساتھ صفحۂ اول پر شائع کیا گیا ہے کہ سینٹ اتفاق رائے سے ترمیمی بل کی منظوری دے گی۔ اور یہ کہ سینٹ نے کوئی ترمیم منظور کر لی تو آئینی بحث غیر ضروری طوالت اختیار کرے گی۔ خبر میں اعلیٰ سرکاری ذریعہ نے کہا ہے کہ سینٹ کو اس بل پر بحث کی مکمل آزادی ہے۔ تاہم اس ذریعہ نے اس امر کی تردید کی ہے کہ حکومت قومی اسمبلی میں پاس ہونے والے اس بل میں کوئی ترمیم قبول کرے گی۔ اخبار نے لکھا ہے کہ اس اعلیٰ سرکاری ذرائع کا استدلال یہ تھا کہ اگر سینٹ مزید اس بل میں کوئی ترمیم منظور کر لیتی ہے تو یہ بل غور و خوض کے لئے دوبارہ قومی اسمبلی میں پیش کیا جائیگا۔ اس طرح یہ آئینی بحث غیر ضروری طوالت پکڑے گی۔ اعلیٰ سرکاری ذریعہ کے اس ارشاد سے یہ واضح ہوتا ہے کہ حکومت سینٹ کو ایک debating society تو بنانا چاہتی ہے لیکن وہ پہلے ہی فیصلہ کر چکی ہے کہ وہ آئین کے آٹھویں ترمیمی بل میں اس بحث کی روشنی میں کوئی رد و بدل ہرگز قبول نہیں کرے گی۔ اخبار کے ان مندرجات سے عوام میں اس اعلیٰ ترین ادارے کے status کے بارے میں شکوک و شبہات پیدا ہو گئے ہیں جس کی وجہ سے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ اس لئے میں تحریک کرتا ہوں کہ ایوان میں اس پر غور کیا جائے۔"

جناب والا! پچھلے کئی دنوں سے جب سے یہ ترمیمی بل قومی اسمبلی نے ہماری طرف transmit کیا ہے اخباری بیانوں کے ذریعے سے بعض وزرائے کرام بھی اور سرکار کا مملوکہ پریس بھی میری مراد نیشنل پریس ٹرسٹ کے اخباروں سے ہے یہ فضا پیدا کرنے میں مصروف ہیں کہ یہ بل سینٹ میں منظور کرا لیا جائیگا اور اس میں کوئی دقت نہیں ہوگی یہاں تک کہ اب جناب والا! صوبائی اسمبلیوں نے مبارکباد کی قراردادیں بھی پاس

کرنی شروع کر دی ہیں ان کے نزدیک کام ختم ہو گیا ہے ۔ آٹھواں ترمیمی بل منظور ہو چکا ہے اور مبارکبادیں اب بعض سرکاری بنچ بھی ایک دوسرے سے سبقت لیجانے کی کوشش میں مصروف ہیں حالانکہ rules کے تحت جب تک سینٹ اس بل کو پاس نہیں کرتی یہ بل پاس قرار نہیں دیا جا سکتا ۔

ان سرگرمیوں سے یہ تاثر ملتا ہے کہ حکومت کے بعض حلقے اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ سینٹ ان کی جیب میں پڑی ہے ۔ اور سینٹ ایک ربڑ سٹیمپ ہے اور جس طرح وہ چاہیں گے یہاں سے بل منظور کرا کے لیجائیں گے ۔ اس اعلیٰ سرکاری ذریعہ کے ذریعہ سے جو خبر اخبار میں دی گئی ہے وہ اصل میں یہی فضا پیدا کرنے کی ایک کوشش ہے ۔ اور اس کے ذریعہ سے عوام میں یہ غلط فہمی پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ سینٹ کی کوئی آزادانہ حیثیت نہیں ہے اور اس کا کام صرف اتنا ہے کہ جو کچھ قومی اسمبلی سے منظور ہو کر آتا ہے وہ اس پر مہر لگا دے ۔

یقیناً جناب والا ! آپ بھی مجھ سے اتفاق کریں گے کہ اس طرح کی کوششوں سے اور اس طرح کے تاثرات کے نشر و اشاعت سے سینٹ کا وقار مجروح ہوتا ہے اس کا استحقاق مجروح ہوتا ہے اور اس طرح کی کوشش ایسی ہیں کہ ایوان کو ان کا نوٹس لینا چاہیئے ۔

<u>جناب چیئرمین</u> : شکریہ ۔ جناب اقبال احمد خان صاحب ۔

<u>جناب اقبال احمد خان</u> : جناب چیئرمین ! محترم سینیٹر نے یہ تحریک استحقاق پیش کی ہے میں نے اسکو کئی دفعہ پڑھا ہے مجھے اس بات کی سمجھ نہیں آئی کہ یہ استحقاق کیسے بن گئی ۔ خبر تو اخبار نے اپنے نمائندے کے حوالے سے خود ہی ایک تجزیہ پر مبنی رپورٹ پیش کی ہے اور اگر یہ کہا جائے یا کوئی اس توقع کا اظہار کرے کہ یہ ہاؤس اس بل کو اتفاق رائے سے منظور کرے گا تو اس میں کوئی استحقاق کے مجروح ہونے کی بات نہیں ہے ۔ اکثر ہمارے اس ایوان کے معزز سینیٹر حضرات بھی اس کوشش میں ہیں کہ ہم سب اتفاقِ رائے سے کام کریں جیسے کہ نیشنل اسمبلی میں بھی کوشش کی گئی کہ consensus سے بل پاس ہو جائے ۔ تو یہ مبارک فعل ہے اگر کوشش کی جائے کہ اتفاق رائے ہو جائے ۔

[Iqbal Ahmed Khan]

اب یہاں تک جو تعلق ہے اس کا بالکل hypothetical argument ہے کہ انہوں نے یہ شہ سرخیوں سے دیا ہے اور کسی ذرائع کا کہنا ہے۔ ذرائع کا ہمیں علم ہی نہیں ہے کہ کون سے ذرائع ہیں۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے پیش از وقت ہی اظہار خیال فرمایا ہے اور اس motion کو بھی پیش کرنے کے بعد میں نے بھی اور جناب وزیر اعظم صاحب نے بھی، کئی وزراء نے یہ واضح طور پر کہا ہے کہ یہ سینٹ کا پورا پورا استحقاق ہے کہ وہ اس بل کو اپنے پورے اختیار کے ساتھ adopt کرنے اور اس پر کوئی اس قسم کا پریشر نہیں ہو سکتا۔ یہ مکمل خود مختار ادارہ ہے اس کے اختیارات بھی اس بل کے ضمن میں اتنے ہی ہیں جتنے نیشنل اسمبلی کے ہیں۔

میں مولانا محترم کو یقین دلاتا ہوں کہ حکومت کی طرف سے ایسی کوئی کارروائی نہیں ہوئی ہے کوئی جدوجہد نہیں ہے جس سے اس معزز ایوان کے وقار یا درجے کو کم کرنے کی کوشش کی جائے۔ میں نے کل بھی اس بل کو پیش کرتے وقت جو گزارشات کی تھیں ان میں واضح طور پر کہا تھا کہ اس ایوان کا یہ حق ہے۔ اگر یہ توقعات ہم رکھیں کہ اتفاق رائے سے کوئی کام کیا جائے گا تو یہ اچھی بات ہے اور محترم سینیٹر کو علم ہے کہ اس کوشش میں ہم ہیں کہ آپس میں اتفاق رائے پیدا کر لیں۔ اس میں کوئی استحقاق کی بات نہیں ہے۔ اس بنا پر میں ان سے عرض کروں گا کہ وہ اس کو پریس نہ کریں بہرحال فنی بنیاد پر بھی میں اس کی مخالفت کرتا ہوں۔ شکریہ۔

<u>جناب چیئرمین</u>: جناب مولانا کوثر نیازی صاحب۔

<u>مولانا کوثر نیازی</u>: جناب والا! میں فاضل وزیر کی اس بات سے اتفاق نہیں کرتا کہ یہ اخبار کا اپنا تجزیہ ہے۔ اخبار نے ایک اعلیٰ سرکاری ذریعہ کا حوالہ دیا ہے اور یہ کہتے ہوئے حوالہ نہیں دیا کہ اتفاق رائے سے منظور ہو جائے گا۔ اگر وہ یہ فرماتے تو بات دوسری تھی۔ اس اعلیٰ سرکاری ذریعہ سے یہ کہلوایا گیا ہے۔ "یہ اعلیٰ سرکاری ذریعہ کے الفاظ ہیں "اعلیٰ سرکاری ذریعہ نے اس امر کی تردید کی ہے کہ حکومت قومی اسمبلی میں پاس ہونے والے اس بل میں کوئی ترمیم کرے گی"۔ یہ تجزیہ نہیں ہے جناب والا! یہ ایک اعلیٰ سرکاری ذریعہ کا فرمان ہے اور اسی

طرح کی ایک بات بدقسمتی سے آج کے اخبار میں بھی شائع ہوئی ہے کہ وزیراعظم صاحب نے کل جو سینیٹرز سے میٹنگ کی تو یہ تاثر اس کے ذریعے تمام اخبارات میں چھپوایا گیا ہے وزیراعظم صاحب نے یہ کہا ہے جو اس بل میں کوئی ترمیم دینا چاہتا ہے وہ ان کو پہنچا دے وہ نویں ترمیمی بل میں شامل کر لی جائے گی اگر وہ صحیح ہوئی۔ سوال یہ نہیں ہے۔ ہم نے صبح وزیراعظم صاحب سے ملاقات کی ان کی توجہ بھی اس طرف دلائی کہ یہ تاثر جو اخبارات کے ذریعے پھیلایا گیا ہے کہ جو ترامیم اس ہاؤس کے اراکین آپ کو بھیجیں گے وہ آپ نویں ترمیمی بل کے لئے زیر غور لائیں گے تو پھر اس exercise کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ کہ ہم آپ کو ترمیمیں دیں۔ ترمیمیں اسی لئے دی جا رہی ہیں تاکہ آپ آٹھویں ترمیمی بل میں شامل کرنے کے لئے غور کریں۔ انہوں نے کہا یقیناً ان کا منشا یہی ہے کہ آٹھویں ترمیمی بل ہی میں ان ترامیم کو جو ناگزیر ہوں گی شامل کرنے پر غور کریں گے مگر اخبارات میں سرکاری اور غیر سرکاری ذرائع کے توسط سے یہی تاثر ابھارا جا رہا ہے اور صاف لگتا ہے کہ اس کے پیچھے کوئی خفیہ ہاتھ ہے کیونکہ ہر اخبار سے یہی تاثر ابھرتا ہے کہ حکومت جو ترامیم مانگ رہی ہے وہ نویں ترمیمی بل میں شامل ہوں گی۔ آٹھویں ترمیمی بل میں نہیں۔

جناب والا! اگر فاضل وزیر یہ یقین دہانی کرائیں۔ ان کے وزیراعظم نے تو کرا دی ہے اگرچہ وہ ہمیں بند کمرے میں کرائی ہے لیکن وہ اگر اپنی زبان فیض ترجمان سے اسی ہاؤس میں یہ ارشاد فرما دیں کہ یہ تاثر جو پیدا کیا جا رہا ہے غلط ہے اور جو وزیراعظم صاحب کو ترامیم دی جائیں گی ان کے کہنے پر انہیں آٹھویں ترمیمی بل میں شامل کرنے پر غور کیا جائے گا تو میں اپنی اس تحریک پر زور نہیں دوں گا۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جہاں تک اس تحریک کا تعلق ہے میں نے پہلے بھی اس کو غور سے پڑھا ہے آپ صحیح فرما رہے ہیں کہ اس میں سینیٹ کا استحقاق ضرور ملوث ہوتا ہے کسی حد تک تو میں بھی اخبارات کا مطالعہ کرتا رہا ہوں اسی پوائنٹ آف ویو سے جو آپ کے ذہن میں ہے۔ لیکن جس اخبار کا حوالہ آپ نے دیا ہے، اس کے تجزیے سے مجھے ہرگز یہ تاثر نہیں ملتا کہ اس سے اس ایوان کا استحقاق مجروح ہوتا ہے۔ یہ اس نے ضرور کہا ہے کہ ایک اعلیٰ سرکاری ذریعہ سے، اب ایک

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

SENATE DEBATES

## SENATE OF PAKISTAN

*Tuesday, the 29th October, 1985*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (the State Bank Building), Islamabad, at half past nine of the clock in the morning with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair.

------

*(RECITATION FROM THE HOLY QURAN)*

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یایہا الذین امنوا استجیبوا للہ وللرسول اذا دعاکم لما
یحییکم واعلموا ان اللہ یحول بین المرء وقلبہ و
انہ الیہ تحشرون ○ واتقوا فتنۃ لا تصیبن الذین ظلموا
منکم خاصۃ واعلموا ان اللہ شدید العقاب ○
یایہا الذین امنوا لا تخونوا اللہ والرسول وتخونوا امنتکم
وانتم تعلمون ○ واعلموا انما اموالکم واولادکم فتنۃ
وان اللہ عندہ اجر عظیم ○ یایہا الذین امنوا ان تتقوا
اللہ یجعل لکم فرقانا ویکفر عنکم سیاتکم ویغفر
لکم واللہ ذوالفضل العظیم ○

ترجمہ : اللہ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے ۔ شروع کرتا ہوں
اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے ۔

مومنو! خدا اور اسکے رسول کا حکم قبول کرو ۔ جبکہ رسول خدا تمہیں ایسے کام کے
لئے بلاتے ہیں جو تم کو زندگی جاوداں بخشتا ہے اور جان رکھو کہ خدا آدمی اور اس
کے دل کے درمیان حائل ہو جاتا ہے اور یہ بھی کہ تم سب اسکے روبرو جمع کئے جاؤ گے
اور اس فتنے سے ڈرو جو خصوصیت کے ساتھ انہی لوگوں پر واقع نہ ہوگا جو تم میں
گنہگار ہیں اور جان رکھو کہ خدا سخت عذاب دینے والا ہے ۔

[Mr. Chairman]

گاؤں کے آدمی کے لئے ایک ایس ایچ او، ایک تھانیدار سب سے اعلیٰ سرکاری ذریعہ ہے، کسی اور آدمی کے لئے ضلع کا ڈپٹی کمشنر ہو سکتا ہے۔ اس طرح درجہ بدرجہ یہ چیزیں اوپر آ سکتی ہیں اس لئے اعلیٰ سرکاری ذریعہ کون ہے۔ اگر واقعی کوئی ایک official ہے تو اس کا آئین کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔ جہاں تک سرکاری ذرائع ہمارے سامنے ہیں ان میں ایک تو جناب اقبال احمد خان صاحب ہیں۔ انہوں نے آج بھی فرمایا۔ کل بھی کہہ رہے تھے کہ یہ سینیٹ بالکل آزاد ہے۔ یہ جو ترمیم کرنا چاہے کرے۔ ابھی آپ نے خود فرمایا کہ وزیراعظم صاحب نے آپ کو یقین دلایا ہے کہ اگر کوئی ضروری ترمیم ہوئی تو اسی آٹھویں ترمیمی بل میں اسے شامل کرنے کی کوشش کریں گے۔ اگر یہی صورت حال ہے تو پرائم منسٹر سب سے بڑا سرکاری ذریعہ ہے۔ اس دن مجھے یاد ہے کہ آپ اس بات پر زور دے رہے تھے کہ باقی انشورنس اگر پرائم منسٹر دے دیں تو پھر یہ ترامیم واپس لے لیں گے۔ اس وقت منسٹر کا فرمودہ یا فرمانا آپ کو منظور نہیں تھا؟

آج اگر انصاف سے دیکھیں تو آپ الٹا کر رہے ہیں کہ پرائم منسٹر نے تو کہا ہے اور اقبال احمد خان صاحب نے بھی یہاں پر کہا ہے۔ اقبال احمد خان صاحب کی پوزیشن پرائم منسٹر سے زیادہ نہیں ہے وہ ان کی ٹیم کے ایک کھلاڑی ہیں اور سان کے کپتان نے جب آپ کو کہا ہے تو اس سے میرے خیال میں ایوان کا وقار کسی طرح مجروح نہیں ہوتا۔ میں آپ کو صحیح کہتا ہوں اور میری آپ کے ذریعے سے تمام پریس کو یہی اپیل ہوگی کہ وہ معاملوں کو بامقصد طریقے سے پیش کریں اور اپنے مفروضات سے کام نہ لیں تو یہ معاملہ زیادہ آسانی سے چلے گا۔

مولانا کوثر نیازی: میرا روئے سخن تو وزیر قانون سے تھا وہ اٹھنے کو تھے مگر آپ نے ازراہ کرم ان کی جواب دہی کا فریضہ بھی اپنے ذمے لے لیا۔ میں عرض کروں گا کہ آپ چیئرمین ہیں، پورے ہاؤس کے چیئرمین ہیں۔ آپ سرکاری بنچز کے نمائندے نہیں ہیں۔ میں باادب یہاں گزارش کروں گا کہ اس دن جب میں نے یہاں گفتگو کی تھی۔ وزیراعظم کی assurance پر۔ (مداخلت)

جناب اقبال احمد خان: پوائنٹ آف آرڈر سر۔ جناب والا! معزز سینیٹر بہت پرانے پارلیمنٹیرین ہیں۔ اور بڑے اعلیٰ مناصب پر فائز رہے ہیں۔ میں دکھ سے یہ عرض کروں گا کہ جب چیئر کی طرف سے کوئی رولنگ آ جائے فیصلہ دے دیا جائے، اظہار خیال فرمایا جائے تو یہ ہاؤس کے وقار کے خلاف ہے کہ اس پر تنقید کی جائے۔ دو تین دن سے یہ صورت حال اس ہاؤس کے اندر رہی ہے اور میں نے یہ مناسب نہ سمجھا کہ یہ گذارش میں کروں۔ میں آپ کی وساطت سے عرض کروں گا جب چیئر کی طرف سے کوئی فیصلہ ہو جائے تو روایات اور عظمت اس چیئر کی اور اس ہاؤس کی یہی ہے کہ پھر اس کے بعد اس پر تنقید نہیں کی جا سکتی۔ باقی دوسرے جو معاملات ہیں وہ روز ہوتے ہیں وزراء آپ کی خدمت کرتے ہیں۔ کبھی ان سے اگر کوتاہی ہوتی ہے تو وہ معذرت بھی کرتے ہیں لیکن کم از کم ہمیں چیئر کا احترام ملحوظ خاطر رکھنا چاہیے اور اس طرف ذرا کچھ سوچ کر ہی بات کرنی چاہیے۔

جناب چیئرمین: آپ کا بہت بہت شکریہ۔ ہاؤس کو، میرے خیال میں، اس کا پورا پورا احساس ہے۔

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! ذاتی حیثیت سے بھی اور بحیثیت چیئرمین بھی آپ کا regard ہمارے دل میں اس سے زیادہ ہوگا کم نہ ہوگا جو سرکاری بینچز کے دلوں میں ہے۔ آپ نے یہ ارشاد نہیں فرمایا کہ آپ رولنگ دے رہے ہیں نہ آپ نے اپنی گفتگو کے آخری حصہ میں یہ پوائنٹ آؤٹ کیا کہ یہ کوئی رولنگ ہے ابھی تو ڈسکشن اس کی ایڈمسیبلیٹی پر جاری تھی اور اس دوران آپ نے ارشاد فرمایا اسی سلسلے میں نے اٹھ کر یہ بات کی وگرنہ آپ اگر یہ فرماتے کہ آپ رولنگ دے رہے ہیں تو میں ہرگز یہ گستاخی نہ کرتا۔

جناب چیئرمین: یہ فرمانا یہاں تک صحیح ہے کہ میں رولنگ کے اختتام تک نہیں پہنچا تھا میں وہ واقعات جو میرے سامنے تھے آپ کے سامنے رکھ رہا تھا تاکہ ایوان کا وقت بچ سکے۔ چیئرمین کی جو ذمہ داریاں ہیں ان کے مطابق وہ خاموش تماشائی بن کر نہیں بیٹھ سکتا۔ یہ چیئرمین کے بارے میں بالکل غلط تاثر ہے کہ وہ خاموش ممی بن کر بیٹھا رہے اُسے اس ہاؤس کے بزنس کو رولز کے مطابق کنڈکٹ کرنا ہے

[Mr. Chairman]

اور اگر کسی صاحب سے خواہ وہ گورنمنٹ کے بنچز سے ہو یا دوسرا ہو اگر کوئی فروگزاشت ہوتی ہے یا اسے کوئی چیز بھولتی ہے یا وہ اس کی نظر میں نہیں ہے تو چیئرمین کی یہ بھی ذمہ داری ہے کہ وہ تمام ہاؤس کے سامنے حقائق لے آئے کہ اگر آپ ان پر غور کریں تو صحیح ہوگا۔

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! میں یہ گزارش کروں گا کہ اس کی وضاحت ضرور میرے ذمے آتی ہے آپ نے یہ فرمایا کہ اس دن میں نے کہا کہ وزیراعظم کی یقین دھانی ضروری ہے اور آج میں اس سے مختلف بات کر رہا ہوں۔ یہ اس لئے جناب والا! کہ assurance جو وزیراعظم نے دی ہے وہ بند کمرے میں دی تھی۔ میں نے اسی لئے محترم وزیر قانون سے کہا کہ یہ ہاؤس میں assurance دیں تاکہ یہ عوامی ہو جائے۔

جناب چیئرمین: پھر ہم بحث میں الجھ رہے ہیں لیکن آپ نے جس موضوع کو اپنی تحریک کی بنیاد بنایا ہے، وہ ایک اخبار کی رپورٹ ہے جو اس ہاؤس سے out side ہے اور اس پر آپ اعتبار کر رہے ہیں اور وہ جو پرائم منسٹر نے اس ہاؤس سے outside آپ کو انشورنس دی اس پر آپ اعتبار نہیں کر رہے میں یہی چیز آپ کے نوٹس میں اور ایوان کے سامنے لا رہا تھا میرے خیال میں اب میں رولنگ دیتا ہوں کہ it is out of order اور آپ تشریف رکھیں۔

یہ چار پانچ تحاریک التوا ایک ہی نوعیت کے ہیں اور میرے خیال میں ایک صاحب پڑھ لیں اگر کسی کو اعتراض نہیں ہے۔ باقی جو دوسرے حضرات ہیں ان سب کو موقع دیا جائے گا کہ وہ ان پر اپنا اظہار خیال کریں۔ پہلی نمبر ۵۲ ہے محمد طارق چوہدری صاحب کے نام پر دوسری ہے نمبر ۵۵ مولانا کوثر نیازی صاحب کے نام پر تیسری ہے نمبر ۵۶ جو جناب محسن صدیقی صاحب کے نام پر ہے چوتھی ہے نمبر ۵۷ جناب میر نبی بخش زہری کے نام پر اور نمبر ۶۰ ہے اسکی wording ذرا مختلف ہے لیکن مضمون کی نوعیت وہی ہے وہ بھی جناب محمد طارق چوہدری صاحب کی ہے۔ میرے خیال میں پہلی تحریک اگر محمد طارق چوہدری صاحب پڑھ کر سنا دیں تو اس کے بعد پھر سب کو موقع دیا جائے گا کہ اس پر اظہار خیال کریں۔

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui**: Mr. Chairman, what happend to my earlier adjournment motion No. 33?

**Mr. Chairman** : That would be taken up. I think this was of typical interest. One or two honourable Members have requested that they should be taken up first and I agreed to their request.

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب میری تحریک التواء نمبر ۱۵ ہے۔

جناب چیئرمین : یہی میں نے عرض کیا جناب محسن صدیقی صاحب کی خدمت میں کہ یہ perticular item جو آج موضوع بحث بن رہا ہے یہ consider کیا گیا تھا کہ یہ tippical interest ہے آج اور کل یعنی اگر اسکو discuss کیا جائے تو بہتر ہوگا اس کے بعد پھر اس کی اہمیت اتنی نہیں رہے گی اس لئے ان کو آگے کیا گیا ہے آج کی بحث کے لئے باقی سب جو تحاریک التواء ہیں وہ اپنی جگہ پر قائم ہیں۔

جناب محمد طارق چوہدری : جناب چیئرمین! یہ تحریک التواء نمبر ۶ بالکل مختلف ہے۔ اس کو بالکل علیحدہ لیا جائے۔

جناب چیئرمین : اچھا آپ اپنی تحریک نمبر ۵۲ تو پڑھ کر سنائیں۔

## ADJOURNMENT MOTION *RE:* PRESS STATEMENT OF THE INDIAN PRIME MINISTER ON PAKISTAN NUCLEAR PROGRAMME

جناب محمد طارق چوہدری : تحریک نمبر ۵۲ میں مطالبہ کرتا ہوں کہ آج کے اجلاس کی موجودہ کارروائی روک کر اس مسئلے پر بحث کی جائے کہ ہندوستان کے وزیراعظم مسٹر راجیو گاندھی نے نیویارک میں پریس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ،

"صدر ریگن نے مجھے کہا ہے کہ اگر پاکستان کا ایٹمی پروگرام حد سے تجاوز کر جائے تو اسے روکیں اس کے پیچھے چھپی ہوئی دھمکی اور اس دھمکی کے پاکستان پر اثرات دور رس اور شدید ہیں۔ ہم اپنے کھلے دشمنوں اور منافق دوستوں کی اس کارروائی پر شدید

[Mr. Mohammad Tariq Chaudhary]

عدم تحفظ کا شکار ہو جائیں گے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ اجلاس کی کارروائی روک دی جائے اور آنے والے خطرات اور اپنے ایٹمی پروگرام سے تحفظ کی خاطر ضروری اقدامات کی کی تجاویز پر غور کیا جائے۔

**Mr. Chairman** : Is it being opposed ?

**Sahabzada Yaqub Khan** : Sir, I am prepared to answer it.

جناب چیئرمین : جناب اگر کچھ اسی کے حق میں مزید ارشاد فرمانا چاہیں تو فرمائیں۔

جناب محمد طارق چوہدری : جناب عالی! الکفر ملت واحدہ۔ کفر جو ہے وہ ایک ملت کے طور پر اسلام کے خلاف اٹھ کھڑا ہوتا ہے پاکستان نے ایک چھوٹا سا ایٹمی پروگرام شروع کیا جو تمام دنیا کے کافروں کی نظر میں کھٹکتا ہے وہ اسی طرح ہے جیسے

میں کھٹکتا ہوں دل یزداں میں کانٹے کی طرح
تو فقط اللہ ہو، اللہ ہو، اللہ ہو

چونکہ انہیں ایک دوسرے سے کوئی خطرہ نہیں رہتا صرف مسلمانوں سے ہمیشہ وہ خائف رہتے ہیں اس لئے ان کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ کوئی بھی مسلمان ملک ٹیکنالوجی کے کسی بھی میدان میں independent نہ ہو جائے اپنے طور پر اپنے پاؤں پر کھڑا نہ ہو جائے۔ پاکستان اتفاق سے ایک ایسی جگہ پر واقع ہے اور ایسے خطے میں واقع ہے اور ایسا مسلمان ملک ہے جس کا کسی بھی دوسرے مسلمان ملک کے ساتھ تاریخی تصادم نہیں ہے جس طرح کہ پرانے دور میں عربوں کا ترکوں کے ساتھ، ترکوں کا ایرانیوں کے ساتھ یا ایرانیوں کا ترکوں کے ساتھ یا ایرانیوں کا عربوں کے ساتھ رہا ہے۔ پاکستان ایسا ملک ہے جس کی تاریخی تصادم نہیں ہیں۔ یہ تمام غیر مسلم ممالک جو ہیں خاص طور پر بڑی طاقتیں جو ہیں ان کی ایک خواہش اور کوشش رہی ہے کہ پاکستان یا تو صفحہ ہستی سے مٹ جائے یا اتنا کمزور رہے کہ یہ کبھی بھی مسلمان ملکوں کی قیادت کرتے ہوئے انہیں متحد نہ کر سکے۔ اب پاکستان نے ایٹمی ٹیکنالوجی میں تھوڑی سی ترقی کی ہے تو ان سب کے ذہنوں میں خطرے کی گھنٹیاں بجنے لگی ہیں اسرائیل جو امریکہ کا لے پالک غنڈہ ہے جس نے اس قسم کی کارروائیاں پہلے کی ہیں کہ کسی مسلمان ملک نے ایٹمی ٹیکنالوجی میں تھوڑی سی دسترس حاصل کی تو اس کے ایٹمی پروگرام کو حملہ کر کے

تباہ کر دیا گیا، وہ ملک جس نے پہلے عراق پر حملہ کروایا تھا وہی ملک اب یہ جانتا ہے کہ اسرائیل کے لئے مشکل ہے کہ وہ پاکستان پر اتنی دور سے آ کر حملہ کر سکے تو اس نے ہمارے تاریخی اور ازلی دشمن کا سہارا لیا ہے اور اس کے ذریعے سے اسے برانگیختہ کیا گیا ہے اندر بٹھا کر، چھپا کر، بتا کر، خوفزدہ کر کے کہ وہ پاکستان کے ایٹمی پروگرام کو ختم کرے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ امریکہ ہماری دوستی کے پردے میں ہمارے ساتھ پرانی دشمنی روا رکھے ہوئے ہے اور خاص طور پر وہ ٹیکنالوجی کے میدان میں کسی بھی سطح پر پاکستان کو ابھرتے ہوئے نہیں دیکھنا چاہتا۔

ہندوستان ہمارا دشمن ہے اس کو پاکستان پر حملہ کرتے وقت ایک ہزار دفعہ سوچنا پڑے گا اس لئے کہ پاکستان اس کی ایسی کارروائی کا جواب دینے کی سکت رکھتا ہے اور اس کے قریب بیٹھا ہوا اس کو جواب دے سکتا ہے لیکن امریکہ جو بہت بڑی طاقت ہے اور ہماری دوستی کا پردہ بھی رکھتا ہے وہ جب ایسی کارروائی کروائے گا ہندوستان سے، اسرائیل سے یا کسی اور ذریعے سے تو ہمارے لئے اس کا جواب دینا بڑا مشکل ہو جائے گا۔ لہذا ضروری ہے کہ ان منافق دوستوں کو ہم جان لیں، پہچان لیں اور یہ جانتے ہوئے ہم اپنے تحفظ کیلئے اقدامات تجاویز کریں تاکہ جو کچھ امریکہ کے صدر نے اسے کہا اور اس نے اخبارات میں بیان دیا ہم امریکہ کے صدر، اسرائیل کے رویے، ہندوستان کے رویے کو خود اپنے ملک میں بیٹھ کر ہمارے سربراہ اور ہماری حکومت اس ...... (مداخلت)

جناب چیئرمین: جناب چوہدری صاحب اس اسٹیج پر ہم ایڈمسیبلٹی پر بات کر رہے ہیں۔ آپ مختصر کریں کیونکہ چار پانچ اور اصحاب کو بھی بولنا ہے۔

جناب محمد طارق چوہدری: ٹھیک ہے جی میں ختم کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جی مولانا کوثر نیازی صاحب آپ اپنی وہ تحریک بھی پڑھ دیں اور پھر جو کچھ آپ ارشاد فرمانا چاہتے ہیں وہ بھی ساتھ کہہ دیں۔

مولانا کوثر نیازی: بھارتی وزیر اعظم مسٹر راجیو گاندھی نے صدر ریگن سے ملاقات کے بعد اخبار نویسوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مجھے ملاقات کے دوران صدر ریگن نے کہا کہ بھارت کو چاہیئے کہ پاکستان کو جوہری ہتھیار بنانے

[Maulana Kausar Niazi]

کہ ایسے مقام پر پہنچنے سے قبل جہاں سے واپسی کا کوئی راستہ نہ رہے، روکے۔

راجیو گاندھی کے اس بیان اور بھارتی وزیر اعظم کو صدر ریگن کی یقین دہانی سے پاکستان کی سیکورٹی کو سخت خطرات لاحق ہو گئے ہیں، میں تجویز کرتا ہوں کہ ایوان کی کارروائی روک کر اس مسئلہ پر بحث کی جائے۔

جناب چیئرمین: جناب ارشاد!

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! راجیو گاندھی نے ریگن سے جو ملاقات کی وہ بڑی ایک افسانوی نوعیت اختیار کر گئی ہے یہ بات اتنی اہم نہیں ہے کہ صدر ریگن نے کیا کہا۔ جو بات اہم ہے وہ یہ ہے کہ ریگن کی گفتگو سے راجیو گاندھی نے کیا سمجھا۔ راجیو گاندھی نے اس سے جو سمجھا جو تاثر لیا اور جس کی وجہ سے وہ الجھن میں پڑے وہ تاثر یہ تھا کہ امریکی صدر نے ان سے یہ کہا ہے کہ وہ پاکستان کو اس مقام تک پہنچنے سے پہلے خود روک دے۔ اب ہم اس کی کچھ بھی تشریح کرتے رہیں سوال یہ ہے کہ راجیو کی حوصلہ افزائی تو ہو گئی کہ امریکہ جو پاکستان کے نزدیک اس کا سب سے بڑا حلیف ہے وہ بھی ہمیں یہ اکسا رہا ہے کہ تم خود کوئی کارروائی کر گزرو تو اس کے بعد ہم کو کس کا ڈر اور کاہے کا ڈر ہے۔

اب جناب والا! یہ بات کہ امریکی ذرائع نے اس کی کیا وضاحت کی کہ ریگن نے کیا کہا وہ اس وقت تک قابل اعتبار نہیں ہے۔ جب تک صدر ریگن خود نہ وضاحت کریں کہ انہوں نے راجیو سے کیا کہا تھا جب دو Head of States کے درمیان اس قول میں فرق واقع ہو گیا ہے اور دونوں اس بات سے مختلف توضیحات اخذ کر رہے ہیں تو اس صورت میں امریکی صدر کا فرض ہے کہ وہ بیان دے کہ اس نے راجیو گاندھی کو کیا کہا تھا یا کم سے کم وائٹ ہاؤس کی طرف سے یہ بیان جاری ہو کہ صدر ریگن کا مفہوم کیا تھا لیکن اس طرح کی کوئی وضاحت آج تک سامنے نہیں آئی anonymous امریکی ذرائع جس طرح آپ نے میرے اعلیٰ سرکاری ذریعہ کو چیلنج کیا اس طرح میں ان امریکی ذرائع کو چیلنج کرتے ہوئے کہتا ہوں کہ وہ anonymous ہیں، یہ کون تھے، کیا تھے، یہ ایک معمولی کلرک بھی ہو سکتا ہے اور ایک انڈر سیکرٹری بھی ہو سکتا ہے۔ ان کی زبان سے یہ کہلوانا کہ ان کے صدر کے فرمان کا وہ مفہوم نہ تھا جو راجیو گاندھی نے سمجھا یہ کوئی وقعت نہیں رکھتا۔

جناب والا! تیسری بات اس مسئلہ میں یہ ہے کہ راجیو اس گفتگو کے فوراً بعد روس پرواز کر گئے اور وہاں جاکر انہوں نے روسی عمائدین سے گفتگو کی، انہیں اعتماد میں لیا۔ پچھلی دفعہ بھی وہ امریکہ گئے تھے لیکن اس دفعہ انہوں نے رپورٹ دینے کے لئے مسٹر بھنڈاری کو بھیجا تھا جو کہ ان کے سیکرٹری امور خارجہ ہیں لیکن اب معلوم ہوتا ہے کہ حالات میں کچھ ایسی development ہوئی کہ انہوں نے وہاں، خود جانا مناسب سمجھا۔ بریں اثنا جناب والا! جو کچھ سیاچین گلیشیئر کے مسئلے پر ہو رہا ہے، حکومت ہند کے نائب وزیر دفاع اس چیک پوسٹ پر گئے ہیں اور جس طرح سے بھارت نے ایک نفسیاتی جنگ کا محاذ پاکستان کے خلاف کھول رہا ہے اسکے ہوتے ہوئے راجیو گاندھی کا یہ ارشاد بعید معنی خیز ہے اور میں وزیر خارجہ کو جن کا ہمارے دل میں بڑا احترام ہے باادب یہ کہوں گا کہ وہ اپنی تشریح اور اپنے صدر محترم کی تشریح پر اعتماد کر کے یہ تاثر نہ لیں کہ سب اچھا ہے ازراہ کرم وہ دیکھیں کہ حالات کس نہج پر آ گئے ہیں اور راجیو گاندھی کے اس ارشاد کے بعد ملک کی سیکورٹی کو کس حد تک خطرہ لاحق ہو گیا ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جناب محسن صدیقی صاحب۔

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui**: Mr. Chairman Sir, I beg to move a motion to adjourn the House to discuss a matter of most serious and urgent public and national importance and of most recent occurrence arising out of the statement given by Mr. Rajiv Gandhi, the Prime Minister of India at the United Nations at New York which was published in the national press on 26-10-85 which constitutes a direct threat to the security and integrity of Pakistan and exposes Pakistan and its Nuclear Programme to invasion and complete distruction. The Prime Minister of India has also said that Mr. Reagan, the President of USA, himself has given him a free hand to deal with Pakistan in his own discretion as and when the former feels that the programme goes beyond the point of no return whatever that means. A cutting of the newspaper in this respect is also enclosed. Hence, this Session of the Senate be adjourned to discuss the matter of this most important nature and so vital like of Pakistan.

Mr. Chairman Sir, the position is that Mr. Rajiv Gandhi has made this statement with a specific reference to the President of USA. The position, as we can see, now, is that we had informations

[Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui]

that India was already preparing for an attack on our Nuclear Programme and more particularly at Kohuta. We have also got information and I think the Ministry of Foreign Affairs must have got information that the same team of Israel which made the programme to attack the nuclear facilities of Iraq is already intact with the Indian team. We have also been informed that some of them had been engaged as an Instructor in Sri Lanka, so that they may be near the Indians to teach them or to give them the know–how to make them learn expertise and to plan the attack. In these circumstances, the situation seems to be very grave because it is not a question of just destroying the Nuclear Programme of Pakistan but it amounts to an invasion on the Country. The Minister of State for Foreign Affairs in this very House, on the floor of this very House, has said that any such act will be treated as an invasion on Pakistan. That means we have to prepare just in great haste to arrange ourselves and our forces so that we can save the invasion. We should see the situation and specially when it does come from one of the Super Powers or with reference to a Super Power.

جس کے لئے ہم یہی کہہ سکتے ہیں ''دوست نما دشمن''۔

If that is the situation then this House must be adjoruned and we must discuss the Foreign Affairs policy, the debate on which has been postponed from time to time with the result that the nation is completely harassed. The representatives who have come here, have not been taken into confidence or the people have not been taken into confidence. Therefore, it is a high time to discuss it and not to rule it out on technical grounds or on any other pretext or excuse. This Adjournment Motion should not be ruled out and I would humbly submit that this is very vital and important for the very life of Pakistan. It is most divergent and most important and this is more important than the Constitution (Eighth Amendment) Bill or any other Constitutional matter that today engages the attention of this House. I would, therefore, humbly and most respectfully submit that this Adjournment Motion should be allowed to be discussed on the floor of this House today so that we may open the subject and we may also suggest our own ways and means as to how to face the situation. Thank you.

میر نبی بخش زہری: جناب چیئرمین! آپ کی اجازت سے میں ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلہ پر تحریک التوا پیش کرتا ہوں۔ اس کے لئے ایوان کی کارروائی روک کر فوری طور پر اس اہم مسئلہ پر بحث کی جائے۔ پاکستان کے قومی اخبارات کی اطلاع کے مطابق بھارت کے وزیراعظم نے کہا ہے کہ صدر ریگن نے مجھ سے بات چیت کے دوران کہا کہ اس سے پہلے کہ پاکستان کا ایٹمی پروگرام اس سطح پر پہنچ جائے جہاں سے واپسی ناممکن ہو، بھارت کو چاہیئے کہ اسے روکے دوسری طرف انہوں نے صدر ضیاءالحق کی تجاویز کو بھی مسترد کر دیا اور منفی انداز اختیار کیا ہے۔ جنوبی ایشیا میں ایٹمی اسلحہ کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے پاکستانی تجاویز سے انکار کر کے بھارت نے ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے کہ ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور ہوتے ہیں۔ بھارت پاکستان کے خلاف ایٹمی زہر اگلتا رہا ہے۔ خود ایٹمی اسلحہ کی صلاحیت کا اقرار کرتا ہے مگر چاہتا ہے کہ پاکستان کو روکا جائے اس کیلئے اندرون خانہ امریکہ بھی اس کا ساتھ دے رہا ہے جس کا واضح مطلب یہ ہے کہ وہ جنوبی ایشیا پر اپنی ایٹمی بالادستی ٹھونسنا چاہتا ہے۔ بھارت کے وزیراعظم کے اچانک دورہ ماسکو اور مسٹر گورباچوف سے اہم مذاکرات نے اور واضح کر دیا ہے کہ ایٹمی اسلحہ کے بارے میں اس کا اصل ارادہ کیا ہے۔

روزنامہ جنگ کراچی مورخہ ۲۷/اکتوبر ۱۹۸۵ء کی خبر کے مطابق بھارت اور پاکستان میں اس سال کے اختتام تک جنگ کا خطرہ ہے اور روس بھارت کو جدید جنگی سامان فراہم کرے گا۔ ان تمام تفصیلات سے نہ صرف امریکہ پاکستان دوستی کی قلعی کھل جاتی ہے بلکہ یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ ایک مسلمان ملک کو جوہری اسلحہ حاصل کرنے سے روکنے میں مغرب اور امریکہ کس حد تک جا سکتے ہیں۔ بھارت چونکہ پاکستان کو کمزور اور زیردست دیکھنا چاہتا ہے اس لئے وہ اس مقصد کے حصول کے لئے ہر ممکن حربہ استعمال کر سکتا ہے یہ ایک اہم مسئلہ ہے۔ اس پر بحث کی جائے۔

جیسا کہ جناب چیئرمین صاحب نے اجازت دی ہے کہ میں کچھ مزید کہوں عرض یہ ہے جیسا کہ اس سے پہلے اسی نوعیت کی تین تحاریک التوا پیش ہوئیں اور معزز سینیٹرز صاحبان نے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور واقعی نہ صرف میں ان سے متفق ہوں بلکہ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ایک اہم مسئلہ ملکی سلامتی سے متعلق ہے اور یہ ایک وزیر سے یا

[Mir Nabi Bakhsh Zehri]

Constitution but also by Islam. As far as freedom of movements is concerned Sir, I do not think that it is a right rather I would go a step further that it is not within the powers of the Government to restrain a person of Pakistan from moving about from Karachi to Khyber. A right of his nationality of Pakistan is that he can move about anywhere within his country as is in the whole world. What we find Sir, is that leaders of public opinion are not criminals. They are prevented from entering the provinces other than their domiciles. Is this in the interest of solidarity and integrity of the country? I, as a Sindhi, cannot visit Punjab, cannot visit Frontier and cannot visit Baluchistan. What sort of Federation is this? Can we call it a Federation? Do I require visa to go to the Punjab? Do I require visa to go to Frontier Province? Do I require visa to go to Baluchistan? And then I am told we must look to the integrity and solidarity of the country, and these are just to prevent you from doing something.

*(Interruption)*

**Mr. Chairman**: Please go ahead. No interruption, please.

**Mr. Ahmed Mian Soomro**: If they commit any offence, ordinary laws are there. Try them and if found guilty, punish them. But it is certainly, inherently wrong to break the country into four countries instead of four Provinces when ever required you can be stopped from entering in to any of these provinces, from entering those areas without having done anything saying that you might do anything. What a sort of country, Sir, stopping its nationals from moving about freely when they have not committed any offence ?

So, I would very respectfully request the Prime Minister that please don't remain in the dark that this is a Provincial subject. It is the sphere of the Federal Government to ensure that all its citizens can move about freely within the country until you feel that they have committed a crime. If so, you can try them, you can punish them if found guilty. They are all equal before law. Everyone is equal before law. That is the basic principle of our law. Then Sir, this only gives rise to slogans like confederation. How can any sincere Pakistani who is interested in the integrity, in the solidarity of Pakistan, think of breaking Pakistan into four countries ? To think of a confederation of four nations, to me this is an idea which is certainly beyond the comprehension of a true patriot.

Then, Sir, coming to the question of canton of provincial autonomy. The (Eight Amendment) Bill is before us. In principle, Sir, I feel like others that it is to some extent the basis of the little provincial autonomy that they had. On the one hand, Sir, we have had free and fair elections; we have true representatives of the people in the Provincial Assemblies. Why do we want postponing then till 1988 that the Provincial Assemblies cannot elect their Chief Ministers? Sir, is this a provincial autonomy that we are giving them ? Is this a canton of provincial autonomy that we are giving them ? Are these not things which are encouraging confederation ? Please look beyond that. Please look into the integrity and solidarity of this country. You cannot expect those people, who are true representatives of people in the Provincial Assembly, not to exercise their right to elect their own Government. In this respect, Sir, the powers are being given to the Governors till 1988 and the Governors are the appointees of the President. This is only a unitary form of Government and from Islamabad you are going to appoint provincial Governors. This is against the very basis of the provincial autonomy. You are only giving rise to breaking the Provinces. I would like to warn the Government to please study this aspect of it.

You and we all want to retain the integrity and solidarity of this country. How can we be prepared to say 'no'. In 1988? They have no right to elect their representatives, and our doubts Sir, are further strengthened by what we have seen in Sind. Sind was the most troubbled Province in 1983's disturbances and in that very Province, against the Constitution as amended by the RCO [Article 130 (2)] that the Governor shall call upon one of the Members of the Assembly who has the opinion to command the majority that has been frequently violated and a Judge from the High Court, who is a public servant, is being called upon and asked to form the Government. Is this all we are giving provincial autonomy? Is this all we are treating the elected representatives of the people? Thus, 114 people who are elected Members, are they all useless? I say, even if they are useless, assuming but not conceding, then who is anybody else to challenge the verdict of that Province? It is their right. It is the Constitutional provision. Originally it was, 'as may be elected by the Assembly'. And that right has been taken away under the RCO which

[Mr. Ahmed Mian Soomro]

has been amended as to say that the Governor shall call upon one of the Members of the Assembly. But here in Sind, you call a Judge of High Court to come and take oath as Chief Minister. Then, why did you not call upon the I.G. Police? Why did you not call upon the Chief Secretary; or even a Deputy Commissioner that you come and manage these people? Sir, how ridiculous! Where are we going? Are we facing the opposition who want provincial autonomy to an extent which is far beyond this, and how far, that is something difficult to be discreted. Here what are we finding? What is going on? Are we claiming that the hands of cecessionist have been tied or giving them food to feed their sentiments; to feed their designs to break this country.

Then, in this Bill, Sir, they want to extend that till 1988. This certainly Sir, requires a second thought. It is all right what we have done so far, let it go. We do not want to undo that. But as soon as Martial Law is lifted this right of the Assembly if there is any vacancy, must be restored to them. They must have the right to have the Chief Minister who commands the majority in the House, which should be made known through the House. This is the right, Sir, which has never been denied before even when the 1973 Constitution was not there, in the previous Constitutions this right was not taken away, and now, is this going towards democracy? Are we going towards provincial autonomy or we are in the reverse gear? Sir, I would appeal most respectfully to the President and the Prime Minister, if you are convinced as to what I am saying is correct, please look beyond the horizon, please do not fear those elements who are out to break the country. The people of Sind, to which fortunately the Prime Minister does belong, we know the feeling there, I do not know whether he may agree with me or not, are not happy with this state of affairs. We cannot forget what happened in 1983. We cannot forget what is happening at the Tolie Gate on which I would not deliberate upon because it is *sub-judice*. I am grateful to the Prime Minister and I think this whole House is grateful that he has stopped the proceedings in the military courts in respect of that incident and I owe gratitude of this whole House to him Sir.

Then, Sir, as far as this Bill is concerned, another thing which I think, by oversight or by *bonafide* mistake is there, is the provision that the President shall be a Muslim ? He will take oath in which he will say, "I am a Muslim". In the case of the Prime Minister, this provision does not exist even in the RCO. Now, I would say it a mistake because it could not be a deliberate thing. This is something which needs to be rectified. You have also Ministers from minorities who are non-Muslims. If in the case of the President you have to specify that he is to be a Muslim and he will take that oath, why not in the case of the Prime Minister that is so, if you call it an Islamic Republic of Pakistan. The Prime Minister must be a Muslim and that should be inherently there in the Constitution. Why has it been deleted ? This certainly calls for a clarification, Sir.

Another important aspect is Sir, that we are marching towards democracy. The President had announced that he would withdraw Martial Law, whenever he would be so advised by the Prime Minister, who is a representative of the people. The Prime Minister initially has told us that when the Political Parties Act would be passed, he would advise him. He has made a bold announcement, obviously after consulting the President, that the Martial Law would be withdrawn by midnight of 31st of December, 1985 and the new year *i.e.* 1986 will begin without Martial Law. On account of that announcement, resolution of confidence has been passed, not only from the National Assembly but from the Senate also. Now to say, that unless we pass the Eighth Amendment Bill, although it has not been said, but an impression has been created that unless this Bill is passed, it would probably hinder the lifting of Martial Law. Sir, I do not accept that contention because it has not been formed by either the President or the Prime Minister. If mistakes, *bonafide* mistakes in this Bill as passed by the National Assembly are pointed out it is possible that they could have overlooked certain things, it is possible that this House may sometime overlook certain things *bonafide,* but there is no reason that they should have not been corrected. Afterall what is the Senate for?

Then, there is no need of bicameral legislature. The object of bicameral legislature is that in case any lapses have occurred, *bonafide,* in one House, it could be corrected in the other House.

[Mr. Ahmed Mian Soomro]

Formerly, we were not authorised as far as the originating of Bills was concerned, but now that power has been given to both the Houses, it is likely that in the Bills originating in this House, we may make some *bonafide* mistakes. We are all human beings. We may make mistakes. Then, it is the duty of the other House, if it comes to its notice, to correct that and send it back. And obviously, if the mistake is pointed out, I think, there is no reason that we should accept it. In fact, what we are trying to point out Sir, is that there should be no question for the National Assembly not accepting them from that point of view Sir, as it will be a step further to that what they have been able to achieve. So, I do not think that there would be any objection from the National Assembly's point of view. I think Sir, and I feel it is a *bonafide* mistake that they have provided in Article 41(7) which gives the meanings, which implies that Article 43 whereby the President cannot hold any other office of profit at the same time. By exempting Article 41 from Article 43 the basic difference is involved Sir. If we pass this Bill as it is, it means we make the President also to remain Chief of Army Staff, which I do not think Sir, can be the intention of the President, and it is not comprehensive that the Chief of Army Staff should be President at the same time which is a civilian post. We expect him to be a civilian.

The President is usually the Supreme Commander of the Armed Forces. It is the President and not the Prime Minister who is the Supreme Commander of the Armed Forces. But I cannot find any precedent where a civilian President or an elected President through a referendum, would also be the Chief of Army Staff. This Sir, is not only the question of General Muhammad Zia-ul-Haq. It is the question of any future President. The Constitution is not made for an individual. The Constitution is made for the nation, and it is a permanent document which can only be amended in the manner prescribed therein. It is to remain on the Statute Book for ever, until it is amended. So, it cannot be conceived that any President, any person elected as President from this country, could at the same time be the Chief of the Army Staff. I, therefore, say Sir, that obviously this is probably a *bonafide* mistake and this could never be the intention of the President. Now, I feel that the President is anxious to give the people their rights and to restore democracy, as

he has been going up step by step further and all that I can only say is that it is a *bonafide* mistake and I hope they will correct it and I am sure the National Assembly would not object to this correction.

Then, Sir, in the judiciary I forgot to mention one point, which escaped me at that time and that was about a provision regarding the Chief Justice of our Province. Sir, the Chief Justice of our Province formally whenever is retired, the senior most Judge becomes the Chief Justice. Now, as amended, it is not the senior most Judge but other than the senior most, not only other than the senior most but any person who can be appointed as Judge of the High Court which depends on the length of his service, is allowed to be the Chief Justice, that means from the bar. This right of any patriotic Government should not exist, Sir. If you want the independence of the judiciary. The Government here after, I don't say about this Government, may misuse it. I know Mr. Muhammad Khan Junejo, he will not do this but the Constitution, as I said, is a permanent document and the amendment remains there permanently. If we find an autocratic Government which comes into power and picks up an advocate and appoints him directly as Chief Justice of our Provincial High Court, Sir, will it be desirable? Certainly, not. Not in my interest, not in the interest of any person of this nation. Appointment of the Chief Justice of a High Court must be made of the senior most High Court Judge on that Bench. So, I would request the Prime Minister in the interest of the nation, in the interest of justice, to please have an independent and free judiciary. The appointment of judges and other relevant things should not be done against the interest of justice. This right should not be vested in the Government of the day.

Then, Sir, this blanket cover which we are required to give under Article 270(a). Sir 270(a) as compared with its corresponding section in the 1973 Constitution was briefed and it granted indemnity and that is a usual thing. Whenever a Martial Law is lifted, indemnity is granted, it has to be granted. You cannot turn the country into turmoil, into chaos by just nullifying all the actions that have taken place in that period. Some actions may be wrong as it was a very long period, the longest I think that we have had Martial Law in this

[Mr. Ahmed Mian Soomro]

country. But, how long it was and how much undesirable it was, it is a convention and it is a thing which must be done to indemnify those acts. But the 1973 Constitution provided that the Parliament was authorised to pass indemnity law and these acts were given protection under that article for a period of 2 years. Then, it was upto the Parliament to extend those acts, to extend those authorities or repeal them. Here we find Sir, that everything is being not only endorsed but approved also. Here we find Sir, it was the Government which hereby affirmed, endorsed, adopted and declared them valid not withstanding any judgement to have been validly made. So, we not only affirm them and endorse them and adopt them but also declare them valid. This is much beyond the scope even.

Then, what we have before us that is in respect of actions not only done under the authority of those Orders, but even purported to be done. If some body has gone beyond that whether that was appropriate to exercise those power where a judiciary is still helpless. Sir, where are we going ? What laws are we giving under this. Validate them, give them validity, for two years as envisaged in the 1973 Constitution but not for ever till again a Parliament amends that in the manner provided for amending the Constitution. This is, Sir, certainly something which requires to be amended because it says all Laws, all Orders, all Martial Law things are hereby validated. Do we realize that some Orders, some Acts, which have been promulgated as ordinances have been repealed, but we are validating, endorsing the original as well as the repealed Orders. How can we endorse something which has already been repealed ? The proper thing would be to give a list of those Acts which they desire us to endorse. We are not to create hurdles for the Government, or for the President, or for the Martial Law Authorities when they are lifting it. We do not want to bring the country into chaos. But how do you expect persons particularly who know even a small bit of law would have its bearings, to accept and giving validity, endorsement to such laws which are repealed.

So, I would very respectfully request the Prime Minister to please correct the basic things which are wrong in this Act. The

President has also announced in the United Nations Sir, that he is going to remove Martial Law by the 31st December and he has not made it conditional on anything. If we point out to you the facts on this Sir, and *bonafidely*........ (Interruption, Azan-i-Zuhar).

**Mr. Chairman** : It being prayer time, I think, the House shall have to be adjourned, but I had something like 17 speakers on the list for this morning. We have not been able to take even one, I don't know how long Mr. Soomro is going to take more.

**Mr. Ahmed Mian Soomro** : Fifteen minutes more Sir.

**Mr. Chairman** : But then it would become necessary to have an afternoon Session and I propose that we meet at 4.30 this afternoon, the House is adjourned till that. Thank you.

---

*(The House adjourned to meet again at 4.30 p.m.)*

---

*[The House re-assembled after interval at 4.30 p.m. Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair].*

---

**Mr. Chairman**: Mr. Soomro was completing his speech when we had to adjourn for prayers. So, please continue.

**Mr. Ahmed Mian Soomro**: Thank you, Sir.

Sir, in continuing my speech on the general principles of the Bill before us, I would like to point out certain other things:

First of all, regarding the Governors, I think, Sir, that the age of a Governor should be atleast 45 years because a Governor should be a person sufficiently mature. He, being not an elected representative, I think, formerly it was 40 years age, now it is reduced to 35 years. But my personal opinion would be that a Governor should be of at least 45 years of age. The Senate is a House where all the four provinces are equally represented, therefore, I suggest that the appointment of Governors of the Provinces should be ratified by it, by a majority vote. Further Sir, the election of Prime Minister and Chief Ministers should be by ballot to fulfil the real purpose for which the election is held. So, that without any fear or favour those elected representatives can elect their Prime Minister, as the case may be, or the Chief Minister. For Senators from Islamabad, Sir, they

[Mr. Ahmed Mian Soomro]

have written the word 'chosen' which should be elected. It is a very good amendment. I would suggest that they should be elected not in the way, on the orders of the President, but the electoral college for it again should be the entire Senate, which should represent all the four provinces and Islamabad being the Central Capital, represents all the four provinces and that is the reason behind why I suggested that the Senate Members from Islamabad should be elected by the Members elected to the Senate, before actually the swearing on etc., takes place. Sir, as far as the dissolution of the Assemblies is concerned Sir, I feel and I am sure the purpose behind it is very obvious. Before the President dissolves the National Assembly or the Governor dissolves the Provincial Assembly on the ground that other person is not able to have majority at present, he says that "in his opinion" a chance should be given to the Assembly concerned to elect another leader. After having passed a vote of no confidence against the previous Prime Minister or Chief Minister, a new leader may be elected who is able to carry the required majority; if they are not able to elect a leader by majority of the House then, the question of dissolution may come up on the ground that the affairs of the Federation or of the Provinces, as the case may be, can not be carried on in accordance with the Constitution. Then, it should not be the one Prime Minister or one Chief Minister, who is removed by a vote of confidence, could recommend the dissolution of the Assembly. This is not the proper object of a democratically elected representatives House.

All of us desire the sovereignty of the Parliament, a step in that direction has been taken already and, a number of hinderances have been removed. The Constitution, as amended, says "to remove any doubt It is clarified that the Parliament can pass any laws", but Sir, at the same time, Sixth Schedule should have been abolished, because Sixth Schedule is a part of the Constitution which says that laws mentioned in the Sixth Schedule cannot be altered without the previous sanction of the President. Now, Sir, that is against the sovereignty of the Parliament. I would, therefore, suggest that the Sixth Schedule should be withdrawn, and instead, the Seventh Schedule, which they have proposed, should be re-numbered accordingly.

**Mr. Chairman**: But the Sixth Schedule is a part of the Constitution, 1973.

**Mr. Ahmed Mian Soomro**: That is I am asking, to remove and the Seventh Schedule should be re-numbered as Sixth Schedule. Then, Sir, come to the powers of the Senate. In Principle, I think, and the President has initially very kindly told us that he was for giving powers to the Senate. The Senate, being the only House, having equal representation of all the four Provinces, which is essentially a Federal form of the Government and their powers need to be enhanced. Their committees need to be given powers to see that the administration of the Federation is run properly. I do not say that they should be treated on the same level as in the United States of America because there,the Senators are elected directly. Sir, if not to that extent at least,to a suitable extent, in the interest of the Federation the powers of the Senate and all its committees, should be enhanced. At present, the Senate has no say in fiscal matters. It is the fiscal matters which are very important. It is there that when the distribution of money takes place, the National Finance Commission must have representatives from the Senate.

Sir, a great thing which needs to be remedied immediately in the better interest of running the country and which is really a sory for the masses, *i.e.* corruption. It cannot be abolished practically but it can be substantially reduced because in the past years, it has gone up tremendously. And it has been admitted even by the higher authorities, that the rate of corruption has gone up. A person cannot get his right, his legitimate right, unless he has to pay for that. Corruption has almost been legalized. The Police Officers who are not usually wanted by their department, their names are recommended and they come to the department of anti-corruption at the investigation level. I think, they make here more money than they would make otherwise ... (*interruption*).

**Mr. Chairman**: Sorry for interruption. This is the function of law and not the function of the Constitution. I think at this stage if you kindly confine yourself to the principles of the Bill, it would save time.

**Mr. Ahmed Mian Soomro**: Certainly Sir, but I would submit that the Bill has been brought to change the very basis of Pakistan. We want Pakistan to become a welfare state. We all want that we

[Mr. Ahmed Mian Soomro]

should have an egalitarian society. We want that the exploitation of the masses should end. We want this corruption should end. And unless we are able to succeed in these things, I think mere passing laws will be of no effect, Sir, but I am bound by your directive and I shall do so. Now I will not touch any topic which you feel irrelevant or otherwise than the subject.

**Mr. Chairman**: Unless there is something in the Constitution, which stops you and the honourable Members from making those laws which you are pointing out, then I think those can be discussed separately, and not as a part of this Bill.

**Mr. Ahmed Mian Soomro**: Right Sir, at the end before I take my seat, I am grateful to you. I thank you and the House for hearing me very patiently.

میر حسین بخش بنگلزئی: تھینک یو ویری مچ سر۔ جناب چیئرمین اس وقت تو آٹھواں ترمیمی بل اس ہاؤس میں غور و خوض کے لیئے زیر بحث ہے اس سلسلے میں بحث میں حصہ لیتے ہوئے میں اپنی تقریر انگریزی کے چند مشہور و معروف جملوں سے شروع کرنا چاہوں گا۔

"Political Science without history has no root and history without Political Science has no fruit."

چونکہ سیاست اور تاریخ کا ایک گہرا تعلق ہے ہم حقائق کا تجزیہ اس وقت تک صحیح طور پر نہیں کر سکتے جب تک کہ ہمیں اپنے ملک کے تاریخی پس منظر کا علم نہ ہو۔ میں اس سلسلے میں کچھ گزارشات ایوان کے سامنے آپ کے توسط سے پیش کرنا چاہوں گا۔ اس وقت ہم جس دور سے گزر رہے ہیں۔ وہ مارشل لاء کا دور ہے۔ آج بہت تند و تیز تقریریں پارلیمنٹ کے فلور سے ہو رہی ہیں کہ مارشل لاء کو ہٹایا جائے اور فوراً مارشل لاء اٹھانے کی تاریخ اور وقت کا اعلان کر دیا جائے لیکن میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ سیاست کے اندر سب سے پہلی اور بنیادی چیز عمل کا اظہار ہے جب سیاسی لوگ کسی چیز کو کرتے ہیں تو اس کا عملی مظاہرہ بھی کرتے ہیں۔ اس سلسلے میں میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ اس ملک میں پہلی دفعہ ۱۹۵۸ء میں مارشل لاء لگا تو ۱۹۵۸ء کے مارشل لاء

کو سیاسی طور پر بلوچستان کے ہم غریب اور پسماندہ لوگوں نے پسند کیا اور نہ قبول کیا چنانچہ ہم نے اس مارشل لاء کے خلاف سیاسی احتجاج کیا اور اس سیاسی احتجاج کے نتیجے میں ہم نے مختلف حیثیتوں میں سزائیں پائیں۔ لوگ اس مارشل لاء کو چیلنج کرتے ہوئے پھانسی بھی چڑھے اس مارشل لاء کو چیلنج کرتے ہوئے لوگ جیلوں میں بھی گئے۔ ۱۹۵۸ء کے مارشل لاء کو میں نے بھی چیلنج کیا اور حیدرآباد جیل میں چلا گیا۔ اور یہ بات ذرا ذاتی بن رہی ہے کہ اس وقت میں نے سنٹرل جیل حیدرآباد سے ایک سیاسی قیدی کی حیثیت سے گریجویشن کیا۔ کہنے کا مقصد صرف یہ ہے کہ آیا لفاظی ہی ہماری remedy ہے یا عملی مظاہرہ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ جب عملی مظاہرے کا دور ہو اور اس وقت خاموش رہا جائے اور جب ایک چیز بالکل قریب آ رہی ہو اور اس وقت تدبر سے کام نہ لیا جائے تو یہ سیاسی بصیرت کے خلاف ہے۔

۱۹۵۸ء میں جب مارشل لاء لگا تو اس مارشل لاء کے بعد ہمارے اس ملک کے سیاسی رہنما اور سیاسی جماعتوں نے ایوب خان کے خلاف اس ملک میں ایک بہت بڑا ایجی ٹیشن سٹیج کیا۔ اس میں ہم بھی شامل تھے۔ لیکن اس ایجیٹیشن کے نتیجے میں ہم نے یعنی سیاست والوں نے یا سیاسی جماعتوں نے پاکستان کے اس وقت کے بارہ کروڑ عوام کو کیا دیا۔ میں اس کا تھوڑا سا تجزیہ کرنا چاہوں گا۔ اس وقت جناب ہمارے رہنما بڑے شدومد کے ساتھ یہ کہتے تھے کہ ایوب خان کے ہٹنے کے بعد اور اس مارشل لاء کے ہٹنے کے بعد ہم ملک میں دودھ کی نہر بہا دیں گے۔ وہ ایجی ٹیشن اتنا بڑا ایجی ٹیشن تھا کہ جس دن ہڑتال ہوتی تھی کراچی کی بندر روڈ پر بچے فٹ بال کھیلتے تھے۔ لیکن لوگوں کے اتنے بڑے سیاسی مظاہرے کے بعد بھی پاکستان کے عوام کو اگر کچھ ملا تو وہ جنرل یحییٰ خان کا مارشل لاء تھا۔ جنرل یحییٰ خان نے تمام سیاسی جماعتوں کے مطالبات کے پیش نظر دو کام ضرور کیے جس کی میں آج بھی تعریف کرتا ہوں۔ انہوں نے جنرل الیکشن کرائے اور انہوں نے ون یونٹ توڑا جو کہ چھوٹے صوبوں کی امنگوں کے عین مطابق تھا اور جنرل الیکشن پورے پاکستان کے عوام کی امنگوں کے مطابق تھا لیکن اس وقت پھر سیاسی جماعتوں نے ایک بہت بڑا ایجی ٹیشن شروع کیا اور جناب یہ ایجی ٹیشن اس وقت بنگلہ دیش سے شروع ہوا جسے مشرقی پاکستان کہا جاتا

[Mir Hussain Bukhsh Bangalzai]

تھا - ہم نے اپنے زعمائے کرام کو اپنے سیاسی اکابرین کو اس وقت بھی عرض کیا کہ اتنے بڑے اجیٹیشن کے نتیجے میں اس الیکشن کے نتیجے میں پاکستان کے بارہ کروڑ عوام کو سیاسی اور سماجی لحاظ سے کیا ملے گا اور اس وقت بھی یہی وعدہ دہرایا گیا کہ جیسے ہی الیکشنز ہوں گے جو کچھ اس ملک کے عوام کے مطالبات ہیں وہ سب کے سب بیک جنبش قلم اور بیک وقت پورے کیئے جائیں گے لیکن مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے اور یہ تاریخی حقائق ہیں کہ لوگوں نے جس جذبے کے ساتھ ان الیکشنز میں حصہ لیا عوامی نمائندوں کو کامیاب بنایا - اس کا نتیجہ خون خرابے کی شکل میں نکلا اور کسی دوسری حیثیت میں لوگوں نے اسے نہیں دیکھا اور اس الیکشن کے نتیجے میں ہمارا ایک بازو ہم سے ٹوٹ گیا - پاکستان کے دو ٹکڑے ہو گئے - یہ میں سیاسی پس منظر بتا رہا ہوں کہ کس حساب سے ہمارے ملک کو چلنا چاہیئے -

یہ بڑے تلخ حقائق ہیں - بنگلا دیش کے لوگوں کو ان کی تحریک کے دوران اس بات کی یقین دہانی کرائی گئی کہ آزادی سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں اور ظاہر سی بات ہے کہ دنیا کا ہر انسان جب آزاد پیدا ہوتا ہے تو وہ آزاد ہی رہنا چاہتا ہے - لیکن بنگلہ دیش کی شکل میں آزادی حاصل کرنے کے بعد، اگرچہ ان کی آزادی کو ہم نے تسلیم بھی کیا ہے، آیا وہ سماجی سیاسی اور معاشرتی تبدیلی جس کی پیشن گوئی ان کے ساتھ کی گئی تھی کیا آج بنگلہ دیش کے عوام ان چیزوں سے لطف اندوز ہو رہے ہیں یا وہ مارشل لاء کے نیچے رہ رہے ہیں - ظاہر سی بات ہے کہ وہ آج بھی مارشل لاء کے نیچے ہیں - اس آزادی کا فائدہ اس پولیٹیکل ایجی ٹیشن کا فائدہ صرف یہی ملا کہ آزادی کے نام پر لوگوں کو exploit کر کے انکو سسٹم کے شکنجے کے حوالے کیا جا رہا ہے -

جناب والا! اس کے بعد جب اسلام آباد کے اندر اس جمہوری دور میں یہ ۱۹۷۰ کے الیکشن کے بعد کی بات میں کہہ رہا ہوں ہمارے بلند آواز میں چلانے والے راہنما مارشل لاء کے آخری منٹوں کو گن رہے تھے کہ کتنے منٹس کے بعد یا کتنے گھنٹوں کے بعد مارشل لاء اٹھایا جائے گا وہ اس وقت اسلام آباد میں وزارتوں کے مزے اڑا رہے تھے اور بلوچستان کے نہتے عوام پر بمباری ہو رہی تھی - بلوچستان کے پہاڑ اور ایک ایک پتھر اس بات کے چشم دید گواہ ہیں کہ اس جمہوریت نے بلوچستان کے

عوام کو سوائے گولی کے اور کچھ نہیں دیا اور اس پر بھی بس نہیں کیا گیا بلکہ اس جمہوری دور کے زعماء نے ایران سے ہیلی کاپٹر منگوا کر بلوچستان کے اوپر بمباری کروائی شاید پاکستانی آدمی کافی نہیں تھی۔ جمہوریت نے ہمیں یہ کچھ دیا حضور۔ ہم نے اس کو بھی چیلنج کیا اور اچھی طرح چیلنج کیا۔ ہم نے جائیدادیں ضبط کروائیں ہم جیلوں میں گئے ہم گولیوں کے نشانے بن گئے میں خود دو سال out law رہا ہوں۔ حضور لیکن یہ بڑے تلخ حقائق ہیں جو اس اسمبلی کے سامنے میں پیش کرنا چاہتا ہوں اسی پس منظر کے ساتھ کہ اس ملک کے اندر جب عوامی تحریک نے momentum پکڑا اور رہنما اس کو آسمان تک لے گئے اس کے بعد اس ملک کی پبلک کو اس کے نتیجے میں کیا ملا۔

اس کے بعد ۱۹۷۷ء میں جناب جب مارشل لاء لگا اور اس مارشل لاء کے نتیجے میں مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ پاکستان کے ہر گلی اور کوچے اور شہر کو یہ بات اچھی طرح یاد ہے کہ نوستاروں کے ذریعے سے اس ملک کی سیاسی سٹیج پر جو رہنما نمودار ہوئے ان کی سیاست کے نتیجے میں اس ملک کے اندر مارشل لاء لگا نوستاروں کی سیاست پاکستان کے آٹھ کروڑ عوام کو صرف نو سال کا مارشل لاء ہی دے سکی باقی کچھ نہیں کیا۔ جناب والا! مجھے وہ دن بھی یاد ہے جب ۱۹۷۷ء میں مارشل لاء لگا تو لوگوں نے یوم نجات منایا۔ مجھے وہ دن بھی یاد ہے جب ۱۹۷۷ء میں مارشل لاء لگا تو لوگوں نے خوشیاں منائیں دیگیں پکائیں، مٹھائی بٹی جناب لیکن اس وقت بھی ہم نے میں یہ فخر سے کہتا ہوں کہ پورے پاکستان سے چار آدمی ہیں لیکن بلوچستان سے میں واحد آدمی تھا جنہوں نے اسی مارشل لاء کو بلوچستان ہائی کورٹ میں چیلنج کیا اور یہ ریکارڈ کی بات ہے اسی مارشل لاء کے خلاف جناب میں گیا تھا۔ یہ اس وقت کی بات ہے جب کہ لوگوں نے اس مارشل لاء کو نجات دہندہ کہا، یوم نجات منایا، دیگیں پکائیں اور مٹھائیاں تقسیم کیں لیکن ہم نے اس کو ہائی کورٹ میں چیلنج کیا۔

جناب والا! میں انہی معروضات کے ساتھ یہ گزارش کرنا چاہتا تھا کہ جب کبھی بھی عوامی تحریکیں اس ملک میں اٹھیں، اور سیاسی پلیٹ فارمز پر انتہائی مضبوط انداز میں چلیں تو نتیجتاً پاکستان کے غریب عوام کو کچھ نہیں ملا یہ کم از کم ایک ایسی

[Mir Hussain Bukhsh Bangalzai]

تاریخی حقیقت ہے جس کا میں خود ایک گواہ ہوں۔ میں ان گزارشات کے ساتھ آپ کی خدمت میں یہ بات عرض کرنا چاہوں گا کہ ہم سیاسی طور پر کچھ اصول رکھتے ہیں حضور اور ان اصولوں میں سے پہلا اصول پاکستان کی سلامتی اس کا استحکام، پاکستان کے آٹھ کروڑ عوام کی خوشحالی اور ان کی آزادی ہے یہ وہ باتیں ہیں کہ جن لوگوں نے ان کو پیش نظر رکھا اور جن لوگوں نے ان اصولوں کو اپنایا ہماری طرف سے انہیں بھرپور حمایت حاصل رہی اور اللہ کے فضل سے میں دامن پاک رکھتا ہوں اور یہ بھی فخر سے کہتا ہوں کہ ۱۹۷۱ سے ۱۹۷۷ تک تمام پاکستان کے سیاست دانوں کا احتساب ہوا جن لوگوں نے یہ نعرہ بلند کیا تھا کہ پہلے احتساب اور پھر انتخاب۔ اس احتساب میں بغیر کسی compromise کے پہلی لسٹ جو ۱۰۲ سیاست دانوں کے clear ہونے کی نکلی ان سیاست دانوں میں سے ایک میں آپ کی خدمت میں کھڑا ہوں ہم نے اپنی زندگی میں سیاست کا ہر صاف ستھرا حساب کتاب رکھا ہے حضور۔ میں نے اپنی تاریخ کو اس لیے کھولا ہے کہ حضور سیاسی پس منظر میں عرض کرنا چاہتا تھا کہ اس کا سیاسی پس منظر میں لوگوں کو کیا کچھ ملا۔ ہم تو کچھ نہیں دے سکے اگر آج یہ شکایت ہو کہ پولیس Currupt ہے، معاشرہ کرپٹ ہے اور آفیسرز currupt ہیں تو میں انتہائی ادب کے ساتھ یہ پوچھنا چاہوں گا کہ کیا معاشرہ کی ان پوری خرابیوں کی ذمہ دار قوم ہے کم از کم میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ جو لوگ معاشرے کے اندر ان خرابیوں کے ذمہ دار ہیں ان میں سے ایک individual کی حیثیت سے پہلا آدمی میں ہوں۔ اس لیے میں یہ سمجھتا ہوں کہ پاکستان کا ہر شہری ہے خواہ وہ آفیسر ہے خواہ وہ طالب علم ہے خواہ وہ زمیندار ہے خواہ وہ کسان ہے خواہ وہ کسی حیثیت میں ہے وہ اس معاشرے میں رہا ہے وہ ان خرابیوں کا ذمہ دار ہے کوئی شخص اپنے کو بری نہیں کر سکتا آج تک ان ۳۷ برسوں میں ہم نے برائیوں سے پاک معاشرہ قائم کرنے کی شاید ایماندارانہ انداز سے کوشش نہیں کی اور اس کا یہ نتیجہ ہے کہ ہمارے پورے معاشرے کے لیے اس فلور کے اوپر کہا جا رہا ہے کہ یہ currupt ہے۔

اب میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ اگر پاکستان کا پورا معاشرہ اچھا ہے تو یہ تو credit آپکا ہے اور اگر یہ پورا معاشرہ خراب ہے تو یہ discredit بھی آپ کا ہے۔ جب تک انسان اس معاشرے میں رہ کر اپنی ذمہ داری کو قبول نہ کرے اس وقت تک اس معاشرے میں صحیح role play نہیں کر سکتا میں یہ سمجھتا ہوں اور میں یہ عرض کروں گا کہ آیئے پاکستان کے ایک ایماندار اور شریف شہری کی حیثیت سے اس فلور پر یہ وعدہ کریں کہ یہ ہمارا ملک ہے۔ یہ ہمارا معاشرہ ہے۔ اس معاشرے کی تمام اچھائیوں اور برائیوں کے ہم ذمہ دار ہیں اور اس معاشرے کو صاف ستھرا رکھنے اور اسے بہتر بنانے کے بھی ہم ذمہ دار ہیں اس لیئے اس کو بہتر بنانے کی کوشش کریں گے۔

میں اس پس منظر میں مختصراً یہ بیان کرنا چاہتا تھا کہ جب ہم نے مارشل لاء کو رکاوٹ دیکھا تو اس کو ہم نے چیلنج کیا اور جب ہم نے اس بات کو سمجھا اور حکومت کی طرف سے یہ اعلان ہوا کہ اس ملک میں پہلے ریفرنڈم ہوگا اور اس کے بعد الیکشن ہوں گے۔ جب ہم سیاسی طور پر یہ سمجھتے ہیں کہ بیلٹ ہی سب کچھ ہے۔ لوگوں کی رائے ہی سب کچھ ہے تو اس وقت ہمیں اس بات کا فیصلہ کرنا چاہیئے تھا کہ آیا ہم اس کا بائیکاٹ کر کے اس ملک کو سیاسی طور پر فائدہ پہنچا سکتے ہیں یا اس الیکشن میں حصہ لے کر ملک کو سیاسی طور پر فائدہ پہنچا سکیں گے۔ اب اس صورت میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ ریفرنڈم کے نتیجے میں اس ملک میں الیکشن ہوں گے تو ہم نے اس ریفرنڈم میں بھرپور انداز میں حصہ لیا اور اس کے نتیجے میں یہ الیکشن "فیئر الیکشن" اس ملک میں ہوئے اور ان الیکشنز کا نتیجہ ہے کہ آج آپ ادھر تشریف فرما ہیں اور قوم کی نمائندگی کر رہے ہیں۔

جناب والا! میں اس سلسلے میں یہ عرض کرنا چاہوں گا اور سیاسی تاریخی پس منظر میں جو کچھ ہم نے study کیا اور جو کچھ دیکھا اس سلسلے میں آپ کی وساطت سے اس ہاؤس کے سامنے عرض کرتا ہوں کہ پولیٹیکل پارٹیوں نے اس ملک کو سیاسی طور پر کم از کم کوئی solid اور concrete فائدہ نہیں پہنچایا۔ اس کا قطعاً یہ مطلب نہیں ہے کہ میں

[Mir Hussain Bukhsh Bangalzai]

سیاست کے خلاف ہوں لیکن سوال یہ ہے کہ اس وقت جس انداز میں اسمبلی سے باہر ایک پولیٹیکل سٹیج بنایا جا رہا ہے یا جو پولیٹیکل سٹیج ترتیب دیا جا رہا ہے آیا اس کشمکش کا نتیجہ، ماضی کی طرح کسی اور مارشل لاء کی شکل میں پبلک کے سامنے تو نہیں آئے گا۔ لہذا اس بات سے بچنے کے لیئے یہ ایک انتہائی مناسب وقت ہے کہ سینٹ کے فلور پر جو مدبر حضرات سینیٹر حضرات، جو پر خلوص سیاست دان تشریف فرما ہیں وہ ان حالات کے نتیجے میں، ان حالات کو study کر کے اس بل کو پاس کریں میں اپنی رائے کے مطابق ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ قومی اسمبلی نے چھ/سات ہفتے کی بحث و مباحثہ کے بعد جو آٹھواں ترمیمی بل پاس کیا ہے۔ ہمیں اس بل کو پاس کرنا چاہیئے تاکہ یہ بل مارشل لاء کے خاتمے کے لیئے ایک جواز بن سکے۔

میں سمجھتا ہوں کہ یہاں اتنے بڑے مدبر اور اتنے اچھے لوگ تشریف فرما ہیں ان کے ذہنوں میں ضرور اور ضرور بہت ساری ترامیم ہوں گی، بہت ساری اچھی، شائستہ اور شستہ تجاویز ہوں گی میں ان کو condemn نہیں کر رہا ہوں۔ میں اس کے خلاف نہیں بول رہا ہوں یہ بڑی اچھی تجویزیں ہوں گی۔ لیکن کیا ان تجویزوں کو پیش کرنے کا انداز اور ان کو پیش کرنے کا یہی ایک proper یعنی مناسب وقت ہے یا ان حالات سے نکلنے کے بعد ان کو نویں ترمیمی بل کی شکل میں پیش کرنا بہتر نہ رہے گا اور وہ مناسب وقت نہ ہو گا۔ میری ذاتی رائے یہ ہے کہ نویں ترمیمی بل میں ہم ان تجاویز کو سمو سکتے ہیں۔ ہم بھی خالی ذہن نہیں ہیں، ظاہر بات ہے کہ بجائے آج کے اگر ان تجویزوں کو ہم نویں ترمیمی بل میں سمو سکیں اور پھر ان کو نیشنل اسمبلی اور سینٹ سے پاس کروا لیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ زیادہ مناسب وقت ہو گا۔

جناب چیئرمین! اس بل پر بولنے والے بہت سارے اراکین ہیں اس لیے میں مختصراً اس سلسلے میں کچھ گزارشات اور کرنا چاہوں گا۔ جہاں تک اسلامی نظام کا تعلق ہے ہم سب اللہ کے فضل و کرم سے مسلمان ہیں۔ اور جو بڑی خوشی کی بات ہے کہ کل اس سلسلے میں مولانا کوثر نیازی صاحب کی طرف سے ایک تجویز پیش ہوئی کہ لاہور ایئرپورٹ کا نام علامہ اقبال کے نام سے منسوب کیا جائے۔ علامہ اقبال نے جس انداز میں

اہالیان اسلام کو پیغام دیا ہے میں یہ پیغام ان کے الفاظ میں، اور ان کے اشعار میں آپ کی خدمت میں عرض کروں گا۔ انہوں نے کھل کر یہ بات کہی ہے اور قوم کو مخاطب کر کے یہ کہا ہے کہ

بہ بند صوفی و ملا اسیری
حیات از حکمت قرآں نگیری
با آیاتش ترا کارے جز ایں نیست
کہ از یاسین او آساں بمیری

ہمیں آج قرآن پاک کی اس حکمت کی ضرورت ہے۔ وہ حکمت کہ جس کے اندر مساوات ہو جس کے اندر شرافت ہو، جس کے اندر ایمانداری ہو، جس کے اندر معاشرتی، اخلاقی پاکیزگی ہو۔ جس کے اندر تمام اسلامی تعلیمات ہوں، اس سے ہم کچھ سیکھ سکتے ہیں۔

اس کے علاوہ میں آپ کی خدمت میں یہ بھی عرض کرنا چاہوں گا۔ کہ علامہ اقبال نے مسلمانوں کو وہ تعلیم دی ہے جس سے کہ ہم پوری دنیا کو attract کر سکتے ہیں۔ ان کا ارشاد ہے۔

او بفکر مرکز و تو در نفاق
بگزر از شام و فلسطین و عراق
مے نہ گنجد آنکہ گفت اللہ ہو
در حدود ایں نظام چار سو

علامہ اقبال کی تعلیم کا درس پورے عالم اسلام کے لیئے ہے۔ اگر ہم سب مسلمانوں کو اکٹھا کر سکتے ہیں تو اس کے لیئے اسلامی تعلیم ہی واحد ذریعہ ہے۔ میں ذاتی طور پر آپ کی وساطت سے معزز اراکین کی خدمت میں یہ گزارش کروں گا کہ اس آٹھویں ترمیمی بل کو جس انداز سے جس صورت میں یہ اسمبلی سے پاس ہو کر آیا ہے اسی انداز میں اور اسی صورت میں ہم منظور کر لیں۔

اس کے علاوہ جناب والا، اس معاشرے کے اندر جو دنیا بھر کی برائیاں گنوائی جا رہی ہیں ان سب کے ہم ذمہ دار ہیں اس لیئے آیئے ہم اس بات کا عہد کریں کہ ہم اس معاشرے کو

ان تمام برائیوں سے پاک کریں گے اور پاکستان کو دنیا میں ایک نمونہ کے طور پر ایک مثالی ملک بنا کر پیش کریں گے ۔ شکریہ جناب چیئرمین ۔

جناب چیئرمین ۔ قاضی حسین احمد صاحب ۔

قاضی حسین احمد : جناب میں نے اپنا نام آٹھویں نمبر پہ لکھوایا تھا ۔

جناب چیئرمین : وہ تو ٹھیک ہے لیکن غالباً پروفیسر خورشید احمد صاحب نے کہا تھا کہ آپ ان کی جگہ پہلے تقریر کرنے کے لیئے تیار رہیں ۔

قاضی حسین احمد : جناب آپ کچھ اور لوگوں کو موقع دے دیں اور مجھے ذرا بعد میں وقت دے دیں ۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے جناب شاد محمد خان صاحب

جناب شاد محمد خان : جناب چیئرمین صاحب ! قبل اس کے کہ میں شق وار گفتگو کرنے کی طرف قدم اٹھاؤں ۔ یہ باتیں جو کئی دنوں سے یہاں سنی جا رہی ہیں وہ مایوس کن بھی ہیں اور کسی حد تک حوصلہ افزا بھی ۔ جناب والا ! پہلی بات تو یہ ہے کہ آیا اس ترمیم کو قومی اسمبلی نے کافی لے دے کے بعد اتفاق رائے سے منظور کیا ہے جو نہایت ہی قابل تعریف اور قابل ستائش اقدام ہے ۔ اس وقت بعض حضرات قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران بڑی دلچسپی سے اس میں حصہ لیتے ہوئے فخر سے کہہ رہے تھے کہ ہم نے بڑی خدمت کی ہے نیشنل اسمبلی کو ایک مقام پر لا کر کھڑا کر دیا ہے اور یہ ترمیمات جو اتفاق رائے سے پاس کی گئی ہیں یہ قوم کے لیئے ایک تحفہ ہیں اور یہ تبریک ہیں اس پر ہمیں فخر کرنا چاہیئے لیکن آج جب ایوان بالا میں یہ بات سامنے آئی ہے تو نظریہ کچھ الٹ سا گیا ہے اور اس میں جو پیش رفت ہونی چاہیئے تھی اس کی بجائے طرح طرح کی رکاوٹیں ڈال کر اس ایوان کے کام میں رکاوٹ ڈالی جا رہی ہے ۔ جناب والا ! اگر واقعی یہ مارشل لاء سے نجات دلانے کے لیئے ایک اہم قدم ہے تو اسے لبیک کہتے ہوئے اس ایوان بالا کو ان ترمیمات کو من و عن تسلیم کر کے مزید وقت ضائع نہیں کرنا چاہیئے تاکہ اس میں مزید پیش رفت ہو اور ہم اس مقام پہ پہنچ جائیں جس کا وعدہ صدر صاحب اور وزیر اعظم صاحب نے کیا ہے تاکہ اس ملک کو مارشل لاء کی لعنت سے نجات مل سکے

بہرکیف بعض اختلافی صورتیں سامنے آتی رہتی ہیں اب یہ بات سامنے آ گئی ہے تو میں مختصراً چند شقوں کے متعلق عرض کروں گا کہ انڈیمنٹی بل کی شق جو سب سے آخر میں آ رہی ہے میں اس کو سب سے پہلے اس لیئے لوں گا کہ اس انڈیمنٹی بل میں کچھ ترمیمات پیش کر کے اور اس میں رد و بدل کر کے ہم قوم کی خدمت کر رہے ہیں یا قوم کے ساتھ زیادتی کر رہے ہیں۔ اگر ہم ان اقدامات کو validate نہیں کریں گے تو کیا ہمیں contradiction کیصورت میں مزید انتظار نہیں کرنا پڑے گا کہ مارشل لاء بدستور جاری رہے۔ جناب والا! ٹھیک ہے کہ مارشل لاء کے ضمن میں کسی کو بھی یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ یہ کام صحیح ہوا ہے یا غلط ہوا ہے۔ اب اس پر ہمیں سوچنا چاہیئے کہ ہم اگر کوئی ترمیم کر دیں۔ تو یہ کہیں کہ اس میں گنجائش رکھیں تو اس کے نتائج کیا ہوں گے۔ کیا ہم اس ملک کو ایک اور بغاوت سے دو چار کرنا چاہتے ہیں پاکستان کا جو ایک طیارہ اغوا ہوا ہے اس میں مفرور ملزم پکڑے گئے انہیں سزائیں دی گئیں ان میں سے بعض قید بھی ہو گئے کیا اس انڈیمنٹی کی رو سے ان سیاست دانوں کو وہ موقع پھر دینا پڑے گا تا کہ ملک مزید بحران کا شکار ہو۔ کیا جناب والا آج تخریب کار جو افغانستان میں تربیت پا کر آتے ہیں ہمارے گھروں میں یہ تباہی بربادی مچاتے ہیں جو ایک سیاسی پارٹی سے منسلک ہیں انہیں پھر موقع دیا جائے ان کا دروازہ پھر کھل جائے گا تا کہ مزید بحران ہو۔ کیا جناب والا وہ ڈکیت یا وہ ڈاکو لوگ جو ڈھوک کھبہ کیس کی طرح کی وارداتیں کر رہے ہیں اگر ان کو سزائیں مل چکی ہیں اور ان کو ہم validate نہیں کریں گے تو کیا کریں گے کیا ان کو پھر موقع دیا جائے کہ وہ بدمعاش سامنے آئیں اس کی آڑ لے کر ان کیسوں سے اپنے آپ کو نکال کر پھر بدمعاشی کا دور دورہ کریں۔

اسی طرح جناب والا ہیروئن کے کاروبار میں جو لوگ ملوث ہیں اور حکومت کا مصمم ارادہ ہے کہ ان کو ہم کچل دیں گے لیکن ان کو بڑے بڑے لوگوں کی سرپرستی حاصل ہے اور اس کا بھی آپ کو پتہ ہے کہ وہ لوگ جیلوں میں گل سڑ رہے ہیں لیکن کل وہ کسی سیاسی پارٹی سے اپنے آپ کو منسلک کر کے اپنے روپ میں آ گئے آئیں گے تو کیا ہم اپنی قوم کے ساتھ یہ ظلم نہیں کریں گے کہ ان لوگوں کو

[Mr. Shad Mohammad Khan]

ہم پشت پناہی دیتے ہوئے review کا ایک دروازہ کھول دیں گے ہٰذا میں جناب والا! یہ تجویز کروں گا کہ انڈیمنٹی کی شق پر زیادہ وقت ضائع نہیں کرنا چاہیے اور اس لیئے اس کی من وعن تائید کرنی چاہیئے تاکہ ہمیں کسی نہ کسی طرح مارشل لاء سے نجات حاصل ہو۔

اس کے بعد جناب والا! اسی قومی اسمبلی نے جس کی تعریفیں کرتے ہوئے ہم (رطب اللسان) تھے انہوں نے سینٹ کی میعاد بھی تو بڑھائی ہے کسی کی تین سال ہو جائے گی کسی کی ۶ سال ہو جائے گی کیا وہ لوگ اس کا برا نہ مانیں گے کہ ہم نے ان کے ساتھ نیکی کی ہے ہمارے ساتھ انہوں نے نیکی نہیں کی کہ بل کو ہم نے تو پاس کیا ہے لیکن انہوں نے پاس نہیں کیا اس لیئے بھی زیادتی اس ہاؤس سے ہو گی کہ اس کی ترمیم کے ساتھ جیسا کہ ہم نے آپ کے ساتھ رعایت کی ہے اس سے آپ فائدہ اٹھائیں کیا ہم یہ رعایت نہیں لینا چاہتے؟ آخر میں صوبائی خود مختاری، جناب والا! ٹھیک ہے موضوع سخن بنا ہوا ہے اور پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے کہ صوبائی خود مختاری کو زد پہنچی ہے۔ جہاں تک میں سمجھتا ہوں جناب والا! اس میں کوئی نقص ہی نہیں ہے اور اسے صرف exploit کیا جا رہا ہے ہٰذا اس شق میں بالکل ٹھیک ترمیم ہوئی ہے۔ میں اس کی تائید کرتا ہوں۔ اس کے علاوہ جناب والا دیگر ترمیمات کے بارے میں یہ شور بھی کیا جا رہا ہے کہ لفظ "مسلم" نہیں ہے ٹھیک ہے بعض اوقات غلطی سے رہ بھی جاتا ہے اسکی درستی بعد میں بھی ہو سکتی ہے اس کو مذہبی طور سے exploit کرنا اچھا نہیں ہے ایک سوچی سمجھی بات ہے کہ اس ملک میں مسلمان کے علاوہ کوئی وزیر اعظم ہو ہی نہیں سکتا اور حلف نامے میں یہ بات موجود ہے کہ جب حلف اٹھایا جائے تو وہ یہ بات ضرور کہے کہ میں مسلمان ہوں۔

جہاں تک اختیارات کا تعلق ہے۔ میں جناب والا! اس پہ لبیک کہتا ہوں۔ میں نے وہ دور بھی دیکھا ہے وزیر اعظم کو زیادہ اختیارات دیکر autocrate بنایا گیا تھا وہ جو بھی جی میں آتا تھا کر گزرتا تھا ہٰذا اختیارات میں توازن پیدا کر کے اس ہاؤس کا یا پارلیمنٹ کا جو اختیار ہے وہ بالا ہو گیا ہے اس میں ان کے اختیارات اور زیادہ ہو گئے ہیں تو جناب والا میں کہوں گا کہ اس ترمیم کو من وعن تسلیم کر کے

نئی ترامیم کے لیئے نیئے موضوعات بنائے جائیں تاکہ اسے پاس کر کے ہم اس قوم پر احسان کریں اور مارشل لاء سے نجات ملے۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: ایوان کو نماز مغرب کے لیئے ۶ بجے تک ملتوی کیا جاتا ہے۔

------

(The House adjourned for 'Maghrab Prayers').

------

[The House re-assembled after Maghrab Prayers', Mr Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan), in the Chair].

جناب چیئرمین: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

We were insearch of the next speaker before we dispersed for Maghrab prayers. Now, who is going to speak? Mir Nabi Bakhsh, would you be ready to speak.

میر نبی بخش زہری: میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ ہم لوگ آج کیبنٹوں کے انتخابات میں تھے مجھے کل موقع دیں تو میں آپ کا شکرگزار ہوں گا۔

جناب چیئرمین: میں کوشش کروں گا کہ موقع سب کو دوں۔ صرف اتنا سوال ہے کہ جنہوں نے زیادہ بولنا ہے یا زیادہ وقت تک بولنا ہے میرے خیال میں وہ اس وقت کا فائدہ اٹھائیں۔ وگرنہ جیسے یہ کارروائی چلتی جائے گی وقت تنگ ہوتا جائے گا اور غالباً پھر ہمیں وقت کی راشن بندی کرنا پڑے گی ابھی میں یہ نہیں کہتا میرا کوئی ارادہ نہیں ہے کہ ابھی راشن بندی کریں لیکن یہ ایک بات اپنے ذہن میں رکھیں۔ ویسے جو کل بولنا چاہتے ہیں تو فبہا کل بولیئے۔

میر نبی بخش زہری: اگر راشن بندی کے خطرات ہیں۔ اگر وہ حساب ہے تو میں پھر ابھی سے شروع کر دوں گا۔

جناب چیئرمین: میرے خیال سے ابھی سے شروع کر دیں تو بہتر ہو گا۔

میر تاج بخش زہری: گو کہ میں اتنا تیار نہیں ہوں پر جناب کی مرحمت ہے عزت مآب ہمارے چیئرمین کی مرحمت ہے چونکہ ابھی راشن بندی نہیں ہے انشاء اللہ خوراک کے لیے آٹا زیادہ ملے گا تو میں ابھی عرض کروں گا ۔ جناب عزت مآب چیئرمین صاحب! آج ہم ایک اہم ترمیمی بل کے متعلق بحث کر رہے ہیں اور ہر ایک معزز ممبر نے اس سے بیشتر اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے اور میں انہیں مبارک باد دیتا ہوں خاص طور پر مسٹر سومرو کو گو کہ میں یہاں نہیں تھا میں نے سنا اور تقریر کے آخر میں انہوں نے جو چند تجاویز دیں میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے بڑے اچھے انداز میں اپنے خیالات کا اظہار کیا یہ الگ بات ہے کہ ہر ایک کی رائے اپنی ہوتی ہے پر کسی کی خوبی کی تعریف کرنا گناہ نہیں ہے بلکہ ثواب ہے سر۔ میں ابتدا کرتا ہوں

اس شعر سے۔ میری شاعر و شاعری کی یادداشت میں اب کمی ہو رہی ہے مگر میں کچھ لکھ کر اس میں دیکھتا ہوں کہ شاید میں کسی طرح سے اس کو پیش کر سکوں۔

آج ہم اپنی پریشانی خاطر ان سے
کہنے جاتے تو ہیں، پر دیکھیے کیا کہتے ہیں

جناب والا! نیشنل اسمبلی کے معزز اراکین نے جو آٹھواں ترمیمی بل پاس کر کے ہمارے پاس بھیجا ہے ۔ یقیناً میں مجبور ہوں کہ یہ کہوں کہ انہوں نے بڑی محنت کی ہے اور ساتھ ساتھ صدر مملکت اور وزیر اعظم نے بھی اس محنت میں شرکت کی ہے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اتفاق رائے سے انہوں نے ایک بل پاس کر کے سینٹ کو بھیجا ہے جو کہ زیر غور ہے ۔ اب میں چاہتا ہوں کہ جناب کی توجہ اس طرف مبذول کراؤں کہ کچھ ہمارے دوستوں نے بل سے ہٹ کر بھی کچھ کہا ہے ۔ تاکہ آپ کی وساطت سے اس ایوان میں ان واقعات کا علم ہو سکے ۔

جناب والا! جہاں تک مارشل لاء کا تعلق ہے ۔ یقیناً جمہوریت پسند ممالک میں جمہوریت کے جو علمبردار ہیں، جمہوریت کے ورکر ہیں وہ اسے پسند نہیں کرتے جو مارشل لاء ۷ اکتوبر ۱۹۵۸ء میں فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نے لگایا تھا اس کے بعد ۲۷ اکتوبر کو مرحوم سکندر مرزا گرفتار ہوئے تھے اس کے بعد مکمل طور پر

مارشل لاء جاری رہا۔ جہاں تک فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کا تعلق ہے ان کے
قریب رہنے کا مجھے موقع ملا ہے جیسے کہ ہم آج جناب کے قریب ہیں۔ ہیں اس
وقت پہلے پراونشل اسمبلی کا ممبر تھا اور پھر نیشنل اسمبلی کا بھی ممبر بنا۔ ۱۹۸۵
میں جو کہ فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کا سخت ترین مارشل لاء تھا کسی وجہ سے
زہری قبیلہ نے اس کی مخالفت کی۔ چھ مہینے بلوچستان میں ملٹری سے جنگ و جدل
جاری رہی۔ بہرحال چند اچھے لوگ درمیان میں آگئے۔ ہمارے نواب فیروز خان
سے مل کر قرآن شریف پر فیصلہ ہوا کہ وہ ہمارے ساتھ تعاون کریں ان کو کوئی
نقصان نہیں پہنچایا جائے گا۔ چونکہ یہ پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم ترین مسئلہ ہے
اس لیے عرض کر رہا ہوں۔ اس وقت نواب فیروز خان نے اپنے زہری قبیلہ کے دوسرے
ساتھیوں سے مشورہ کر کے فوج کے ساتھ جنگ بند کر دی اور ان کو کوئٹہ میں لے آئے
یہ فیصلہ زہری قبیلہ اور اور میجر جنرل ریاض صاحب جو کہ اس وقت بریگیڈیر تھے
اور اس آپریشن کے انچارج تھے ان کے ساتھ اور ان کے ماتحت ساتھیوں کے ساتھ
ہوا تھا کہ جنگ ختم ہونے پر ہم ایک دوسرے کو نقصان نہیں پہنچائیں گے۔ مختصراً
عرض کرتا ہوں کہ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ نواب فیروز خان کو پھانسی دے دی گئی اس کے
بیٹے، میر بیٹے خان کو پھانسی دی گئی اس کے علاوہ ہمارے زہری قبیلہ کے پانچ آدمیوں کو
پھانسی دی گئی ان کی قبریں آج تک موجود ہیں جن کو ہم شہیدانِ ملک کہتے ہیں۔ بہرحال
میں یہ clearification کرنا چاہتا تھا جو میں نے پیش کر دی ہے لیکن زہری خاندان ہمیشہ
ہی پاکستان کے ساتھ رہا ہے اور آج بھی ساتھ ہے اور انشاء اللہ مجھے امید ہے
کہ آئندہ بھی پاکستان کے ساتھ رہے گا پاکستان کی سلامتی کے لیے ہم اپنی جان اپنا
مال پیش کرتے ہیں۔

اب جناب والا! میں اس بل پر آتا ہوں۔ اس میں کیا تجویز کرنا چاہتے ہیں۔ اگر
ہم اس بل میں ترمیم کریں گے تو یہ بل یہاں سے پاس ہونے کے بعد پھر منظوری کے
لیے نیشنل اسمبلی کے پاس جائے گا۔ میرے خیال میں اس بل پر نیشنل اسمبلی نے بڑی
محنت کی ہے۔ یہ بات درست ہے کہ اس بل میں کئی ایسی شقیں ہیں جن پر غور

[Mir Nabi Bukhsh Zehri]

کرنے کی ضرورت ہے ۔ اور جو مناسب ترامیم ہوں وہ کی جائیں ۔ اس سلسلے میں ہم نے وزیر اعظم پاکستان سے بات چیت کی ہے ۔ ہمیں یہ کہا گیا ہے کہ ترمیم کے متعلق ہماری جو تجاویز ہیں ہم ان کو پیش کریں یہ فیصلہ ہمارا officially نہیں ہوا بلکہ privately ہوا ہے اسلئے ان کی خدمت میں بعض دوستوں نے تجاویز پیش کی ہیں اور بعض پیش کر رہے ہیں ۔ اس مسئلہ پر ہمیں مل بیٹھ کر یہ فیصلہ کرنا ہے کہ آیا ان ترامیم کی بہت ضرورت ہے اگر بہت ضرورت نہیں تو اس صورت میں یہ فیصلہ کرنا ہے کہ آیا ان کو اس آٹھویں ترمیمی بل میں سمویا جائے یا جو نواں ترمیمی بل لایا جائے گا مصلحت کے تحت اس میں سمویا جائے ۔ اس لیے اگر آپ اتفاق کریں تو یہ طریقہ اختیار کیا جائے ۔

اس کے بعد اب میں آپ کی خدمت میں چند پوائنٹس پیش کرتا ہوں ۔ ایک چیز تو یہ ہے کہ اس وقت سینٹ کے جو اختیارات ہیں وہ نہ ہونے کے برابر ہیں یہ الگ بات ہے کہ جو بل ہمارے پاس آتا ہے اس میں ہمیں یہ اختیار ہے کہ اس کو کس حد تک اور کتنے دن تک لے جائیں اس کو پاس کریں یا اس میں ترمیم کریں یہ اختیارات ہمارے پاس ضرور ہیں ۔

جناب والا ! یہ ایسے ہی ہے جس طرح شکاری پرندوں کے شکار کے لیے جاتے ہیں، ایک جگہ وہ اپنا جال پھیلا دیتے ہیں ۔ جس کو فارسی میں دام کہتے ہیں، جو کہ آپ جانتے ہیں ۔ جال ڈالنے سے پہلے اس میں شکاری کچھ دانے غلے کے یا کسی اور چیز کے ڈال دیتے ہیں ۔ یہ دانے کھانے کے لیے پرندے جال میں آتے ہیں ۔ یہ دانے جال کے اگلے حصے میں ڈالے جاتے ہیں ۔ جب پرندے اس میں دانہ کھانے کے لیے جاتے ہیں تو پھر شکاری شور کرتا ہے اس کے شور کرنے پر یہ پرندے اڑتے ہیں ۔ اس طرح سے ان کے پر اور بازو جال میں پھنس جاتے ہیں ۔ اب جو جال ہے وہ بے اختیار ہے، اس میں کوئی طاقت نہیں ہے مگر ایک ہنر مند نے کئی ہزار سال پہلے یہ طریقہ اختیار کیا کہ جو اڑنے والی چیز ہے اسے بھی آسانی سے پکڑا جا سکتا ہے جیسے میں نے پہلے عرض کیا کہ ۹۹ پرسنٹ طاقت اور ایک پرسنٹ ہنر،

یعنی عقل سے کام لینا برابر ہے ۔ ۹۹ پرسنٹ آٹا اور ایک پرسنٹ نمک ، یہ دونوں ملائے جائیں تو یہ بڑا لذیذ بن جاتا ہے ۔ اور جو چیز بے نمک ہوتی ہے ، اس کو سارے لوگ کہتے ہیں کہ یہ بے نمک چیز ہے ، نمک لاؤ اس میں ڈالیں ۔ میرے عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ گورنمنٹ بے اختیار ہے مگر یہ بل ، یہ چیز تو ہمارے ہاتھ میں آگئی ہے ۔ ہمارے اختیارات اس وقت وہی ہیں جو شکاری کے ہیں جس طرح پرندے کے پر پھنس جاتے ہیں ، اس کے بھی پھنس گئے ہیں ۔ ہماری مرضی کے بغیر اب یہ بل نہ آگے جائے گا اور نہ ہی پیچھے جائے گا اس لئے جناب والا کسی وقت بھی کسی چیز کو بے کار نہیں سمجھنا چاہیئے ۔

میں عرض کرتا ہوں کہ کراچی میں ملیر کا علاقہ بیکار تھا مگر وہ اب سب سے زیادہ قیمتی بن گیا ہے کیونکہ وہاں تعمیرات زیادہ ہو رہی ہیں ۔ ہم کتنے بھی بیکار ہوں مگر آج خدا کے فضل و کرم سے وہ شکار ہمارے ہاتھ میں آگیا ہے اب وہ جتنا بھی زور لگائے اتنا ہی پھنستا جائے گا ۔ ہم نے جناب وزیر اعظم صاحب کی خدمت میں بھی یہ عرض کیا ہے ۔ ادھر چونکہ آپ نے مجھے موقع دیا ، اشن بسیار است تو میں نے یہ قصہ بھی جناب کو عرض کیا اب سوال ہے کہ ہمیں یہ بھی تو دیکھنا ہے کہ اس بل میں خامیاں ہیں ادھر ہمارے بہت سے دوستوں نے تقریریں کیں کہ مارشل لاء کو بھی اٹھانا ہے ہمارے صدر مملکت بھی ببانگ دھل فرماتے ہیں یہ سرخیاں آتی ہیں کہ مارشل لاء ۳۱ دسمبر سے پہلے ختم کرنا ہے وزیر اعظم کا بھی یہ اعلان ہے مگر یہ قانون پاس کرو ۔ صاحب بات یہ ہے کہ میں نے ایک دن پہلے بھی عرض کیا تھا کہ

سرخ پوشے بر لب بام نظر می آید

نہ بزور نہ بہ زاری نہ بہ زر می آید

اب اس طاقتور چیز کو ہمیں ہنر مندی سے ہی درست کرنا ہے ۔ بھائی بندی کی بات ہے برادری کی بات ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ مصلحت وقت ہے اور ہمارے ملک کی سلامتی اس سے بھی زیادہ اہم ہے جیسا کہ میں نے آج صبح عرض کیا جناب

[Mir Nabi Bukhsh Zehri]

کی صدارت میں کہ ملک ہو گا تو ہمارے صدارتی اختیارات، مارشل لاء کا آنا جانا مذہبی قانون کا نافذ کرنا، تجارت کو بڑھانا، ملک ہو گا تو یہ باتیں بھی ہونگی۔ ہماری عقل مند برادری کو یہ سوچنا ہے میرا کام۔ یہاں چمچہ گیری کرنا نہیں میں نے وہ بات بھی بتائی ہے کہ پرندے اب پھنس گئے ہیں یہ ہمارا اختیار ہے کہ ہم پاس کریں، دیر کریں، نہ کریں مگر ہمیں عقل و ہنر سے بھی تو بے ہوش نہیں ہونا چاہیئے ہوش مند رہنا چاہیئے۔ انسان کو طاقت ایک دفعہ ملتی ہے جیسا کہ میں عرض کرتا ہوں بچہ سقہ ایک دن کے لیئے بادشاہ ہوا اس نے اسی ایک دن میں ٹھپہ لگا کر سکہ چلا دیا ایک دن کے بھی بادشاہ ہوتے ہیں وہ زور آزمائی کرتے ہیں۔ بہادر شہنشاہ عبدالرحمان خان ہمارے لیئے قابل عزت و قدر ہے وہ دل کا کتنا سخت تھا۔ اسی طرح سے میں رنجیت سنگھ کا بھی حوالہ دیتا ہوں وہ بھی اس خطے میں بادشاہ رہا "آدھا منظور آدھا نا منظور،، ہر ایک کی مثال ہمارے سامنے ہیں پر آج کے زمانے میں جب کہ ہمارے بچے ہم سے زیادہ تعلیم یافتہ ہو گئے ہیں قد میں زیادہ بڑھ گئے ہیں کیوں کہ ہمارے وقت میں شاید وہ علاج نہ تھا آج سائنسی دور میں اتنی ایجاد ہوئی ہے کہ بچے اگر چھوٹے قد کے ہیں تو انجیکشن لگانے سے ان کا قد بلند ہو جاتا ہے۔ بیماریوں کا آج کل نام نہیں ہے۔ پہلے ہمیں مچھر کاٹتے تھے اب تو بعض جگہ مچھر ہیں ہی نہیں اب چیچک کا نام ہی نہیں ہے۔ اس لیئے جناب جب یہ زمانہ آگیا ہے تو ہمیں سوچنا ہے ملک کے آس پاس سے ہمیں مذاق سے دھمکیاں نہیں مل رہی ہیں وہ بڑی طاقتیں ہمیں مذاق سے اس لیئے دھمکیاں نہیں دے۔ رہے کہ ہمارا یہ بل پاس ہو جائے یا ہمارے صدر نے کوئی سازباز کی ہو کہ آپ دھمکی دے دیں تاکہ بل پاس ہو جائے اور میں صدر رہوں اور یہ تمام طاقت میرے اختیار میں ہو۔ میں یقین رکھتا ہوں کہ یہ بات نہیں ہے۔

جب ہم خطرے میں ہیں ملک خطرے میں ہے۔ قطع نظر اس بات کے کہ مارشل لا ہے یا نہیں۔ کیوں کہ ہم مارشل لاء کے عادی ہو گئے ہیں میرے نزدیک چونکہ یہ مچھر ہے ایک دفعہ مچھر مارا دو دفعہ مارا لیکن جب اس کے بچے پیدا ہو گئے تو پھر وہ نہیں مارے جا سکتے ہمارے ملک کے سارے لوگ کو اب مارشل لاء آئے

یا جائے یا دوسری جمہوریت آئے تقریباً تقریباً فرق معلوم نہیں ہوتا۔ آج ہم اسمبلی میں بیٹھے ہوئے ہیں پھر بھی مارشل لاء ہے مارشل لاء بھی چلتا ہے یہ کیسا مارشل لاء ہے اس لیے جناب والا کہ ہم عادی ہو چکے ہیں اب ہمارے لیے مارشل لاء، میرے لیے ذاتی طور پر جتنی بھی اس کی اہمیت ہو اس برادری سے میں اتفاق کرتے ہوئے اس کو ہٹانا تو لازمی سمجھتا ہوں مگر اس سے زیادہ میں ان کے ذہن میں یہ لانا چاہتا ہوں کہ ملک کی سلامتی جو ہے وہ خطرے میں ہے ہمیں ان خطرات کو دیکھتے ہوئے جناب اتفاق سے، ہمیں اپنی جو ذاتی بات ہے یا اپنی ذاتی جو مصلحتیں ہیں ان کو الگ کرتے ہوئے اس بات پر آنا چاہیئے کہ بات کریں اور فیصلہ کریں قطع نظر اس کے کہ ہمارے دوست کچھ ایسے بھی ہیں جو یہ چاہتے ہیں کہ ترمیم ہو۔ مجھے ان کی قدر ہے ان کی بڑی اچھی تجاویز ہیں ہم اس بل کو پاس کرنے کا فیصلہ کریں اور پاس کرنے کے ساتھ ساتھ وزیراعظم نے جو وعدہ کیا ہے وہ ہمارا نواں ترمیمی بل ہے۔ حکومت اور ہم سب مل کر طے کر لیں گے لیکن ہمیں یہ بل پاس کرنا چاہیئے ہمیں قانون بنانا چاہیئے تاکہ لوگوں، سینٹ اور قومی اسمبلی سب کا بول بالا ہو اور ان کی عزت اور احترام ہو۔

میں تجویز کرتا ہوں کہ سینٹ کا با اختیار ہونا لازمی ہو، دوسری بات یہ کہ ملک میں ۱۲ صوبے ہونے چاہیئے۔ یہ ملک کے مفاد میں ہے۔ میں ملک کے مفاد میں بات کہتا ہوں آج کہتے ہیں ایک پٹھانوں کا صوبہ ہے ایک پنجابیوں کا ہے ایک سندھیوں کا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اس پر غور کرنا چاہیئے۔ اگر ہمیں ان لوگوں کو متحد رکھنا ہے تو ہمیں اپنی اس تقسیم کو ڈویژن کے انداز پر رکھنا چاہیئے۔ کہ جتنے زیادہ صوبے ہوں گے اتنا ہی زیادہ فساد و شر کم ہو گا اور لیڈر شپ جو آج کل ناپید ہے وہ ہماری جوان نسل میں دستیاب ہو سکتی ہے اور ہماری بھی جان چھوٹے گی آئندہ ہم بھی زمام کار ان کے سپرد کریں گے ہمارے بہت سے بزرگ ایسے ہیں جن میں میں بھی شامل ہوں جو اب چلنے پھرنے سے بھی معذور ہیں۔ ہم اس لیے آئے ہیں کہ اس کام کے لیئے ہمارے پاس دوسرا آدمی شاید نہ ہو اگر کوئی ہو گا بھی تو وہ اپنا ہی

[Mir Nabi Bukhsh Zehri]

بول بولتا جائے گا۔ ملک کے مسائل کے بارے میں اس کو شاید اتنا علم ہی نہ ہو۔ ہم نئے لوگوں کو میدان میں لائیں ہم ان کو تجربہ کرائیں۔ ہماری حیات میں وہ تجربہ کار ہوں۔ گورنر ہوں، چیف منسٹر ہوں، منسٹر ہوں اور پارلیمنٹ کے ممبر ہوں، سینٹ کے ممبر ہوں صوبائی ممبر ہوں اور اتنی بڑی گنجائش ہے کہ وہ accommodate ہو سکتے ہیں۔ آج ہم ایک ایک عہدے کے لیئے کتنا جھگڑا اور فساد کرتے ہیں اس وقت بہت عہدے ہوں گے اور ہر ایک اپنی ذمہ داری سنبھال لے گا تو وہ بڑی اچھی بات ہو گی۔

جناب والا! میں چاہتا ہوں کہ جتنے صوبائی معاملات ہیں بشمول کالا باغ ڈیم کے جس کے بارے میں کبھی کہتے ہیں کہ صوبائی چیف منسٹر فیصلہ کرے گا ابھی سنا کہ فیڈرل گورنمنٹ فیصلہ کرے گی یہ دونوں میرے نزدیک با اختیار نہیں ہیں جو وہ فیصلہ اور تجویز کریں اسے اس ایوان بالا یعنی سینٹ میں لائیں اور اس فیصلہ کی confirmation سینٹ میں ہو کیونکہ بین الصوبائی مسائل ہیں ملک میں جتنے بھی بین الصوبائی مسائل ہیں ان کا آخری فیصلہ سینٹ اس لیئے کرے کہ یہ فیڈریشن ہے۔ اس صورت میں تمام صوبے مجتمع ہو سکتے ہیں۔ کیونکہ آج ایک وزیر اعظم ہے ایک صدر ہے۔ ان کا اثر و رسوخ، قدرتی بات ہے ایک چیف منسٹر بھی ہے ان میں سے ہر ایک شخص فیصلے پر اثر انداز ہوتا ہے مگر اس ایوان میں انشاء اللہ ایسے لوگ ملیں گے جو صحیح بات کہہ سکتے ہیں ہم آپ کے سامنے ہیں۔ آپ ہمیں موقع دیں تو وہ انصاف ہو گا جس سے یہ ملک مضبوط ہو گا۔ اگر انصاف کو نہیں رکھنا تو چیف منسٹر خود فیصلہ کرے اور کوئی اس سے پوچھے کہ صاحب چاروں صوبوں میں پانی کی تقسیم کس طرح ہو گی تو وہ کیا کہے گا، وہ وہی کہے گا کہ صاحب فائل بغل میں ہے جو اس میں ہے وہی ہو گا۔ میری مراد آج کے وزیر اعظم اور آج کے صدر سے نہیں ہے بلکہ یہ ہمیشہ کے لیئے ایک دستور بنایا جائے کہ جتنے بین الصوبائی معاملات ہیں ان کے لیئے اس ہاؤس سے آخری فیصلہ لینا ضروری قرار دیا جائے اور اس سلسلے میں قانون بن جائے۔

سر! گورنر کی عمر کے متعلق میرے ایک دوست غالباً سومرو صاحب نے کہا تھا کہ ۴۵ سال ہو، مجھے اتفاق ہے کہ گورنر کی عمر ۴۵ سال سے کم نہ ہو، اس واسطے کہ

گورنر کی پوزیشن بڑی اہم ہوتی ہے اور ایک تجربہ کار آدمی زیادہ جانتا ہوگا اور اتنی عمر اس کی اس لیئے ہونی چاہیئے کہ لوگ اس کی عزت بھی کر سکیں گے بلکہ ایک زمانے میں بہت ینگ لوگوں کو گورنر بنایا گیا تو میں نے یہ سنا کہ لوگ گورنر کو جلوس میں اٹھا کر لے گئے اور گورنر کو اوپر اٹھاتے اور لے جاتے کا اس سے کیا واسطہ ہے کیوں کہ اس کا ایک باعزت مقام ہے اس لیئے اس کی عمر ۴۵ سال ہونی چاہیئے ۔ نیشنل اسمبلی کے رکن کے لیئے ۲۵ سال ہو اور اسی طرح سینٹ کے رکن کے لیئے ۳۵ سال سے کم نہیں ہونی چاہیئے صوبائی اسمبلی کے رکن کے لیئے پہلے ہی ۲۵ سال ہے اس طریقے سے میں چاہتا ہوں کہ جو گورنر مقرر کیا جائے اس کے متعلق اس وقت جو قانون ہے وہ تھوڑا flexible ہونا چاہیئے کہ گورنر کو اس صوبے کے سینیٹرز کی میجارٹی کا اعتماد حاصل ہونا چاہیئے وہ کوئی بھی شخص ہو، وہ شخص بڑی اچھی طرح سے کام کرتا ہے جو صوبوں کی طرف سے یا مرکز کی طرف سے نامزد ہوتا ہے اور یہ ملک کے بہتر مفاد میں ہے ۔

اب جناب! میں اس بات کو پوائنٹ آؤٹ کرتا ہوں کہ سینٹ سے ۲۵ فیصد وزیر لینے کا مسئلہ ہے میرے نقطۂ نظر سے اب تک بلوچستان کا حصہ پورا نہیں ہوا، جس طرح سینٹ میں مساوی نمائندگی ہے اسی طرح ہر چیز میں مساوات ہو۔ صوبے کو اس کا حق ملے، میں یہ نہیں کہتا کہ مجھے وزیر بنایا جائے۔ بلکہ میری دلیل یہ ہے کہ میں اس صوبے کا نمائندہ ہوں ۔ میرا فرض ہے جہاں میں ملک کی خاطر بات کروں وہاں صوبے کے متعلق بھی بات کروں چاہے یہ بات نویں امنڈمنٹ بل میں آئے یا اس کے بعد اس کو شامل کیا جائے اور وزراء لینے میں صوبوں کا جو کوٹہ ہے وہ ہر ایک کو برابر ملے، اور آج بھی اگر کوٹہ پورا نہیں کیا گیا ہے تو ہمارے صدر مملکت اور وزیر اعظم مزید وزراء لے لیں اگر نہیں لیں گے تو ان کو کسی بھی صورت میں ایک دن لینے پڑیں گے یہ بھی ان کے خدمت میں عرض کر دوں کہ آج جو تحریک التواء پیش ہوئیں ان سے سارے ملک کے مسائل کا کافی حد تک ہم سب کو علم ہوا کہ ملک کس قدر خطرات اور پریشانی کی حالت میں ہے جو اخبارات میں بھی ہے اور ریکارڈ میں بھی ہے ۔ میں صدر مملکت سے درخواست کرتا ہوں اور فارن منسٹر سے اور پرائم منسٹر سے بھی کہ ان معاملات پر غور فرمائیں جس چیز کی ملک کے لیئے ضرورت ہے وہ ہونی چاہیئے جیسے کہ میں نے کہا ان حالات میں

[Mir Nabi Bukhsh Zehri]

چاہتا ہوں کہ ہم مارشل لاء کو خوشی سے رخصت کریں ۔ جب ایک شخص از خود اس بات پر آمادہ ہو تو آپ اس کا ٹیسٹ تو لے لیں آیا اس پر عمل کرتا ہے یا نہیں ۔ مارشل لاء کی یہ دفعہ پہلے سے موجود ہے اور آج بھی مارشل لاء ہے ہمارے مجبور کرنے سے میں نہیں جانتا کہ کوئی فرق پڑے گا کیوں کہ یہ کتاب چھپ جائے گی پہلے بھی ہم نے کئی کتابیں چھاپیں ان میں بہت کچھ لکھا ، ۱۹۷۳ء کا آئین بھی لکھا ، لیکن جب زور آتا ہے تو کتاب اس کو روک نہیں سکتی ۔ نہ اس ملک میں اور نہ کسی اور ملک میں ہمارے اپنے ملک میں ہم ایک سینڈ وچ ہیں ، ایک دفعہ جمہوری نظام آتا ہے تو دوسری دفعہ مارشل لاء آتا ہے اور ہمارے درمیان جو بیوروکریسی ہے وہ پوری طرح اپنا کام مضبوطی سے کر رہی ہے ۔ اس لیے جناب ہمیں گھبرانا نہیں چاہیے بلکہ ہم یہ دیکھیں کہ مارشل لاء ہٹ جائے تو پھر کیا ہوتا ہے ۔ مارشل لاء ہٹانے پر ہم جتنا زور لگا رہے ہیں اور جتنا اصرار کر رہے ہیں ۔ میں معذرت چاہتا ہوں میں نے زور کا لفظ استعمال کیا ، یہ لفظ withdraw کرتا ہوں ، ۳۱ دسمبر کے بعد جب مارشل لاء چلا جائے گا تو میں قوم کی یاد دہانی کے لیے کہتا ہوں کہ صاحب اب ذرا دیکھئے ہوتا ہے کیا ۔

اب عرض یہ ہے کہ آئیے اب ہم فراخدلی کا ثبوت دیں ہم متحد ہو جائیں ، ہم سینٹ کے وقار کو برقرار رکھیں ، آپ کی صدارت میں ہمارا ایک وقار ہے اور ہم آپ سے مدد لیتے ہیں اور ہر معاملے میں رہبری لیتے ہیں آئیے اس بل کو پاس کریں ساتھ ساتھ یہ بھی ہے کہ اگر وہ امنڈمنٹ سے پھر جائے گا تو پھر گڑ بڑ ہو سکتا ہے جیسے کہ خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے ۔ اس کو پاس کرنے کے ساتھ ہمارے پرائم منسٹر کا یہ فیصلہ ہے کہ دوسرا جو بل ہے وہ اس ہاؤس میں ضرور آئے گا چاہے وہ نیشنل اسمبلی سے ہو کر آئے چاہے ہم یہاں سے پاس کر کے بھیجیں اس میں ہمیں اختیارات حاصل ہو جائیں گے ۔ جناب چیئرمین ! ان الفاظ کے ساتھ آپ کا اور ممبروں کا جو میری برادری ہے میں شکر گزار ہوں ۔ میں نے شاید اتنے اچھے انداز سے اپنی تقریر نہیں کی لیکن انہوں نے غور سے سنا ، شکریہ سر ۔

جناب چیئرمین : بہت بہت شکریہ ، جناب وسیم سجاد صاحب ۔

**Mr. Chairman**: Janab Wasim Sajjad Sahib.

**Mr. Wasim Sajjad**: Mr. Chairman, I am grateful to you for giving me this opportunity to speak on the (Eighth Amendment) Bill. I beg to request that I should be asked to speak tomorrow but since you have called me, I would make my submissions today.

Sir, it is unfortunate in many ways that 38 years after the creation of Pakistan, we are still debating some fundamental issues regarding the Constitution of Pakistan, issues, which should have been closed, issues which should have been settled, are being again debated in the forums of both the Houses and are being re-opened which obviously, does not augur well for the country or for the Parliament. The unfortunate aspect of the Constitutional history of Pakistan is that for some reason, every time, we start efforts of Constitution-making. We tend to react to the situations which have gone before. The Constitution of 1956 was a parliamentary Constitution based on the parliamentary system of Government. At that time, nobody doubted that that was what was in the interest of the people of Pakistan, that that was what was required by the people of Pakistan. But when this Constitution was abrogated and we had a new Constitution of 1962, we changed to the Presidential form of Government. This, I would say, was the re-action to what had gone before and we felt, Sir, that because the Constitution of 1956 had not worked, so we must switch over to the Presidential Form of Government. From 1962 till the Martial Law of 1969, we functioned under the 1962 Constitution, in which there was the Presidential form of Government and then we switched back to the Parliamentary form of Government in 1973. We tried that for some years again we are reacting to that and saying that we should go to the Presidential form of Government because the amendments which are now being proposed are taking the country more close to the Presidential form of Government than to the Parliamentary form of Government.

[Mr. Wasim Sajjad]

I don't say either of them as good or bad. What I do say is that somehow for some reasons we tend to make Constitutional proposals as a re-action to what has gone before. There appears to be no effort to look ahead, to look at the problems objectively, to try and find solutions to those problems, we simply react to the situation and we come out with the solution on a short basis. So, my request would be that we should stop being reactionary. We should examine the problems in their true perspective and we should make plans on long terms basis on the assumption that these constitutions are going to live on for ever as long as the country is going to live on.

This Constitutional (Eighth Amendment) Bill, which is now before this House, has come to us after having been unanimously passed by the National Assembly. I would like to congratulate the National Assembly and the Government for having reached the consensus but the very fact that the Senate, as an Upper House, has the power to reconsider certain issues, means that we have a responsibility in this matter. We have a responsibility to make our views known, to make corrections where we feel it necessary, and then to say that these are our views, these are the corrections we have made, and I don't see any reason why a proper correction, a right attitude, should not be considered in the same spirit by the National Assembly and the Government. Now, as far as the amendments are concerned, there are two types of amendments which are being sought to be made under the Constitutional Amendment Bill. One type of amendments are that which are being proposed in these 19 articles which are before this House and which I would call "direct amendments". The other type of amendments are those which have already been made under the Revival of the Constitutional Order, 1985 and other Presidential Orders which have been made from time to time and the Parliament is being asked to adopt these amendments. This clause which is being called "the indemnity clause" is totally a new thing in the history of Pakistan's Constitutions. So, for the first time, the Parliament is not being asked simply to validate but also to adopt something which has already been done. Therefore, once we adopt a thing, that becomes our own amendment, and we have to look at it in that spirit.

The indemnity clause shows that we endorse, adopt, affirm, declare it, so it is not simply validation. A validation clause is a condonation clause. It condones acts which have been done in the past by certain authorities which could not have been done under the existing law. These acts are brought before the Parliament for condonation. This exercise by Parliament is similar to the exercise which was undertaken by the Supreme Court in the case of Asma Jilani in which it said that certain illegal acts were being condoned by the Supreme Court in the public interest on the ground of necessity. It is the same thing here, but in this case we are going beyond that. We are not being simply asked to validate, we are being asked to adopt, and affirm; and that we are being asked to take our responsibility for certain acts which were done by certain other people. So, we should look it in that light. Therefore, as I said, there are two kinds of amendments which are before this House. One are the direct amendments and the others are indirect amendments, which have already been made and which we have been asked to affirm, adopt and declare that they are valid. I will be considering these amendments, keeping these categories in my mind and in this light.

Now, the amendments which are being proposed, the first article to which I would draw the attention of this House and that of the Government, is Article 212-A of the Constitution. Article 212-A is that article by which the Constitutional sanction or status was given to the military courts in the country. Again this is something which happened for the first time. It did not happen before. Under this Article 212-A, the Chief Martial Law Administrator has the power to set up military courts and 212-A further provides that any thing done by these military courts shall not be questioned in any court of Pakistan including the High Courts and the Supreme Court. Under the Revival of the Constitutional Order, this Article 212-A will continue to be on the Statute Book until the President makes an order withdrawing Article 212-A; which means, Sir, that technically even after the revocation of the proclamation of the 5th of July, 1977 this article will continue to remain on the Statute Book unless the President passes an order withdrawing that and we don't know when he would like to pass such an order. One argument

[Mr. Wasim Sajjad]

may be raised that after the revocation of Martial Law, there would be no office of the Chief Martial Law Administrator who has the power to set up these courts, and therefore this article will automatically lapse. Partly this would be a right argument, and partly this would not be a correct one. Because the Article 212-A says that the military courts already established will continue to function and therefore, the courts already established will have a constitutional sanction if Article 212-A continues to be on the Statute Book.

I would request that this matter be considered because if this article is allowed to remain on the Statute Book, after the revocation of the proclamation of 5th of July, 1977, we would be giving Constitutional status to the office of the Chief Martial Law Administrator and, therefore, Article 212-A must be deleted forthwith. The other alternative is that we need an assurance to this House that this article would be deleted by the President of Pakistan on the same day when he revokes the proclamation of the 5th of July, 1977 or earlier. In that case, of course, this article will stand revoked but as it stands at present, there is a danger that this article may continue to remain in the field after the withdrawal of Martial Law and, therefore, will continue to be on the Statute Book as an eye-sore for the people who study the Constitution.

My other submission Sir, is regarding certain provisions which relate to the judiciary of the country. We know that the judiciary of Pakistan is a respectable institution not only in Pakistan but all over the world. When other institutions were falling from the sight because of pressures, because of Martial Law, because of other reasons, it was the judiciary which remained a respected institution in the country. But under the Revival of the Constitutional Order, 1985, there are certain provisions to which reference has already been made by Mr. Soomro in his speech, and I would reiterate that if we want to have a Constitution in which the independence of the judiciary is secured, this is our pledge, it is in the Objectives Resolution which has now been made a part of the Constitution, if you are

making the Objectives Resolution a part of the Constitution, that is to honour the pledge, that is an honour to what has been said in the Objectives Resolution. What we have said is that independence of the judiciary shall be secured. Now, we cannot secure that independence if there is a threat to a Judge that if you don't perform properly, you are going to be transferred for two years at a time to an other High Court. "Two years at a time" this must be noted, "two years at a time without your consent". So it is an insult to the judiciary. It takes away the independence of the judiciary. The family is at one place and the judge is working at another place. Similar provisions we will find in the Order regarding the constitution of Benches because here again a Judge can be sent to another Bench for one year without his consent and for that one year he remains away from him family and he has to set up a new establishment and this is a direct hit at the independence of the Judiciary.

So, these are the articles which we are now being asked to adopt as amendments and I would submit, Sir, that this is something which should be reconsidered and these provisions should be deleted. Similar provisions exist regarding the judges of the Shariat Court. Almost outrageous article *i.e.* Article 203(4) b, which says, Sir, this is something outrageous and is something which we never heard before, this is something which we do not do even in respect of a lower-class employee, *i.e.* the President may, at any time, by order in writing, modify the terms of appointment of a Judge. If you are appointed as a Judge on certain terms, your terms have now been modified, you go back on to certain other terms. To assign the Judge another office, to require a judge to perform such other functions as the President may deem fit, and to pass such other orders as he may consider appropriate. is, Sir, again a direct hit at the independence of the judiciary. This article would also require reconsideration by this honourable House.

Sir, as I said earlier, we always approach Constitution making in a reactionary spirit. We condemn what has gone passed in the immediate past. We feel that everything is wrong in what has been passed in the past and we should change that immediately. This pattern of jumping from Parliamentary to Presidential form then to

[Mr. Wasim Sajjad]

Parliamentary and again to Presidential, form is a short term planning. Now, that we know that the people of this country want a Parliamentary form of Government because that is what suits the people. That is the system that we know. We should try in full to introduce a Parliamentary system in this country. I also feel, Sir, that in a Parliamentary system of Government, the President has a vital role to perform, and a President should not be a powerless spectator, specially in crisis situation, which calls for his interference. The situation and circumstances of 1977 were a crisis situation. The queen in England although she is considered to be powerless in many ways does have residuary powers to act in a crisis situation. But, I would submit with respect that the office of the President is a very respectable office. He should remain above controversy, and he should act only in those crises situations which are mentioned in these amending clauses. These are crises situations where the President has to come to his resudiary powers to take certain decisions.

But indulgence in the day to day affairs of the Government, would make him a controversial figure. So,those provisions in the Amending Bill, or in the Revival of the Constitutional Order, which make the President a part of the day to day administration, *i.e.* appointments, let us say, appointment of the Chief Election Commissioner in his discretion, appointment of the Chiefs of Staffs of the Army, Navy and the Air Force, appointment of the Governors, with the consultation of the Prime Minister, consultation simply means that the President may be bound to consult him but would not be bound by his advice, these are day to day affairs of the Government, should be dropped.This is the way that how the Government is to be run and I feel that it would be in the interest of a true Parliamentary system of Government that the President remains above the controversies, and he is called upon to act only, as I said, in a crisis situation when the situation so demands, and he should not be involved in the day to day administration. Whether it is a matter of judgement, whether those true Parliamentary provision should be brought immediately or should be brought after three years or five years, that is a separate matter. These are situations where the Government has taken a decision, but I feel, and as a principle it

should be accepted, that the President is above all controversies. The President should not be involved in the controversies and he should be above all controversies and be required to act in certain special emergent situations.

Sir, one very important aspect which has not been given due consideration, is the element of the judicial review against the decisions taken by the Martial Law Courts and Authorities during this long period of 8 years. We know, Sir, that in some cases the Martial Law Courts have acted well, they have acted genuinely, they have dealt with certain heinous crimes but the fact is that in all these cases, the military courts would not require to follow the ordinary procedures, lawyers could not present the cases on those lines and the military courts did not have to write any judgement. So, there is no reasoning available as to what went into the formation of those opinions. There is no appeal provided and, therefore, in accordance with the ordinary principles for the administration of justice, these cases have gone unheared and these people have been condemned unheard. Now, that we will be reverting to the Constitutional rule, I would submit Sir, it would be in the interest of the country that some kind of appeal to the High Court be provided against all such cases in which the military courts and the tribunals have given judgements. The limits of that judicial review can be worked out as to what are the kinds of cases, what is the scope of that judicial review, but some outlet must be provided so that we can say we have made a genuine return to democracy.

Sir, I have mentioned some of these articles and I would like to draw your attention to another Article *i.e.* Article 239 of the Constitution. This is an article regarding the amendment of the Constitution. In the Constitution of 1973, once a Bill was passed with the requisite majority by the National Assembly and by the Senate, and then it was sent to the President, and the President was bound to give his assent within a certain number of days. That element, binding element has now been taken away from the amended Article 239. As I read it, once a Bill has been passed by the

[Mr. Wasim Sajjad]

National Assembly, and the Senate, the President may or may not give his assent. Again Sir, keeping in view the principle that I submitted earlier, of the President being above controversies, and also that the wishes of the elected people of the country should be respected, just as we have done in other articles of the Constitution in respect of ordinary Bills, that the President is bound to give his assent under certain circumstances, I would submit that this change be incorporated in Article 239 so that once a Bill is passed by the National Assembly and then by the Senate with the requisite majority, the President cannot refuse his assent. As it is worded at the moment, and specially if we compare this article with the previous Article 239 of the 1973 Constitution the point that I am trying to make will become obvious.

So, Sir, these are my submissions on various provisions of the Amendment Bill and I would submit that it should not become a matter of prestige. The Government should reconsider it. There is one suggestion that I have to make at this stage. I am appreciative of the fact that the Government feels hesitant that through long exercise in the National Assembly if any change is made at this stage, the Bill will have to go back to the National Assembly which will be time-consuming and they will not be above to make their target of 31st December, 1985. This is, I would say a genuine difficulty. I think the people want the withdrawal of Martial Law and I think the way out is that let the Government come forward, now let us say in a week or ten days, with the Constitutional (Ninth Amendment) Bill, incorporating the reasonable amendments, which are being suggested, let us say, they can also think in the terms of 10th or 11th Constitutional Amendment Bill, but the reasonable, let us say, non-controversial provisions, for example, the provision about the Muslim being the Prime Minister, the provision about the improving the conditions of the judiciary, *i.e.* non-controversial provisions, let them bring a Bill *i.e.* 9th Amendment Bill, let them introduce it so that we can then look at this Bill with a clear conscience on its merits. This is a suggestion which the Government can consider which should make it easier for us to look at this Bill on its own merits. Thank you Sir.

جناب چیئرمین : جناب قاضی حسین احمد صاحب ۔

قاضی حسین احمد : جناب چیئرمین! پاکستان کی آئینی تاریخ کے بارے میں مجھ سے پہلے بھی بات کی گئی ہے میں بھی اس پر کچھ اظہار خیال کرنا چاہتا ہوں۔ اگرچہ یہ نصف صدی کا قصہ ہے دو چار برس کی بات نہیں اور یہ ایک طویل آئینی کشمکش ہے جو کہ بدقسمتی سے ہمارے ملک میں برپا ہے۔ اور اس سے ہمارا ملک سیاسی عدم استحکام کا بھی شکار ہو چکا ہے اس میں جو بڑے بڑے issues ہیں آئینی اور دستوری issues جو controversial رہے ہیں اور وہ نزع کا باعث بنے ہیں۔ ان میں سے مرکز اور صوبوں کے درمیان اختیارات کی تقسیم کا ایک مسئلہ ہے یہ بالکل ابتداء سے آج تک ایک ایسا مسئلہ رہا ہے جس پر کشمکش رہی ہے۔ کھینچا تانی رہی ہے اور جس پر لوگ بے اطمینانی کا شکار رہے ہیں۔ پاکستان کے ابتدائی سالوں میں اس کو اگر سچ کہا جائے تو میں کہوں گا کہ یہ پنجاب اور مشرقی پاکستان کی کشمکش تھی اور اس کے بعد جب ۱۹۷۱ء میں یہ ملک دو لخت ہوا۔ تو باقی چار صوبوں اور مرکز کے درمیان بھی یہ کشمکش ہوتی رہی ہے۔ ۱۹۷۳ء کے آئین کے بنتے وقت بھی یہ مرکز اور صوبوں کے درمیان اختیارات کی تقسیم کا ایک اہم issue تھا۔ اسی طریقے سے اسلام اور سیکولرزم کی ایک کشمکش مسلسل رہی ہے۔ اور قرارداد مقاصد بھی اسلامی دستور کی بہت بڑی تحریک کے نتیجے میں پاس کرائی گئی تھی اور اس کے لیے لوگوں کو مسلسل ایجی ٹیشن کرنا پڑا اور اس کی وجہ یہ ہے کہ بدقسمتی سے ملک کی اصل باگ ڈور جن لوگوں کے ہاتھ میں رہی بالکل ابتداء سے ان کی پرورش ایک ایسے نظام تربیت اور ایک ایسے نظام تعلیم میں رہی ہے۔ جو اسلام کو سمجھ نہیں سکے ہیں۔ اور انہوں نے دل سے اسلامی معاشرے کو اور اسلامی معاشرت کو قبول بھی نہیں کیا اور وہ مغربی تہذیب کے یہاں محافظ رہے ہیں اور مغربی اقدار کی حفاظت کرنے پر اصرار کرتے رہے ہیں۔ اگرچہ زبانی طور پر اسلام کا دعویٰ کرتے رہے ہیں اور الحمدللہ ہم بھی ان کو مسلمان ہی سمجھتے ہیں لیکن یہ کہ وہ اپنے طرز زندگی اور اپنے تمدن کے لحاظ سے مغرب کے رنگ میں رنگے ہوئے ہیں۔ انہوں نے ابتداء سے لے کر آج تک دل سے اس بات کو قبول نہیں کیا کہ وہ ایک اسلامی معاشرے کو قبول کر لیں اور جتنا کچھ دستور میں درج بھی کیا گیا ہے

[Qazi Hussain Ahmed]

تعلق استوار کرکے، فوج کے ساتھ تعلق استوار کرکے ۱۹۵۶ء کا دستور بھی ختم کردیا اور ملک میں مارشل لاء نافذ کردیا۔ ۱۹۶۲ کے آئین میں فوج کے بارے میں پہلی دفعہ یہ بات سامنے آئی کہ فوج ملک میں سیاسی عمل کو ختم کرنا چاہتی ہے۔ اس لیے بالغ رائے دہی کو ختم کر دیا گیا۔ اسکے بعد basic democracy کا قانون لایا گیا۔ یہ فوج کی ایک مستقل اور مسلسل روش ہے۔ کہ عوام کو حکومت سے کاٹ دیا جائے اور عوام میں کوئی سیاسی جدوجہد نہ ہو اور اس سے ہٹ کر وہ استحکام کا کوئی ایسا راستہ پیش کرنا چاہتے تھے۔ جس طرح فوج خود استحکام نظم و ضبط اور ضابطے کی عادی ہوتی ہے۔ کیونکہ ان کے لیے یہ بہت مشکل ہوتا ہے کہ وہ ایک سیاسی جدوجہد کو سمجھ سکیں اور اس کے فوائد ان کے ذہن میں آسکیں۔ ان کے سامنے عوامی جدوجہد کے بظاہر انتشار کے جو مظاہرے ہوتے ہیں۔ یہ سمجھتے ہیں کہ اس میں چھپی ہوئی کونسی استحکام کی باتیں ہیں۔ ان عناصر کو نہ سمجھنے کی وجہ سے انہوں نے ہمیشہ سیاسی جماعتوں پر پابندی عائد کرنے کی کوشش کی ہے۔ بالغ رائے دہی کی بجائے انہوں نے controlled democracy کی اسی قسم کے طریقے اختیار کئے ہیں اور ۱۹۶۲ء کے دستور میں بھی یہی خامی تھی۔

یہاں جناب والا! یہ کہا گیا ہے اور یہ وزیر قانون نے اپنی تقریر میں کہا ہے کہ ہم نے مارشل لاء اور فوج کی حکومت کے خلاف ایجی ٹیشن کی اور جب کوئی جمہوری حکومت آئی تو ہم نے جمہوری حکومت کے خلاف ایجی ٹیشن کی، اس طرح سے ہم بھی بغیر ایجی ٹیشن کے نہیں رہے اور ملک میں آئینی بحران پیدا کرتے رہے ہیں جناب، اس سلسلے میں کہتا ہوں کہ اس کی نشاندہی کی جائے کہ وہ کونسی جمہوری حکومت تھی جس کے خلاف عوام نے ایجی ٹیشن کی ہے۔ ۱۹۶۲ء میں جو قانون بنا تھا اس کے تحت ایک نظام قائم تھا۔ اس کو ہم غیر جمہوری سمجھتے ہیں اور اسی غیر جمہوری حکومت کے خلاف، جس میں عام آدمی کو احساس محرومی پیدا ہو گیا تھا۔ مشرقی پاکستان کے اندر اور یہاں بھی اس کے تحت عوام کے اندر سیاسی بے چینی اور بے اطمینانی پیدا ہوئی تھی اس کے نتیجے میں یہاں ایک ایجی ٹیشن ظہور پذیر ہوئی تھی۔

جناب والا! اسی طریقہ سے ۱۹۷۷ء کی تحریک بھی جمہوری حکومت اور اس کے جمہوری طریقوں کے خلاف نہیں تھی۔ بلکہ اس امر کے خلاف تھی کہ انہوں نے جو ناشائستہ طریقے اختیار کئے تھے۔ انہوں نے آئین میں جو خود ساختہ اور من مانی ترامیم کی تھیں ان کے خلاف یہ ایجی ٹیشن تھی جس

طریقے سے ڈنڈا ڈولی کر کے معزز ممبران کو اسمبلی سے باہر پھینکا گیا جس کے بعد مارشل لاء نافذ کیا گیا اور اس کے بعد جو غیر جمہوری طریقے اختیار کئے گئے تھے۔ اس کا یہ ری ایکشن (re-action) تھا کہ اس حکومت کے خلاف عوام نے ایجی ٹیشن کی۔

جناب بھٹو، اگرچہ ایک elected آدمی تھے اور منتخب ہو کر اسمبلی میں آئے تھے لیکن بدقسمتی سے یہ اس وقت حکومت میں آئے جب ملک دولخت ہو گیا مشرقی پاکستان الگ ہوا اور مغربی پاکستان الگ ہو گیا۔ جو انتقال اقتدار کا اصل حق دار تھا وہ مشرقی پاکستان میں رہ گیا۔ میرا یہ کہنے کا مقصد یہ ہے کہ اس ملک میں بجائے اس کے ایک کہ وہ جمہوری طریقے سے برسر اقتدار آتے کہ وہ آئین کی حدود کے اندر رہتے ہوئے برسر اقتدار آتے بدقسمتی سے وہ چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر بن کر برسر اقتدار آئے۔ یہاں سے جمہوریت کی پٹری سے گاڑی ہٹ گئی بجائے اس کے کہ وہ آئینی حدود کے اندر آتے اور اس پر اکتفا کرتے۔ بلکہ انہوں نے اختیارات حاصل کرنے کے لیے اپنی چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کی حیثیت کو استعمال کیا اور پھر چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کے طور پر انہوں نے کچھ ایسے اقدامات کئے جو غیر جمہوری تھے جس کے نتیجے میں ملک جمہوریت کی راہ پر گامزن نہ ہو سکا۔ اس کے بعد جب پھر ۱۹۷۳ء کا متفقہ دستور نافذ ہو گیا تو جناب بھٹو نے ۱۹۷۳ء کے آئین کی بجائے اپنے من مانے طریقے سے حکومت کی۔ اس کے نتیجے میں ۱۹۷۷ء کی تحریک وجود میں آئی تھی یہ کسی جمہوری حکومت کے خلاف نہیں تھی اس ملک کے عوام نے کسی بھی جمہوری حکومت کے خلاف جو آئین کے اندر رہ کر اور شرافت کی حدود کے اندر رہ کر حکومت کر رہی ہو کبھی بھی ایجی ٹیشن نہیں کی۔

جناب والا، ۱۹۶۲ء کے آئین کا اسی لیے یہ حشر ہوا اس کے بعد ہر فوجی اور ہر ڈکٹیٹر جو یہاں پر حکمران رہا اس کو پھر یہ فکر دامن گیر رہی کہ اس کو بعد میں تحفظ نہ مل سکے گا۔ اپنے تحفظ کی فکر ان کو سب سے زیادہ رہی ہے۔ اب بھی یہ کہا جا رہا ہے کہ فوج کو تو indemnity دینی پڑے گی ان کو تو validation دینی پڑے گی۔ اس کے بغیر تو مارشل لاء نہیں ہٹے گا، یہ تو ان کا حق ہے۔ یہ حق تو ہمیشہ کے لیے انہوں نے لے لیا ہے۔ اور اب بھی وہ یہ لیں گے۔ اس کی یہ وجوہات بیان کی جاتی ہیں کہ بہت سارے لوگ عدالتوں کے سربراہ رہے ہیں۔ بہت سارے لوگ مارشل لاء ڈیوٹیوں پر رہے ہیں۔ ان تمام کے تحفظ کا سوال ہے۔ بغیر تحفظ کے وہ کیسے چلے جائیں گے۔

367

[Qazi Hussain Ahmed]

جدوجہد کی گئی تھی۔ ایک تاریخی جدوجہد کے دور سے ہم گزرے تھے اور اس جدوجہد کو اور اس انرجی اور اس قوت کو جو اس وقت قوم کے اندر پیدا ہوئی تھی اور جو جذبہ بیدار ہوا تھا اس کو اگر ٹھیک راستے پر چلایا جاتا تو اس سے بہت بڑے کارنامے سرانجام دیئے جا سکتے تھے۔ قوم کو استحکام مل سکتا تھا۔ ملک کو بھی استحکام مل سکتا تھا۔ لیکن فوج نے مداخلت کر کے اس جذبے کو سرد کیا اس کو بٹھا دیا اور اسلامائزیشن کے نام پر اسلام کا راستہ روکا اس پورے دور میں اسلام کے لیے کوئی کام نہیں ہوا۔ محض اسلام کا نام استعمال کیا گیا ہے۔ اس کے لیے خلوص کے ساتھ دل سے کوئی بھی کام نہیں کیا گیا یہی کہا جاتا ہے آج خود ذمہ دار افراد یہ کہتے ہیں کہ یہ بدقسمتی ہے کہ یہ ملک جمہوری بھی ہو گیا پارلیمانی بھی ہو گیا لیکن یہ دستور اسلامی نہیں ہوا۔ ہم پوچھتے ہیں کہ کس نے روکا تھا اسلامی قوانین بنانے میں کون حائل تھا۔ جن لوگوں نے آر سی او بنایا ہے جن لوگوں نے اس کو جاری کیا ہے اس میں کیا کوئی ہمارا دخل ہے اگر آر سی او میں دوسرے امور آ سکتے تھے تو اسلامائزیشن کے تمام اقدامات بھی اس میں آ سکتے تھے ۸ سال میں ۱۹۷۳ء کے دستور کا تو حلیہ بگاڑ دیا گیا حالانکہ سپریم کورٹ کی یہ واضح رولنگ تھی کہ اس دستور میں ناگزیر حالات میں کوئی معمولی ردوبدل ہی کی جا سکتی تھی اور وہ بھی انتخابات تک انتخابات کے بعد اس کی کوئی اجازت ہی نہ تھی کہ دستور میں ترمیم کر لی جاتی۔ سپریم کورٹ کا فیصلہ ہے انتخابات کے بعد اس میں یعنی دستور میں ترمیم کی ان کو اجازت ہی نہیں لیکن انتخابات کے بعد بھی اپنے اختیارات سے تجاوز کیا گیا اور اس کا حلیہ بگاڑ دیا گیا اگر اتنا کچھ کرنے کی اس میں اجازت تھی اور اتنا کچھ کرتے ہیں ان کا کسی نے ہاتھ نہیں روکا تو اسلامائزیشن کے راستے میں کون رکاوٹ تھا کیا کسی اپوزیشن نے کہا تھا کہ اسلامائزیشن نہ کریں یا سینیٹ نے کہا تھا۔ یا قومی اسمبلی نے کہا تھا۔ پورے ملک کے ہر فرد کا یہ مطالبہ ہے یہ اس ملک کا مشترکہ اور متفقہ مطالبہ ہے اگر اس کو نہیں کیا گیا تو اس کی جو ذمہ داری ہے وہ کس پر آتی ہے انہی لوگوں پر آتی ہے۔ جو ۸ سال تک یہاں حکمرانی کرتے رہے ہیں۔

ہمیں یہاں یہ کہا جاتا ہے۔ کہ جو موجودہ ترمیمی بل ہے کہ ۸ سال میں جتنے بھی مارشل لاء آرڈرز اور آرڈیننسز اور جتنے بھی اقدامات ہوئے ہیں جو سزائیں دی گئی ہیں مارشل لاء کورٹس نے جو کچھ کیا ہے سب کی توثیق بھی کرو تصدیق بھی کرو سب کو اپنا بھی لو۔ اور سب کا اعلان بھی کر دو اور یہ بھی کہو کہ یہ سب کچھ

نیک نیتی کے طور پر کیا گیا ہے۔ ہم سے یہ مطالبہ کیا گیا ہے۔ ہر شخص یہ جانتا ہے کہ گذشتہ سال میں انہوں نے غلط اقدام بھی کئے ہیں ٹھیک بھی کئے ہوں گے۔ غلط اقدامات کی تعداد زیادہ ہے مثلاً طلباء کی یونینز پر پابندی لگائی حالانکہ طلباء کی یونینز انگریز کے دور غلامی میں بھی موجود تھیں یہ وہ ادارے ہیں جہاں سے تربیت ملتی ہے۔ جہاں نوجوان جمہوری تربیت پاتے ہیں۔ جہاں سے مل جل کر کام کرنے کا طریقہ سیکھتے ہیں ان میں اگر کوئی خرابی تھی تو اس کو دور کرنا تھا وہاں اگر کوئی رکاوٹ تھی تو اس رکاوٹ کو دور کرنا تھا اور اس کی اصلاح کرنی تھی اصلاح کرنے کی بجائے سارے نظام ہی کو ملیامیٹ کر دینا اور ان کو یونین سازی کے حق سے محروم کر دینا ان کو اس جمہوری تربیت سے محروم کر دینا کسی طریقے سے بھی اپنی قوم کے ساتھ ہمدردی نہیں ہے اور اس کے ساتھ بھلائی نہیں ہے اسی طریقے سے مزدوروں کی بہت ساری union's کو انہوں نے ختم کر دیا حالانکہ مسلم اصول ہے کہ کسی بھی ملک میں بغیر union's کے اور تنظیم کے مزدور دلجمعی سے کام نہیں کر سکتا ہے۔ اگر مزدور سے کام لینا ہے اس کی صلاحیت کار بڑھانی ہے اس کو دلجمعی سے کام کرنے کا موقع دینا ہے تو اس کو یونین سازی کا حق بھی دینا پڑے گا۔ پھر پی آئی اے سے ہزاروں لوگوں کی اس بنیاد پر چھانٹی کر دی کہ زائد از ضرورت ہیں لیکن اپنے وفاداروں کو بھی ہزاروں کی تعداد میں اس میں داخل کر دیا گیا ایک طرف زائد از ضرورت ہونے کی بنیاد پر چھانٹی کی گئی تو دوسری طرف لوگوں کو اس میں داخل کر دیا گیا۔ یہ اس مارشل لاء کے آٹھ سالہ دور میں مارشل لاء آرڈرز کے ذریعے سے اس طریقے کی کارروائیاں ہوئی ہیں اور ہم سے مطالبہ کیا جاتا ہے۔ کہ ہم ان کو validate بھی کر دیں۔ ان کی تائید کر دیں ان کو منظور کر دیں ان کا اعلان کر دیں یہ کیسے ممکن ہے۔ ہم ان کو غلط سمجھتے ہیں اور ہر دور میں جب مارشل لاء جاتا ہے تو لوگ کچھ indemnity دیتے ہیں لیکن اس میں اچھے قوانین اور برے قوانین کی تمیز کی جاتی ہے۔ جو اچھی چیزیں ہیں۔ ان کو اختیار کر لیا جاتا ہے جو بری چیزیں ہیں ان کو چھوڑ دیا جاتا ہے اس میں بھی غیر مشروط طور پر یہ کہہ دینا کہ سب کو اختیار کریں سب کو declare کریں سب کی تائید کر دیں اور سب کے بارے میں یہ کہہ دیں کہ یہ اچھی نیت سے کی گئی ہیں۔ یہ کوئی انصاف پر مبنی مطالبہ نہیں ہے۔

جناب والا! پھر شریعت کی بالادستی کا دعویٰ کیا جاتا ہے۔ یہاں پر جو یہ کتابچہ تقسیم کیا گیا ہے کہ ملک میں شریعت کی بالادستی قائم ہو گی۔ یہ صدر صاحب کی تقریر ہے اور ان کا خطاب ہے یہاں ہمیں دیا بھی گیا ہے شریعت کی بالادستی بہت خوبصورت کتابچہ ہے۔ جیسے میں نے پہلے عرض کیا اس میں رکاوٹ کونسی

[Qazi Hussain Ahmed]

ہے۔ اور شریعت کی بالادستی کا مطلب کیا ہے ہم مسلمان ہیں اور اس ادارے کا ایک فرض یہ بھی ہے کہ کوئی بھی قانون سازی اسلام اور قرآن و سنت کے احکامات کے خلاف نہ کرے خاص طور پر دستوری معاملات میں یہ ہمارا فرض ہے ۔ دستور کی طرف سے آپ کے اوپر فرض عائد ہوتا ہے کہ آپ کی طرف سے کوئی ایسی بات نہ ہو جائے جو قرآن و سنت کے احکامات کے خلاف ہو یہ ہمارا دستوری فرض بھی ہے ۔ اور ہمارا دینی فرض بھی ہے ۔ اور ہم نے دستور میں بھی لکھا ہے ۔ کہ کوئی بھی چیز قرآن و سنت کے خلاف نہیں ہوگی ۔ اس ہاؤس نے اس کو دیکھنا ہے ۔ بحیثیت مسلمان کے ہم یہاں بیٹھے ہیں اور ہمیں یہاں اس بات کی فکر کرنی ہے کہ کوئی کام ہم سے ایسا سرزد نہ ہو جائے جو قرآن و سنت کے خلاف ہو ٹھیک ہے ہم نظریاتی کونسل کی طرف بھی مسودات قانون بھیجتے ہیں ہم وہاں سے رائے لیتے ہیں اس احتیاط کے پیش نظر کہ ہم سے کوئی غلط کام یا کوئی غلطی نہ ہو جائے ۔ کسی کا بھی ارادہ نہیں ہے کسی کی بھی نیت نہیں کہ وہ ارادی طور پر جان بوجھ کر کوئی غیر اسلامی کام کرے ۔

اب شریعت کی بالادستی کا مطلب کیا ہے؟ قرآن کریم میں واضح ارشادات ہیں میں اگر قرآن کریم کی آیات یہاں تلاوت کروں گا تو یہ کوئی بے جا بات نہیں ہوگی اور اسی پر لوگوں کو توجہ دینی چاہیئے ۔ کیونکہ یہ ہماری بنیادی کتاب ہدایت ہے وہاں سے ہم روشنی حاصل کرتے ہیں ہمارا فرض ہے کہ ہم ان حدود کو پہچانیں اور ان حدود کے اندر رہ کر کام کریں ۔ جو حدود اللہ اور اس کے رسولؐ نے ہمارے لیے متعین کی ہیں قرآن کریم میں ایک واضح حکم ہے اور بنی اسرائیل کی تباہی کی وجوہات بیان کرتے ہوئے اور اسی کا قصہ بیان کرتے ہوئے قرآن کریم میں یہ آیات بھی آئی ہیں ۔ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ○ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ○ جو لوگ اللہ کی نازل کردہ ہدایت کے مطابق فیصلے نہیں کرتے وہی کافر ہیں وہی ظالم ہیں ۔ وہی فاسق ہیں ۔ ہم بحیثیت مسلمان کے پابند ہیں کہ ہم جو بھی فیصلہ کریں جو بھی قانون بنائیں جو بھی طریقہ اختیار کریں وہ ان حدود کے اندر ہو ۔ پھر قرآن کریم میں ہے اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ يَتَحَاكَمُوْنَ اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًا بَعِيْدًا ○

کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو زعم رکھتے ہیں یہ گمان کرتے ہیں یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم مسلمان

ہیں اللہ اور اس کے رسولؐ پر ایمان لاتے ہیں لیکن وہ طاغوت کے سامنے اپنے فیصلے کو لے جاتے ہیں طاغوت سے اپنے فیصلے کراتے ہیں۔ حالانکہ ان کو حکم دیا گیا تھا۔ کہ وہ طاغوت کا انکار کر دیں یہ شیطان کا کام ہے کہ ان کو گمراہی کی طرف لے جاتا ہے طاغوت کے معنے اور اس کا مسلمہ مطلب یہی ہے۔ کہ ہر وہ شخص ہر وہ ادارہ ہر وہ چیز کہ اللہ کے بغیر اس کا حکم مانا جائے اللہ کے مقابلے میں اس کے حکم کو تسلیم کر لیا جائے وہ طاغوت ہے قرآن و سنت کی بالادستی کا واضح حکم یہی ہے کہ جس معاملہ میں اللہ اور اس کے رسولؐ کا صریح حکم موجود ہو وہاں سے کوئی ہدایت ہو وہاں سے کوئی حکم ہو اس کے ہم پابند ہیں جب اللہ اور رسولؐ کا حکم معلوم ہو جائے تو مسلمان کی یہ شان ہے۔ کہ وہ کہے سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ہم نے سن لیا اور ہم نے اطاعت قبول کر لی، اور یہی مسلمان کے معنی ہیں مسلم کا مطلب ہی یہ ہے "مطیع" اللہ اور رسولؐ کی رسی جس نے اپنے گلے میں ڈال لی اور اس کی پابندی کو قبول کر لیا۔ وہی مسلمان ہے۔ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ حکم صرف اللہ کا حق ہے۔ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْا اِلَّا اِيَّاهُ ۔ اس نے حکم دیا ہے صرف اسی کی عبادت کی جائے اور قرآن کریم میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا ۔ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ۔ تیرے رب کی قسم یہ لوگ اس وقت تک مومن نہیں ہیں جب تک کہ اپنے تمام معاملات میں تمہیں حکم اور فیصلہ کرنے والا تسلیم کر لیں۔ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ پھر جس طرح آپ فیصلہ کر دیں ان کے درمیان اس دل میں تنگی محسوس نہ کریں۔ اور اس کے سامنے جھک جائیں جب تک ہم پورے طریقے سے مکمل طور سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فیصلے اور ان کی ہدایات اور ان کے احکامات کے سامنے سر تسلیم خم نہ کر دیں۔ رب کی قسم مومن نہیں ہیں ۔

اور پھر ایک اصولی حدیث ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی۔ ایک بہت اہم حدیث ہے ۔ لَا طَاعَةَ لِمَخْلُوْقٍ فِيْ مَعْصِيَةِ الْخَالِقِ خالق کی معصیت میں مخلوق کی کوئی اطاعت نہیں ہے۔ اگر میرا باپ مجھے حکم دیتا ہے کہ تم اللہ کے کسی حکم کی نافرمانی کرو۔ تو مجھ پر اپنے باپ کے ایسے حکم سے انکار واجب ہے۔ وَاِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰى اَنْ تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا ۝ اگر تمہارے ماں باپ اس طرف تمہارے پر دباؤ ڈالیں کہ میرے ساتھ شریک کرو۔ میرے

[Qazi Hussain Ahmed]

بجائے کسی اور کے سامنے جھک جاؤ کسی اور کا حکم مانو اس میں ان کی اطاعت قبول مت کرو اگرچہ دنیا کی زندگی میں ان کے ساتھ برتاؤ اچھا کرو لیکن یہ بات ماں باپ کی بھی تسلیم نہ کرو اگر وہ اللہ کے راستے کی بجائے اللہ کے حکم کے متضاد کوئی حکم دیں۔ اسی طریقے سے کوئی حکومت ہو، کوئی آمر ہو کوئی بھی فرد ہو کوئی زبردست سے زبردست آدمی ہو، اور ادارہ ہو، اور ہزار خوف ہو لیکن مسلمان کے لیے جائز نہیں ہے وہ خالق کی معصیت میں کسی مخلوق کی اطاعت کرے

ع ہزار خوف ہو لیکن زباں ہو دل کی رفیق
یہی رہا ہے ازل سے قلندروں کا طریق

شریعت کی بالادستی کا مطلب یہی ہے ہم شریعت سے بالاتر کوئی قانون تسلیم نہ کریں یہ قطعاً ایک غیر اسلامی طریقہ ہے کہ شریعت کی عدالت مقرر کر دی گئی لیکن کہا گیا کہ یہ مارشل لاء کے بارے میں کوئی بھی اپیل نہیں سن سکتی شریعت نہ ہوئی مذاق ہوا، شریعت کا سب سے بنیادی فائدہ ہی یہی ہے اس میں بندہ، بندے کا حاکم نہیں رہتا ۔ ایک انسان دوسرے انسان کا غلام نہیں رہتا۔ سب اللہ کے بندے اور آپس میں بھائی بن جاتے ہیں۔
کوئی حاکم اور محکوم باقی نہیں رہتا اور سب لوگ برابر بن جاتے ہیں۔

(عربی) کونوا عباد اللہ اخوانا ۔ اللہ کی بندگی میں سب لوگ آپس میں بھائی بھائی بن جاتے ہیں یہ شریعت کی بنیادی خوبی ہے۔ اس کی اسی خوبی کی وجہ سے ہم یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ اس کو نافذ کیا جائے تو یہ عدل و انصاف کا نظام ہے مثالی عدل اور مثالی انصاف اگر مل سکتا ہے تو اسلام سے مل سکتا ہے اور اسی لیے حاکم جب ہم سے یہ مطالبہ کرتا ہے کہ تم اولی الامر کی اطاعت کرو۔ واطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم ۔ کہ اللہ اور اس کے رسول کی اور اولی الامر کی اطاعت کرو تو اس سے آگے پھر یہ ہے کہ فان تنازعتم فی شیء فردوہ الی اللہ و رسولہ اگر آپس میں کوئی تنازعہ پیدا ہو جائے تو اس کو اللہ اور اس کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سپرد کر دو۔ ہمارے تنازعات میں ہماری grievances ہیں ہمیں شکایات ہیں اپنے حکمرانوں سے ۔

غیر مشروط اطاعت کے ضمن میں اگر کوئی یہ کہے کہ میں نے جو کچھ کیا ہے اس

کو validate کرو اس کی توثیق کرو، میں جو کچھ کہوں گا وہ بھی ٹھیک ہے۔ اور میری غیر مشروط اطاعت کرو۔ میرے حکم کے مقابلے میں کہیں سے تمہیں دادرسی کا حق نہیں مل سکتا، کوئی بالاتر ادارہ نہیں ہے۔ یہ شریعت کی اس spirit کے خلاف ہے، شریعت کے قانون کے خلاف ہے۔ اور میں نہیں مانتا کہ جو عدالت اس طرح کی پابندیوں کو قبول کرے۔ وہ شریعت کی عدالت ہو سکتی ہے۔ شریعت کی عدالت پر کوئی پابندی سوائے اللہ اور اس کے رسول کے ہوتی ہی نہیں۔ یہ جتنی پابندیاں اس پر عائد کر دی گئی ہیں۔ خود شریعت کے خلاف ہیں۔

موجودہ دستور میں قرارداد مقاصد کا بھی ذکر کیا گیا ہے اور یہ بھی دعویٰ کیا گیا ہے کہ اس کو دستور کا حصہ بنایا گیا ہے۔ میں پوچھتا ہوں کہ دستور کا حصہ بنانے کے بعد فرق کیا آیا ہے؟ اب بھی قابل تنفیذ نہیں ہے۔ فرق تو کچھ بھی نہیں آیا۔ اب بھی دستور قرارداد مقاصد سجاوٹ کی خاطر رکھا ہوا ہے۔

اس قرارداد مقاصد کی بنیاد پر میں آج بھی عدالت میں نہیں جا سکتا کہ اس میں کہا گیا ہے کہ اقتدار اعلیٰ اللہ کے پاس ہے۔ اور یہاں فلاں فلاں چیز جو غیر اسلامی ہے۔ قرآن کے خلاف ہے شریعت کے خلاف ہے مارشل لا شریعت کے خلاف ہے۔ ان کے خلاف میں کسی عدالت میں نہیں جا سکتا۔ اس لئے کہ قرارداد مقاصد operative نہیں ہے۔ اس کی بنیاد پر آپ عدالتی چارہ جوئی نہیں کر سکتے۔ اس کے دستور میں داخل کرنے سے ہمیں کچھ بھی فائدہ نہیں ملا۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس کے دستور میں داخل ہونے کا ہمیں فائدہ ملے

اس بل کے مقاصد پر بات کرتے ہوئے جناب وزیر قانون نے کہا ہے کہ صدر اور وزیر اعظم کے درمیان اختیارات کا توازن مطلوب تھا۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ توازن قائم کرنے کی بجائے اسی انداز میں وہ صدر کی طرف tilt ہو گیا جھک گیا جس طریقے سے پہلے وزیر اعظم کی طرف تھا۔ اسی انداز میں صدر سب امور کا مرکز بن گیا۔ اس لئے توازن والی بات بھی پوری نہ ہو سکی

[Qazi Hussain Ahmed]

توازن کا جو مقصد تھا وہ بھی حاصل نہیں ہو سکا ہے۔ بلکہ آئین میں مزید عدم توازن پیدا ہو گیا ہے۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ validation (توثیق) اور indemnity (تحفظ) نہیں دینی چاہیئے ہم یہ کہتے ہیں کہ اتنی بات تسلیم کر لی جائے کہ جو گزر چکا وہ تو گزر چکا لیکن اس وقت جتنی بھی ترامیم کے اثرات جاری ہیں یا جو سزائیں اب بھی جاری ہیں وہ جوڈیشل ریویو (عدالتی چارہ جوئی) کے لئے کھولی جائیں تاکہ متاثرہ فرد کسی superior کورٹ (بالاتر عدالت) میں اسکے خلاف جا سکے وہاں یہ انصاف حاصل کر سکے کہ جو قانون آئین کے خلاف ہے یا قرآن وسنت کے احکامات کے خلاف ہے اس کے مقابلے میں اسے انصاف مل سکے۔ اس سے کسی کو بھی یہ خوف نہیں ہونا چاہیئے کہ ہم آٹھ سالہ دور کو کھول دیں گے اور اس کی بنیاد پر ذمہ دار افراد کو سزائیں ملیں گی۔ حالانکہ اگر وہ نوبت آئے گی تو اس سے کوئی بچا بھی نہیں سکتا۔ کوئی آئین کوئی کتاب اس سے نہیں بچا سکے گی۔ ہم نہیں چاہتے کہ آئین میں کوئی اس طرح کی بات آجائے کہ اس کی بنیاد پر ان کو پکڑا جائے۔ بلکہ ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ جن قوانین اور مارشل لاء کے اثرات جاری ہیں اور جو سزائیں اس وقت جاری ہیں سپریم کورٹ کو یہ اختیار ہو کہ ان میں سے جو قرآن وسنت کے خلاف ہوں یا جو آئین کے خلاف ہوں ان پر نظر ثانی کر سکے۔

وزیر قانون نے اس بل کے مختلف مقاصد بیان کئے لیکن آٹھویں ترمیمی بل کا اصل مقصد جس کی وجہ سے بہت سارے لوگ یہ بھی کہتے ہیں اور مقررین نے بھی یہ کہا ہے کہ مارشل لاء نہیں اٹھے گا جب تک آپ یہ پاس نہیں کریں گے اور جلدی مارشل لاء اٹھانے کے لیئے اس کا پاس ہونا ضروری ہے حالانکہ وزیر قانون نے خود اس بات کی تردید کی ہے۔ صدر نے بھی اس کے لئے تاریخ مقرر کر دی ہے اور انہوں نے کہا ہے کہ ۳۱ دسمبر کے بعد مارشل لاء بہر حال اٹھ جائے گا۔ چاہے آپ یہ پاس کریں یا نہ کریں یہ تو کل انہوں نے اسمبلی کے سینٹ کے فلور پر کہا ہے کہ مارشل لاء کا اٹھایا جانا اس سے مشروط نہیں ہے پھر بھی بعض مقررین اسی کا ذکر کرتے ہیں کہ پھر مارشل لاء نہیں اٹھے گا۔ حالانکہ حکومت کی طرف

سے کہہ دیا گیا ہے کہ مارشل لاء ۳۱ دسمبر تک بہر حال اٹھ جائے گا۔ اس کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

ہمارے ہاں پشتو میں ایک لفظ استعمال ہوتا ہے جس کے معنی ہیں خوف کا تعویذ۔ (پشتو دویرے تعویز) مارشل لاء اتھارٹیز کے لئے آٹھواں ترمیمی بل خوف کا تعویز ہے حالانکہ یہ خوف کا تعویز نہیں بن سکے گا ایسے تعویذوں سے ان کا مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ملک کا جو اصل مسئلہ ہے وہ حل کر دیا جائے۔ اصل مسئلہ اس طریقے سے حل ہوگا کہ یہ سینیٹ، قومی اسمبلی اور جتنے بھی لوگوں نے انتخابات کے پورے عمل ( process ) میں حصہ لیا ہے۔ اسمبلیوں کو وجود میں لائے ہیں تاکہ مارشل لاء کی بجائے آئینی اور دستوری حکومت قائم ہو ان کا اطمینان کیا جائے ان کو مطمئن کیا جائے کہ ہم مارشل کی بجائے ایک مہذب جمہوری اور شائستہ دور کی طرف چل رہے ہیں۔ ان کے اطمینان کے بعد یہ بہت بڑی قوت بن سکتی ہے۔ قومی اسمبلی، صوبائی اسمبلیاں اور سینیٹ منتخب ادارے ہیں۔ عوام کے ساتھ ان کا تعلق ہے۔ عوام میں ان کی جڑیں ہیں۔ یہ قوم کو ایک نیا ولولہ دے سکتے ہیں ایک نیا جذبہ ان کو دے سکتے ہیں یہ ملک کو استحکام بھی دے سکتے ہیں لیکن خوشدلی کے ساتھ ان کا اطمینان درکار ہے۔ اگر زبردستی کی جائے گی اگر بلڈوز کیا جائے گا۔ اگر ضد اور انا کی وجہ سے معقول تجاویز کا انکار کیا جائے گا، تو اعتماد کی صورت پیدا نہیں ہوگی۔

پھر یہ کہا گیا ہے کہ پھر تو مارشل لا رہے گا۔ میں یہ گزارش کروں گا کہ اس کے علاوہ بھی مارشل لاء کو ہٹانے کے دوسرے راستے موجود تھے۔ فوج کے ساتھ کشمکش کا ایک راستہ بھی موجود رہا ہے مارشل لاء کے خلاف کشمکش ہوئی بھی ہے ایجی ٹیشن بھی ہوئے ہیں یہ ایسا رویہ اور طریقہ اختیار نہ کیا جائے کہ اس راستے سے لوگ مایوس ہو جائیں یہ جو راستہ اختیار کیا گیا ہے۔ ان لوگوں نے اختیار کیا ہے۔ جن کے سامنے قوم کی مصلحتیں ہیں۔ قوم کے مفادات ہیں وہ یہ چاہتے ہیں کہ کسی نہ کسی طرح ایک پر امن راستہ نکلے لیکن اگر ضد کی وجہ سے اور

[Qazi Hussain Ahmed]

اپنی انا پر قائم رہنے کی وجہ سے یہ راستہ بند کر دیا گیا اس راستے کو نہ کھولا گیا۔ اصرار اس بات پر کیا گیا جس طرح بعض لوگ کہتے ہیں کہ ہم نے فوج کو فتح تو نہیں کیا اگر یہ کہا جائے گا تو پھر خدانخواستہ وہ دور نہ آئے اور وہ کیفیت پیدا نہ ہو کہ ملک و قوم کے پاس اس کے علاوہ کوئی چارہ ہی نہ رہے کہ وہ اپنی فوج کو فتح کرنے پر آمادہ ہو جائے۔ اس لئے یہی جو راستہ ہے یہی جو ہمیں موقع ملا ہے اس موقع سے فائدہ اٹھایا جائے اور خوشدلی کے ساتھ ایک ایسا دستور قوم کو دیا جائے۔ جس میں سب لوگوں کا اطمینان ہو جائے۔ اور اس کے بعد مل جل کر ایک راستہ اختیار کیا جا سکے گا۔ یہ نہیں کہ سب لوگ حکومت میں شامل ہو جائیں گے۔ یہ ایک دستوری اور جمہوری روایت ہے کہ اپوزیشن میں رہ کر بھی کچھ لوگ قومی مقاصد اور قومی مصلحتوں کے لئے ملک کے استحکام کے لئے ایک مثبت رول ادا کرتے ہیں اور کر سکتے ہیں لیکن اس کے لئے شرط یہ ہے کہ خوشدلی کے ساتھ ان کے رول کو بھی تسلیم کر لیا جائے اور ان کے نقطہ نظر کو اس میں جگہ دی جائے۔ جن لوگوں نے کہا ہے کہ ترمیم کرنے کی وجہ سے بل کے پاس ہونے میں دیر ہو جائیگی اگر اس میں ہم "کاما" اور "فل سٹاپ" کی بھی تبدیلی کریں گے تو پھر قومی اسمبلی میں چلا جائے گا۔ اور اس کی وجہ سے تاخیر ہو جائے گی۔ میرے خیال میں ایسی تاخیر کا کوئی امکان نہیں ہے۔ قومی اسمبلی demonstrate کر چکی ہے کہ حکومت کے پاس ٹو تھرڈ میجارٹی موجود ہے۔

† * * * * *

میں اس کی معذرت چاہتا ہوں۔ لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ اس بات کا کوئی خدشہ نہیں ہے۔ دلیل میری یہ تھی۔ میں اصل میں یہ کہنا چاہتا تھا کہ حکومت کے پاس وہاں پر ایک اچھی خاصی اکثریت موجود ہے۔ یہاں پر ہم جب ان کے ساتھ اتفاق کر لیں گے تو وہاں ان کو کوئی رکاوٹ پیش نہیں آئے گی۔ جن لوگوں نے وہاں کام کیا ہے اور اتفاق رائے کے ساتھ اس کو منظور کرایا ہے ان کو اس بات پر خوشی ہوگی۔ کہ اس میں مزید کوئی اصلاح ہو سکے۔ اس میں اگر کوئی مزید اصلاح

†Expunged by the order of the Chairman.

ہو جائے گی تو قومی اسمبلی اسے خوشدلی کے ساتھ قبول کرے گی۔ ایک دن کے اندر یہ پاس ہو سکتی ہے اور پھر ہمارے وزیر داخلہ صاحب نے یہاں فرمایا تھا کہ ان کے پاس تو "کن فیکون" کی طاقت ہے۔ مارشل لاء کو انہوں نے کن فیکون کہا تھا۔ مارشل لاء کہتا ہے "ہو جا" اور وہ ہو جاتی ہے۔ تو اسی طرح کی طاقت کی موجودگی میں اس بات کا کوئی امکان نہیں ہے کہ اس میں کوئی تاخیر ہو جائے گی۔ اور جب نویں ترمیمی بل میں ہماری تجاویز کو سمویا جا سکتا ہے۔ تو اب اس میں کیا رکاوٹ ہے انہوں نے یقین دہانی یہ کرائی ہے کہ ہم آپ کی ان تجاویز کو نویں ترمیمی بل میں لے آئیں گے اور پھر یہ اب بھی اس بات پر زور دے رہے ہیں کہ قومی اسمبلی میں جو قرارداد پاس کی گئی ہے۔ اس قرارداد کو نویں ترمیم میں جگہ دی جائے گی۔ میں سمجھتا ہوں کہ آٹھویں ترمیم میں اسے سمو دینے میں کیا حرج ہے۔ اگر آپ نے ارادہ کر لیا ہے، اگر آپ کی نیت ہے اور نیت میں کوئی فتور بھی نہیں ہے اور ہمیں ان پر یقین ہے اور اعتماد ہے یہ بہت معزز لوگ ہیں۔ تو پھر کیا رکاوٹ ہے۔ آٹھویں ترمیم میں کیوں نہیں لاتے۔ کسی نے اس پر ایک دلیل بھی نہیں دی۔ آٹھویں ترمیم میں کیوں تبدیلی کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ جب کہ وہ چاہتیں تو ہماری مخالفت کے باوجود بھی جلدی جلدی پاس کرا سکتے ہیں۔ لیکن جب ہم بھی مطالبہ کرتے ہیں ان کی بھی خواہش ہے اور ساری قومی اسمبلی متفق ہے یہاں بھی سینٹ متفق ہے تو کون سی چیز حائل ہے اور کون سی رکاوٹ ہے اس بارے میں کوئی ایک دلیل بھی ہمیں کسی نے نہیں بیان کی۔

میں آخر میں یہی گذارش کروں گا اور میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ معزز ممبران نے مجھے موقع دیا ہو سکتا ہے انہیں میری تمام باتوں سے اختلاف بھی ہو اس کے باوجود انہوں نے میری باتیں سنی ہیں تو میں بڑی دلسوزی سے یہ گذارش کروں گا کہ اس ملک میں جو بھی رہتا ہے ہم بھی اور تمام سیاسی مخالفین بھی، ہماری قسمت آپس میں وابستہ ہے۔ ملک ایک آئینی بحران سے دوچار ہے۔ ہمارے چاروں طرف خطرات ہیں اور ان خطرات کا مقابلہ ہم

[Qazi Hussain Ahmed]

مل جل کر کر سکتے ہیں اور ایک جمہوری اور آئینی معاشرہ تعمیر کر سکتے ہیں جس میں سب لوگوں کے حقوق محفوظ ہوں۔ اس میں ہر آدمی کو یہ اطمینان ہو کہ وہ اس ملک کا ایک آزاد شہری ہے، غلام نہیں، ذلیل نہیں ہے، وہ کسی سے کم تر نہیں ہے اس طریقے سے ملک کے ساتھ لوگوں کو محبت پیدا ہو گی اور اس محبت کے نتیجے میں ایک بہت بڑی قوت وجود میں آئے گی۔ اور اسی قوت کے ذریعے سے ہم ایک مضبوط "بنیان مرصوص" بن سکتے ہیں اور پھر ہمیں کوئی بڑی طاقت اور کوئی چھوٹی طاقت کچھ نہیں کہہ سکتی۔ ہمارا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکے گا۔ اگر ہمارا اپنا ملک متحد ہو گا تو میں یہ یقین دلاتا ہوں کہ ہم دریائے سندھ کا ایک گھونٹ پانی بھی دشمن کو پینے کے لئے نہیں دیں گے بشرطیکہ ہم آپس میں متحد رہیں۔ وَآخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔

جناب چیئرمین: بہت بہت شکریہ۔ جناب حمزہ خان پیلجو۔ موجود نہیں ہیں۔ پیر سید عباس شاہ۔

سید عباس شاہ: جناب والا! کل پر رکھیں۔ اصل میں میں اپنے آپ کو بہتر محسوس نہیں کر رہا۔

جناب چیئرمین: اچھا۔ میر غلام حیدر خان تالپور۔ موجود نہیں ہیں۔ پروفیسر صاحبزادہ الیاس۔

صاحبزادہ الیاس: میں بھی تیار نہیں ہوں۔

جناب چیئرمین: اس طرح سے تو کام ذرا مشکل سے چلے گا۔ پھر آپ صاحبان کو گلہ نہیں ہونا چاہیئے ٹائم کم ہوتا ہے اور کوئی صاحب ہیں بولنے والے؟ ...

(مداخلت)

**Mr. Javed Jabbar**: Sir, if you don't make this a basis for restricting the time for tomorrow or day after.....

*(Interruption)*

Mr. Chairman, Sir, I just wish to point out that we are dealing with the Constitution. We have already spent over 7 hours time today. Out of deference to those who leave the House, we do not want to waste their time, but this is not of a significance for you to impose restriction on those who happen to speak tomorrow while no restriction was imposed on those who spoke today or yesterday. So, that is my submission, Sir, I think, all other Members who wish to speak would agree with me.

**Mr. Chairman**: I would be the last person who would try to impose restriction but if the time doesn't permit.....

*(Interruption)*

**Mr. Javed Jabbar**: Sir, what is the definition of time? I mean, what is the reasonable time and unreasonable time Sir, we began the general debate only yesterday and everyone is suggesting as if that we cannot conclude the general debate by Thursday, at the most, it would go on till Sunday, Sir, or Monday.....

*(Interruption)*

**Mr. Javed Jabbar**: I want to clarify one point. They have conveyed the impression that there may be an attempt to filibuster on this to deliberately prolong the debate. May I assure you, at least on my behalf, there is no such intention and also on the part of my colleagues there is no such intention. We will use the time very judiciously and honestly. Thank you.

**Mr. Chairman**: I agree with that. Whoever spoke took long time but I think they had all been relevant, and I don't think that anybody has tried to filibuster.

**Dr. Mahbubul Haq**: This is the point of order, I wanted to raise Sir. If the honourable Members wish to spend more time discussing it, and I am sure, that they had enough time to prepare on this issue. As I realize, it is a very serious issue, then there is all the time available at the moment and if we don't take advantage of it

[Dr. Mahbubul Haq]

then we are not giving due attention, proper consideration to the issue that is in front of us. Many Members are missing, other Members are not prepared to speak on it and it does make the task of, I think, moving the session along more difficult. Now, I would request Mr. honourable Senator, Javed Jabbar to take the floor now, and he can have all the time that you are allowing him, Sir.

**Mr. Javed Jabbar**: Mr. Chairman, may I respond to that. This is a very judicious thought of invitation but I would submit that I would reserve the right to speak tomorrow, with your permission. Thank you, Sir.

**Mr. Chairman**: Mr. Akram Sultan Sahib.

**Haji Akram Sultan**: Two days have gone by, as a matter of fact five days have gone by, and we have done considerable deliberations in this House and outside the House. Surely, Mr. Javed Jabbar, who is very well prepared and I think that he should take advantage of the situation and he should speak.

**Mr. Chairman**: Nawabzada Jehangir Shah Jogezai.

**Nawabzada Jehangir Shah Jogezai**: Sir, when you ask some person to speak on an issue of Constitution which relates to the rights of the people of the country who have obtained their independence very recently and who belong to different ethnic groups and to different cultures and the geographical structure. How can one feel so easy to speak on it in a short period of time without giving a full thought to it. So, in my opinion, this country, this Constitution, or in the very beginning of the first Constitution should have made a Committee to have visited different parts of the country, studying their culture, customs and the way of administration and the way they derive inspirations and then they should have reported it to this august House to make a Constitution, agreeable and attractive. We have from the very beginning, adopted a very queer way. We always dominated them and driven them who came

with their will and with their love for this country. I think, in the whole history of the world, it is the unique experiment of Pakistan. How can you ignore this country.This is the third Martial Law. If it is eased out, the bureaucracy will come here. They have condemned the freedom of the people.

**Mr. Chairman**: Are you speaking on the Bill?

**Nawabzada Jehangir Shah Jogezai**: No, I am just speaking on the thing that the importance of this Constitutional machinery is so high that one should confine himself to certain limits. Let us think over, let us ponder over, becaue it is very very important issue.

**Mr. Chairman**: I think,nobody doubts the importance of this measure but the point is when was this law first enacted by the Assembly. I think, it came out in the press, from that day onwards the people should have known that it would be sooner or later coming to the Senate also. But if we are so much interested in the welfare of this country, in the permanent Constitutional strength of this country, in improving the Constitution of this country, I am sure everybody would have studied it. Then, when this Session was called, it was called specially for the passing of this Constitution and for the consideration of this Constitution. This is not the only measure before this House, there are other laws also, but I am sure that the honourable Member must have given enough attention. I really don't know what hesitation there is? Why the people are not speaking?

**Mr. Javed Jabbar**: Sir, may I clarify this point.

**Mr. Chairman**: No, I am not talking of any individual. Please don't take it upon yourself to explain on behalf of everybody, but here we have got actually another hour and in this we would want to speak; whether it is independent group, government group or any group.

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: جناب عالی۔ کانسٹی ٹیوشن مختلف اوقات میں مختلف لوگوں میں مختلف حکومتوں میں مختلف رہا ہے۔ بادشاہ کا کانسٹی ٹیوشن اور ہوتا ہے۔ جو غالب آجاتا ہے اس کا کانسٹی ٹیوشن اور ہوتا ہے، جو لڑ کر آزادی لیتا ہے اس کا کانسٹی ٹیوشن اور ہوتا ہے، جو اسلام پر believe کرتا ہے اس کا کانسٹی ٹیوشن اور ہوتا ہے۔ اسی طرح سے اگر ہم تشریح کریں گے کہ جمہوریت کیا چیز ہے تو کئی علاقے ہیں جہاں پر بادشاہت بھی ہے اور جمہوریت بھی۔ کئی علاقے ہیں جہاں پر ایک پارٹی کی حکومت ہے وہ بھی جمہوریت ہے۔ جمہوریت کسی بھی شکل کی ہو۔ ایک زمانہ تھا کہ بادشاہ مر جاتا تھا۔ جو بھی پہلا آدمی شہر میں داخل ہوتا اسی کو پکڑ لیتے تھے کہ چلو تم ہمارے بادشاہ ہو۔ دراصل جمہوریت کا لب لباب اور اصل مقصد یہ ہوتا ہے کہ اس میں لوگوں کی رائے بھی شامل ہو اسی کو جمہوریت کہتے ہیں۔ اسی کے ذریعے سے ہمیشہ ایک جدوجہد رہتی ہے۔ ہم نے ایک فریم ورک بنانا ہے کہ ہم نے اس ملک کو اس قوم کو کیسا آئین دینا ہے جہاں مساوات ہو محبت ہو، اخوت ہو، اور جہاں حریت ہو۔

اب میں کہوں گا کہ حریت کس چیز کو کہتے ہیں۔ حریت کا مطلب یہ ہے کہ وہ قانونی ایکسپلائٹیشن سے اقتصادی ایکسپلائٹیشن سے سیاسی ایکسپلائٹیشن سے آزاد ہو۔ اس معاشرے کی اگر ہم نے کچھ جھلک دیکھنی ہے تو پھر ہمیں اسلام کے اس سنہری وقت کی ایک جھلک ضرور دیکھنی چاہیئے اگرچہ ہم میں نہ وہ طاقت ہے نہ وہ حرارت ہے نہ وہ ایمان ہے کہ ہم خلفائے راشدین کے آئین کو نافذ کریں اس گنہگار زمانے میں جبکہ ہمارے افکار پر میکالے کی چھاپ پڑی ہے کہ جبکہ ہمارے طرز معاشرت میں انگریزوں کے خاکے ہیں، جبکہ ہمارے قانون میں میکالے کی روح ہے۔ اس سے آزادی لینے کے لئے حقیقت یہ ہے کہ جب تک ہم ان تمام ضابطوں کو ان تمام قوانین کو اسلام کے مقابلے میں ختم نہیں کرتے ہیں اور جب تک ہم اسلام کے ضابطوں کو من وعن نافذ نہیں کرتے ہیں اوپر سے لیکر نیچے تک اس پر عمل نہیں کرتے ہیں تب تک ہمارے مسائل نہ حل ہونگے

نہ یہ ملک متحد ہوگا نہ یہ ملک اس معیار تک پہنچ سکے گا جس کے لئے یہ ملک بنا ہے۔

پاکستان میں مختلف صوبے کیسے شامل ہوئے۔ انگریزوں کی سلطنت جس پر سورج غروب نہیں ہوتا تھا بلوچستان اس کا آخری صوبہ تھا۔ اور ژوب کے علاقہ پر انہوں نے سب سے آخر یعنی ۱۸۹۰ء میں قبضہ کیا تھا۔ انگریز آئے لڑائی ہوئی۔ ہم نے تین لڑائیاں انگریزوں کے ساتھ کیں۔ فرسٹ افغان وار، سیکنڈ افغان وار تھرڈ افغان وار۔ انگریز بلوچوں کے جس علاقے میں آئے انہوں نے اس علاقے کا نام بلوچستان رکھا ہے پھر آہستہ آہستہ جتنے علاقے آتے گئے چاہے فتح سے چاہے agreement سے اسکو بلوچستان میں مدغم کیا گیا۔ بلوچستان میں تین قومیں بلوچ، پٹھان، بروہی آباد تھے۔ بروہیوں کی اپنی ریاست تھی جو ۸۰۰ سال سے تھی۔ جب وہ افغانستان کے ساتھ رہے تب بھی ان کے اندر افغانوں نے مداخلت نہ کی ہم جب بھی افغانستان کے ساتھ رہے ہمارے اندر بھی مداخلت نہ کی۔ جب انگریز آئے تو انہوں نے بھی ہمارے اندر مداخلت نہ کی۔ اور جب پاکستان بننے کا واقعہ آیا تو آپ کو پتہ ہے کہ شاہی جرگے نے کانگرس کے مقابلے میں نواب صاحب کو کھڑا کیا تھا۔ ہمارے جرگے شاہی جرگے تھے قلات کا بھی تھا۔ پٹھانوں کا بھی تھا۔ لیکن جس وقت ریفرنڈم کا زمانہ آیا الیکشن کا زمانہ آیا تو قلات نے اپنا شاہی جرگہ جو تھا اس کو کاٹ کر کے خالی سے پٹھانوں کا جرگہ رہنے دیا۔ ۱۹۵۶ء میں بروہی کے ساتھ جو باقی پٹھان تھے انہوں نے کانگریس کے مقابلے میں اپنا نمائندہ کھڑا کیا جو نواب جوگیزئی تھا۔ پھر تین جون کو جو فیصلہ ہوا۔ اس دن ہمارا ایک بہت بڑا جلسہ ہوا۔ پھر ۲۱ جون کو ہوا جس میں میاں ضیاء الدین بھی شامل تھے۔ سوال یہ تھا کہ بلوچستان کے جتنے دانشور ہیں، سیاستدان ہیں جن میں قلات نیشنل پارٹی بھی تھی، "انجمن وطن" بھی تھی مسلم لیگ کے بھی کچھ آدمی تھے۔ لیکن ہم چونکہ اس کی طرف سے کام کرتے تھے کہ بلوچستان کا سارا ڈھائی کروڑ روپیہ خرچہ ہے ۷۰ لاکھ آمدن ہے ہم کو کون زیادہ پیسہ دے سکتا

[Nawabzada Jehangir Shah Jogezai]

ہے۔ مطالبہ آخر اس بات پر آگیا کہ ہمارا صوبہ نہ ٹوٹے ہمارا خرچہ ملے اور اسلامی نظام نافذ ہو۔ رات کو بیٹھ کر نواب صاحب کے ساتھ یہ بات ہوئی۔ اس میں ہم نے یہ موقف اختیار کیا کہ کل اس کا اعلان کر دیں کیونکہ کانگریس سے پیسے دو تاریخ کو آ رہے ہیں کہیں ایسا نہ ہو کہ سردار صاحب منحرف ہو جائیں۔ نواب صاحب نے کہا کہ ہمارا سب سے بڑا مطالبہ نفاذ شریعت کا ہے سردار نشتر صاحب قائداعظم کی طرف سے آ رہے ہیں۔ ان سے یہی تین باتیں لکھوا کر رہوں گا۔ ایک تو مطالبہ شریعت کے نفاذ کا ہے۔ دوسری بات یہ کہ ہمارے جو قومی معاملات ہیں ان میں دخل اندازی نہیں ہو گی۔ خیر یہ سب باتیں ہو چکیں، اس کے علاوہ قائداعظم نے اپنی حیثیت میں اس بات کی یقین دہانی کرائی۔ جناب والا! اسی طرح قلات کا معاملہ ہے اس کی آزادی کی بات تھی۔ اس کو آزاد رہنے کا حق تھا اور ہمارا یہ حق تھا کہ ہم اس کو پاکستان میں شامل کرتے مگر اس معاملے کو اس طریقے سے ہینڈل نہیں کرنا چاہیئے تھا۔ جس طریقے سے کیا گیا۔ اس طرح یہ ایک قومی issue بن گیا۔ اسی طرح دوسری بہت ساری ریاستوں کے جس طرح سوات وغیرہ ہیں، معاملات ہیں۔

جناب والا! جب ہمیں پاکستان کو مضبوط بنانا ہے، یا ہمیں پاکستان کو اپنے دفاع کے قابل بنانا ہے تو ہمیں چاہیئے کہ نہ تو ہم مغرب کی طرف دیکھیں اور نہ ہی مشرق کی طرف دیکھیں۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ یہ ایسے ہو سکتا ہے کہ مذکورہ علاقوں کے معاملات میں ان علاقوں کی مرضی شامل ہو۔ ان پر کوئی شخص اپنی خواہش کے مطابق وہ آئین نہ ٹھونس سکے جو کہ ان کی طبیعت کو راس نہ آئے ان سب معاملات کے بارے میں پہلے سے ہی ریفرنڈم سے متعلق وزراء کو مثلاً اٹلی کو، جارج کو، کنگ آف انگلینڈ کو، ان کے وزراء کو، اور قائداعظم کو ٹیلیگرام دیئے گئے تھے۔ ٹیلیگرامز میں ان کو اس بات سے آگاہ کیا گیا کہ ہم وہ آئین تسلیم نہیں کریں گے۔ جو ہمارے ملک کے رسم و رواج کے خلاف ہو۔

جناب والا! قیام پاکستان سے پہلے جو آئین ساز اسمبلی تھی اس کے بارے میں

عرض کرتا ہوں ایک انگریز وکیل نے کہاکہ یہ غلام ہیں یہ اسے نہیں توڑ سکتے ہیں یہ تو اپنی خود مختاری کے حقوق مانگتے ہیں۔

جب انگریز چلے گئے تو ہم نے بلوچوں کے ساتھ مل کر بے شک یہ تعداد میں تھوڑے تھے۔ لیکن تعلقات کی وجہ سے یہ لکھ کر دیا تھا کہ next جو بھی چیز ملے گی وہ بلوچوں کو ملے گی حالانکہ اپنے صوبے میں ہم اکثریت میں تھے۔ لیکن ہوا کیا کہ جب نیا آئین بنانے کے لئے الیکشن کرانے کے لئے ڈاکٹر خان صاحب کو پشاور سے ہمارے پاس بھیجا گیا تو میں آپ کو کیا بتاؤں کہ اس وقت نواب مری اور نواب بگٹی دونوں میرے پاس آئے۔ انہوں نے مجھے کہاکہ ہمارے ساتھ تو یہ معاہدہ ہوا ہے۔ میں نے انہیں کہاکہ دیکھو ڈاکٹر خان صاحب انٹرنیشنل پوزیشن کے آدمی ہیں ان کے آنے کا ہمیں فائدہ ہی ہوگا نقصان نہیں ہوگا پھر جس طریقے سے جس انداز سے بلوچستان کے حالات بگڑ گئے ان سے ہمیں یقین ہوگیا کہ کوئی بھی حکومت آئے وہ نہ بلوچستان کو سمجھ سکے گی اور نہ ہی ہمارے مسائل کو سمجھ سکے گی۔ وہ صرف ڈنڈے کے زور پر حکومت چلانے کی کوشش کر سکتی ہے۔ اس ڈنڈے کے زور سے حکومت کرنے کا نتیجہ کیا نکلتا ہے۔ اس کے نتیجے میں کچھ خوشامدی لوگ پیدا ہو جاتے ہیں۔ اور کچھ Anti-state elements پیدا ہو جاتے ہیں۔

پاکستان بننے کے بعد وہاں ایک پولیٹیکل مجسٹریٹ مقرر ہوا۔ اس کے سامنے سکول ٹیچروں سے لے کر students تک ایسے پیش ہوتے تھے جیسے کہ یہ اس کے سپاہی ہوں اگر کوئی ہنگامہ ہو جاتا تھا تو خود جا کر ان کی خوشامد کرتے تھے۔ پانچ دس سال کے بعد گلے شکوے شروع ہوئے۔ دس سالوں کے بعد بالکل ایک منظم طریقے سے پاکستان کے خلاف کارروائیاں شروع ہو گئیں۔ ان کارروائیوں کی آبیاری سوائے Anti-state elements کے اور نہیں کرتا اچھے لوگ ایسا نہیں کرتے۔ اب ان سے بچاؤ کا کیا طریقہ ہو سکتا ہے اس کا یہی طریقہ ہے کہ ہم اپنے آئین کو اسلامی اصولوں کے مطابق بنائیں۔

[Nawabzada Jahangir Shah Jogezai]

جن سے صوبوں میں امن ہو، راحت ہو جس سے کہ کسی کو کوئی تکلیف نہ پہنچے، اور دشمن سے حفاظت کا مکمل بندوبست ہو۔ آئین میں، ہمارے ذہن میں اس کے سوا، اور کوئی چیز نہیں آئی۔ ہم اسلام کے لئے یہاں آئے ہیں۔ ہم اسلام کا نفاذ چاہتے ہیں۔ اس کے سوا ہمارا نہ کوئی مقصد ہے اور نہ ہی کوئی خواہش ہے۔ اسلام اسی طریقے سے نافذ ہو سکتا ہے کہ اس کے لئے اسلامی کورٹس یعنی شرعی عدالتوں کو وہ تمام اختیارات دیئے جائیں جو کہ اسلام نافذ کرنے کیلئے ضروری ہوں۔ عام لوگوں اور حکومت سے متعلق تمام مقدمات ان عدالتوں میں جانے چاہئیں ان سب کے فیصلے اسلامی عدالتوں میں ہونے چاہئیں کیونکہ قرآن پاک میں ہدایت ہے کہ جب تم آپس میں لڑپڑو تو اس کا فیصلہ اللہ اور رسول کی ہدایات کے مطابق کرو۔

جناب والا! ہمارے علاقے میں جو رسم و رواج ہیں وہ بھی اسلامی ہیں۔ جب یہ دیکھا کہ کوئی فیصلہ علماء سے تعلق رکھتا ہے تو اس کو جرگہ میں پیش کرنے کی بجائے علماء کے سامنے پیش کیا جائے یہ جرگہ کا فیصلہ ہے۔

ایک دفعہ ایک سٹوڈنٹ میرے پاس آیا اس کا ذہن پریشان تھا۔ وہ پاکستان سے بیزار تھا اس کا ذہن روس کی طرف مائل تھا سوشلزم کی طرف مائل تھا۔ اس کے ساتھ جب کھل کر باتیں ہوئیں تو معلوم ہوا ہے کہ یہ ایڈمنسٹریشن کا قصور ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ ہم نے ان چیزوں سے آنکھیں بند کر لیں اور جو کچھ آپ نے کہہ دیا اس پر تالی بجا دی، اس طرح کام نہیں چلے گا۔ ہمیں اب آنکھیں کھولنی چاہئیں۔ ہم کام کو اپنی ذات کے لئے نہ کریں۔ جب بھی کوئی قانون بنائیں، کوئی بھی تجویز پیش کریں۔ کوئی بھی ترمیم پیش کریں تو یہ سب اس لئے کریں کہ ان سب چیزوں کا فائدہ عوام کو پہنچے۔ اگر ان قوانین سے عوام کو فائدہ پہنچ گیا تو ہم یہ سمجھیں گے کہ ہمیں وہ سب کچھ مل گیا۔ ہمیں کوئی لالچ نہیں ہے۔ کوئی غرض نہیں ہے۔ اور نہ ہی ہمیں کوئی ڈر ہے، کوئی خوف بھی نہیں، ہم بالکل نہیں ڈرتے ہم ان سارے معاملوں سے گزر چکے ہیں۔

ایک دوسری بات یہ ہے۔ کہا جاتا ہے کہ سینٹ کا وقار نہیں ہے۔ یہ کچھ لوگوں

نے طریقہ اختیار کیا ہے کہ اس طرح سے شور کریں تاکہ لوگوں کو پتہ چلے کہ یہاں کیا ہو رہا ہے۔ لیکن میرا مقصد یہ بھی بنتا ہے۔ میں عرض کرتا ہوں کہ ہمارا وقار، ہمارا کردار، ہمارا وقار، ہماری قوم ہے۔ اگر ہماری قوم باوقار ہے تو ہم باوقار ہیں اگر وہ بے وقار ہے تو پھر ہمارے وقار کا کیا مطلب ہے چاہئے آپ وزارت کی کرسی پر بیٹھیں، یا کسی دیگر کرسی پر بیٹھیں اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ اگر آپ کی قوم میں غیرت ہی نہ ہو کہ آپ کسی برے کام کی مدافعت کر سکیں تو اس کا کیا فائدہ۔

میں جناب والا! عرض کرتا ہوں کہ ہم نے انگریزوں کے خلاف تین جنگیں لڑی ہیں ان میں کبھی بھی قبائلی علاقہ نیوٹرل نہیں رہا ہے۔ اب کیوں nutral ہو رہا ہے۔ روس سرحدات پر موجود ہے، ہمارے بھائیوں کو مار رہا ہے۔ لیکن آپ نے یہ نہیں سوچا کہ قبائلی آگے کیوں نہیں گئے۔ اصل میں بات یہ ہے ہمیں اسباب کو دیکھنا چاہیئے کہ ہم میں سے جہاد کا جذبہ، اس ملک کا دفاع کرنے کا جذبہ کیوں روز بروز ختم ہو رہا ہے۔ کیوں مفقود ہو رہا ہے چاہیئے تو یہ تھا کہ اس وقت ایک ایک آدمی ناقابل تسخیر قلعہ ہوتا۔ لوگوں میں جہاد کا جذبہ ہوتا۔ ایسی باتیں جب ہم سنتے ہیں ان سے ہمیں دکھ اس لئے ہوتا ہے کہ ہماری سوچ بدل گئی ہے۔ ہماری سوچ تو یہ نہیں تھی۔ ہم تو یہ سوچتے تھے کہ ہمارا اگلا قدم کسی اور جگہ ہوگا۔ ہماری سوچ تو یہ تھی کہ جب پاکستان بنے گا تو یہ اسلامی دنیا کا قلعہ ہوگا۔ ہم اپنے وسائل سے اس کو ایک تھرڈ ورلڈ پاور بنائیں گے تاکہ مشرق اور مغرب کے درمیان ہمارا ایک فیصلہ کن توازن ہو۔ مگر آج تک یہ چیز نظر نہیں آرہی ہے۔ ہم کبھی مغرب کی طرف دیکھتے ہیں اور کبھی مشرق کی طرف دیکھتے ہیں۔

(مداخلت)

نوابزادہ جہانگیر خان جوگیزئی: جناب والا! انہوں نے بات ٹھیک کہی ہے۔ ہم نے یہاں اظہار خیال اپنے بھائیوں کے لئے کرنا ہے اگر ہماری

[Nawabzada Jahangir Shah Jogezai]

تقریریں ریکارڈ میں آجائیں تو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ یہ ریکارڈ کون پڑھتا ہے۔ اس لئے میں یہ عرض کرتا ہوں کہ جناب کورم نہیں ہے۔

جناب چیرمین: کورم موجود ہے۔ کورم بالکل موجود ہے۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: کیا کورم موجود ہے؟

(مداخلت)

جناب چیرمین: کورم کا خیال رکھنا میری ڈیوٹی ہے۔ آپ اپنی تقریر جاری رکھیں، کورم موجود ہے اس کی ذمہ داری میری ہے۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: دو آدمی چوری کے لئے آئے تھے مالک جاگ گیا اس نے بولا چور چور تو دوسرا بھاگ گیا اس کی جوتیاں وہاں رہ گئیں پیچھے سے دوسرے نے آواز دی تو پہلے نے کہا کہ بھئی میں بڑی موشن میں ہوں تم پیچھے اٹھا کر کے لے آنا اس طریقے سے یہ کام نہیں ہو سکتا کہ بھئی جلدی کر دو تاکہ وقت exhaust ہو جائے بھئی ہم اپنے خیالات لوگوں کو اس لئے بتاتے ہیں کہ ہمارے ساتھی سنیں ان کی سمجھ میں کچھ آ جائے اگر ہم انکو contact ہی نہ کر سکے وہ ہماری بات کو نہ سمجھ سکے اور وہ ایک بات پر اڑ جائیں کہ جناب آئین تو بن چکا ہے مارشل لاء نہیں جائے گا مارشل لاء کیوں نہیں جائے گا۔ اول تو یہ ہے ایمانداری کی بات ہے کہ جس دن الیکشن ہو گئے۔ اسی دن مارشل لاء جانا چاہیئے تھا صدر صاحب انتخابات کے ذریعے سے آچکے ہیں اسلام کے ذریعے سے آ چکے ہیں وہ شرط اس کے ساتھ ہے کہ اگر آپ اسلام کو چاہتے ہیں تو مجھے بھی ۵ سال ملیں گے جب وہ منتخب ہو گئے تو اسلام کی بات ختم ہو گئی مجھے سخت افسوس ہے۔

قومی اسمبلی نے جتنا کام کیا ہے اس کو میں سلیوٹ کرتا ہوں اس لئے سلیوٹ کرتا ہوں کہ جس ماحول میں جس فضا میں ڈر موجود ہو خوف موجود ہو تلوار سر پر لٹکتی ہو اور وہاں کوئی آدمی اگر بات کرتا ہے میں اس کو ایماندار

کہتا ہوں حلوہ کھانے کے لئے تو سینکڑوں لوگ ہیں تلوار چلانے کے لئے ایک بھی میدان میں نہیں آتا، میں نے میدان دیکھے ہیں، اس وقت بھی دیکھے تھے جب حلوہ بٹتا تھا تو کتنے لوگ وہاں جاتے تھے۔ اور جہاد کے لئے کتنے جاتے تھے وہ بھی دیکھے ہیں۔ ہمارا مقصد حکومت کیساتھ confrontation نہیں ہے میرا confrontation صرف شیطان کے ساتھ ہے جو خدا کا دشمن ہے اور میں ملک کو اس پر قطعی نہیں چھوڑتا۔ ملک نے اس آئین کو نہیں دیکھا ہے جو خدا کا آئین ہے اور جس کے لئے ہم یہاں پر آ گئے ہیں لوگ اب بھی شیطان کی طرف دیکھتے ہیں اس ذہن کے ساتھ دیکھتے ہیں جس ذہن میں خدا کا خوف نہیں۔ میں تو سارے پاکستان کے ہر شخص سے یہ سوال کرتا ہوں چاہے سپاہی ہے چاہے میرا ڈھول سپاہی چاہے جنرل ہے چاہے دیہاتی ہے چاہے شہری ہے چاہے فقیر ہے چاہے امیر ہے۔ ملک کو بچانا ہے کہ نہیں بچانا، سیدھا سا سوال ہے اگر ملک کو بچانا ہے تو اس کا دستور کیا ہونا چاہیئے۔ اس کے لئے کردار کیا ہونا چاہیئے اس کے لئے عمل کیا ہونا چاہیئے اور اگر نہیں بچانا ہے تو چلو بانٹ لیتے ہیں ختم ہے ہی بانٹ لیتے ہیں ہم اس کے بعد تمہارے ساتھ کبھی نہیں رہیں گے ہم جب گھر جاتے ہیں تو ہم سے گلے ہوتے ہیں کہ تم نے ہم سے یہ کرایا تھا۔ تم نے ہم سے وہ کرایا تھا۔ راجیو، روس چلا گیا۔ تین گھنٹے اس کے ساتھ بحث کی۔ مجھے اس کا نام ہی نہیں آتا ہے گر بیچف (گورباچوف) ہے جو بھی ہے ہمارے اس کے ساتھ تعلق نہیں ہے اور انشاء اللہ تعالےٰ جس وقت آئے گا تو پہلی گولی میرے سینے پر ہوگی، چاہے ادھر سے آئے چاہے اُدھر سے آئے اس کے بعد مجھے زندگی کی ضرورت ہی نہیں ہوگی وہ کس لئے گیا کیوں گیا اور یہ فوج بنانے والے کون ہیں جب آنکھیں بند کر کے کچھ نہ کریں تو کیا ہماری فوجیں خلاء میں اڑتی جائیں گی۔ ہماری فوج میں اضافہ بغیر خوشامدیوں کے بغیر خودغرضوں کے کبھی نہیں ہوگا اگر خودغرضوں کی فوج بنانی ہے تو بنا دیجیئے اس سے میرا کچھ نہیں بگڑتا ہے میرا کچھ نہیں ہوگا میرا ایک پیسہ خرچ نہیں ہوا میرا جو بینک بیلنس ہوگا وہ ہوگا جس وقت

[Nawabzada Jahangir Shah Jogezai]

اللہ کے سامنے ہمارا سامنا ہو گا تو میں کہوں گا کہ میں لڑا ہوں تو تیرے لئے لڑا ہوں تیرے قانون کے لئے لڑا ہوں اپنی ذات کے لئے نہیں لڑا۔ میں نے اس دن بھی دعا مانگی تھی کہ مجھے کسی چیز کی ضرورت نہیں ہے اور نہ آج ہے نہ کل ہے نہ ڈرتا ہوں نہ تحریص میں آتا ہوں اللہ کی بات کروں گا جب بھی اللہ کی بات کروں تو اسے سمجھا کریں۔

آپ سب مل کر بتا دیں کہ اللہ کا دستور کون سا ہے وہ کونسا راستہ ہے جس پر ہم متفقہ طور پر چلیں آپ بتا دیں ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ ہماری کوئی پارٹی نہیں ہے۔ ہمارا کوئی اور آئین نہیں ہے ہمارا صرف ایک آئین ہے وہ قرآن ہے اس پر جو صاحب چلنا ہے ہم اس کے ساتھ چلنے کو تیار ہیں اب آپ دیکھیں ملوکیت نے اسلام کی ملت کو کتنا نقصان پہنچایا ہے چار خلفاء کے بعد جس وقت معاویہ آیا ہے اس کے بعد آپ نے دیکھا کہ یزید کے ساتھ ساری ملوکیت آگئی ملوکیت میں ہمیشہ ایک انتظامی طریقہ ہوتا ہے کہ جو اس کا وفادار ہو جائے تو پھر اس کا ہی خاندان چلتا ہے۔ وہی خاندان وزارت میں وہی خاندان فوج میں وہ خاندان فیملی در فیملی ہوتا ہے یعنی اگر آپ ہماری فقہی تاریخ کو ذرا پڑھیں کہ ہمارے فقہا نے کس وقت اسلامی فقہ کو تیار کرنا شروع کیا امام ابو حنیفہ سے لے کر نیچے تک حکومت اس کے پیچھے پڑی ہوتی تھی اس کو جیل میں ڈال دیتی تھی کیوں اس لئے کہ ان کا اثر و رسوخ اتنا بڑا ہوتا کہ وہ ڈرتے تھے حالانکہ وہ ایک اتنا ذہین آدمی تھا جس نے قرآن سے قوانین نکال کر فقہ بنایا اب دیکھیں کہ اگر اس فقہ کو ٹٹولیں تو اس میں کئی مسئلے ہوں گے لیکن حکومت پر اس کا کچھ اثر نہیں ہو گا اس لئے نہیں ہو گا کہ وہ بھی ایسا ماحول تھا جیسا کہ آج ہے کوئی شخص بول نہیں سکتا تھا جو بولتا تھا اس کو جیل میں ڈال دیا جاتا تھا فقہا نے جتنا کام کیا بس اسے اس جگہ رہنے دیا اس کے بعد یہ کہا کہ اس کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ قرآن میں تین لاکھ چھہتر ہزار علوم ہیں اس پر آج تک کسی نے ریسرچ نہیں کی اس کو کسی نے نہیں دیکھا کہ علوم کے اس خزانے کو ذرا کھول

کر دیکھو لیکن ہماری تمام تعلیم کا دارومدار یہ ہے کہ ہم انگریزی کلچر کے پیچھے پڑے ہیں میکالے کے وہ لفظ مجھے یاد ہیں۔

We should create a class of Interpreters who should be Indians in blood and colour but Britshers by intellect. They should be Interpreters between us and the millions we rule.

اس نے ایک ایسا گروہ پیدا کیا کہ جو فوج ہے وہ اسی گروہ سے تعلق رکھتی ہے جو وکیل ہے اسی گروہ سے تعلق رکھتا ہے جو سول سروس میں ہے وہ اسی گروہ سے تعلق رکھتا ہے۔ ملا کو جب دیکھتے ہیں تو اس کی داڑھی کو دیکھ کر کے ڈر جاتے ہیں کہ بھئی یہ کیا بلا ہے۔ بابا وہ کون سی قوم ہے جو آج کے موجودہ زمانے میں بھی یہ نہیں کہتی کہ مشورے سے کام چلاؤ۔ کون سی حکومت ہے جو یہ نہیں چاہتی کہ فلاحی مملکت ہو وہ کون سا ملک ہے جو تنظیم نہیں چاہتا ہے۔ آمر کون ہوتا ہے آمر وہی شخص ہے جس کے پاس اختیارات ہوں اور وہ اختیارات استعمال کر سکے۔ جو خدا اور رسول کے احکام کے مطابق ہیں اور وہ اختیارات مرضی سے نہیں بنا سکتا ہے اس کا ایک واقعہ آپ سن لیں۔ اسلامی قوانین میں انسانی معاشرے میں تمام واقعات مثلاً ولاثت ہے، قتل ہے، زخم ہے، زنا ہے چوری ہے، فساد ہے، اور فساد کے لئے جو سزا شرعی ہے یعنی فساد فی الارض کی صحیح سزا یہ ہے کہ ہاتھ پاؤں کاٹو یا سولی چڑھا دو یا اس کو ملک بدر کر دو جیسے اس کی نوعیت ہو مگر جب حضرت عثمان کے ہاں فسادی آ گئے تو نہ فوج کو بلایا گیا نہ کوئی آرڈیننس نکالے گئے ان سے جو شکایات تھیں ان کا جواب منبر پر دے دیا گیا اس نے کہا کہ تم اس سے استفادہ کرو انصاف ہو گیا اس لئے کہ میجارٹی نے اس کو بیعت دیا تھا۔ یہ امانت تھی، اللہ کی امانت تھی اس کے پاس تھی وہ چند آدمیوں کے کہنے پر امانت کیسے چھوڑ سکتا تھا۔ مومن کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ وہ

[Nawabzada Jahangir Shah Jogezai]

ایماندار ہوتا ہے وہ وعدے کا سچا ہوتا ہے ۔ امانت بھی وعدہ ہے ۔ پھر اس کے بعد گھر جا کر قرآن پڑھنا شروع کر دیا اور کہا کہ جو مجھے قتل کریں گے ان پر قصاص ہوگا ۔ اب معاملہ اللہ کی طرف ہے ۔ یہ ہے اس نظام کا واقعہ کہ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اسلام میں فساد صرف اس چیز کو کہا جاتا ہے جو معاشرے کے خلاف ہو ۔ اس کے خلاف نہیں کوئی کسی بدر کے خلاف یا کسی جابر کے خلاف کھڑا ہوگیا اسلامی نظام میں یہ کہیں نہیں ہے حضرت عمر رض کو کسی نے کہا فلاں آدمی تجھے قتل کرنا چاہتا ہے انہوں نے کہا کہ اب تک تو میں زندہ ہوں کسی نے قتل نہیں کیا ۔ حضرت علی رض نے عبدالرحمٰن ابن ملجم کو جو سویا ہوا تھا اٹھایا اور کہا کہ نماز پڑھو، اور جب اس نے ان کو قتل کرنے کے لئے شدید زخمی کر دیا اور لوگوں نے اس کو رسی سے کس کر باندھا تو حضرت علی رض نے کہا ذرا سی رسی ڈھیلی کر دو، اس کو کیوں اتنا عذاب میں ڈالتے ہو ۔ اس سے قصاص لو کیونکہ قصاص کا حکم ہے، اور یہی انصاف ہے ۔

میں نے جب یہاں آکر امنڈمنٹ دیکھی، کیونکہ پہلے پڑھی نہیں تھی ہمارے ریڈیو اور ذرائع ابلاغ صحیح بات تو نہیں کرتے بلکہ وہ تو تعریف کرتے ہیں، ابھی میں نے دیکھا کہ پریذیڈنٹ کو کوئی عدالت چیلنج نہیں کر سکتی تو میں لرز گیا ایک دم فرعون کا قصہ یاد آیا ۔ کہ میں خدا ہوں، میرے سامنے کوئی چوں نہیں کر سکتا ۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کو وہاں بھیج دیا اور فساد ہوگیا، فساد یہ ہے کہ جس ملک میں انصاف کے ترازو کے پلڑے میں بگاڑ پیدا ہو جائے تو وہاں فساد پایا جاتا ہے ۔ اس فساد کے انسداد کے لئے اللہ تعالیٰ نے پیغمبر بھیج دیا ۔ حضرت عمر رض نے بھی یہ نہیں کیا، حضرت علی رض بھی کورٹ میں گئے ۔ یہاں پر ہم جس زمین پر کھڑے ہیں جس پر خدا غضب نازل نہیں کرتا ہم کس جگہ پر کھڑے ہیں، ہم کس چکر میں پڑے ہیں ! کیا ہم کو خدا سے ڈر نہیں لگتا کیا ہم نے خدا کو جواب نہیں دینا ؟ کیا ہم نے مرنا نہیں ہے ؟ ہم اللہ تعالیٰ کو کیا منہ دکھائیں گے ۔ حضرت علی رض جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی

اور بھائی ہیں ، وہ خلیفہ ہیں وہ کورٹ میں جا سکتے ہیں تو تم کہاں سے پیدا ہو کر آگئے کہ تم کو کوئی چیلنج نہیں کر سکتا۔

جو تم نے کیا ہے ہم اس کو تحفظ دیں گے، ہمیں منظور ہے، اس لئے منظور ہے کہ تم نے قوم کو ایک مصیبت سے نکالا بھی تھا تم نے ملک میں امن قائم کیا مگر امن قائم کرنے کے بعد چاپلوس تمہارے اردگرد بیٹھ گئے اور اِدھر اُدھر سے پٹی پڑھا کر آپ کو گمراہ کرتے رہے۔ آپ اسلام کی تو بات کرتے رہے اور یہاں پر یہ باتیں ہوتی رہیں۔ لیکن یہ صرف آپ کے ذہن کی بات نہیں ہے کیونکہ اسلامی نظام کو ہر ایک نہیں سمجھ سکتا یہ ہر آدمی کے بس کی بات نہیں ہے۔ لیکن اس وقت جب آپ نے حکومت پر قبضہ کیا، ہم کہتے ہیں آپ نے بہت اچھا کیا، ہم آپ کو سلام کرتے ہیں۔ ہم آپ کو دعا دیتے ہیں۔ کیونکہ اس وقت وہ ماحول ایسا ہی تھا۔ مارشل لاء لگنے سے پانچ دن پہلے کی بات ہے۔ مرزا طاہر نے ہمیں دعوت دی تھی۔ جس میں بلوچستان کے بہت سے لوگ موجود تھے۔ امان اللہ گچکی ادھر ڈی سی ہوتا تھا۔ پھر وہ استعفیٰ دے کر پیپلز پارٹی میں آگیا۔ اس نے خوب مزے سے arguments دینے شروع کیے۔ وہ بھی جوش میں تھا ہم بھی جوش میں تھے وہ کمیونزم کے حق میں تھا ہم اسلام کے حق میں تھا۔ اس نے کہا،

"You will see within six months that the Constitution has been broken." I said, "Nobody knows, it may be so."

پانچ دن کے بعد مارشل لاء آیا، اور جب مارشل لاء نہیں آیا تھا تو (ضیاء الحق) بھٹو کے حق میں تھا اس نے کہا تھا کہ ہم اس کا ساتھ دیں گے۔ ہم کہتے تھے کہ یہ کیسا مسلمان ہے، یہ نمازیں بھی پڑھتا ہے اگرچہ ہم نے دیکھا نہیں لیکن سنا تھا بڑا مسلمان آدمی ہے۔ جب اس نے (ضیاء الحق) حکومت پر قبضہ کیا تو ہم خوش ہو گئے۔ کیونکہ اس کا کچھ قصور نہیں تھا۔ ولی خان ادھر گارڈن

[Nawabzada Jahangir Shah Jogezai]

میں آیا تھا ہم کو بھی بلوایا۔ نسیم حجازی بھی ہمارے ساتھ تھا۔ نسیم حجازی نے کہا کہ مجھے ولی خان سے ملا دو، میں اس کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اس کا ہم لوگوں پر احسان ہے، میں نے کہا کیا بات ہے۔ اس نے کہا کہ یہاں پنڈی میں جب شور شرابہ ہوا، تو بھٹو چاہتا تھا کہ گڑبڑ ہو جائے۔ اس نے پٹھانوں کو منع کیا، کہ پنڈی مت جاؤ۔ نسیم حجازی نے کہا تو میں نے اس کو ملا دیا ولی خان نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ پہلے احتساب پھر انتخاب، اس کی بیگم میرے ساتھ بیٹھی ہوئی تھی۔ میں نے کہا یہ کیا بول رہا ہے بھئی یہ نہیں جانتے کہ کیا کریں۔ بھئی احتساب تو کورٹ میں ہوتا ہے آپ کیوں مارشل لاء چاہتے ہیں۔ ان کی کوئی اندرونی بھی بات تھی۔ اور لوگ پیپلز پارٹی کی وجہ سے بپھر گئے تھے۔ ہر زمیندار اپنے گھر میں چھپا ہوا تھا، وہ چاہتا تھا کہ بھٹو مارا جائے۔ مجھے یاد ہے کہ مجھے کسی جنرل نے بتایا تھا جب پہلے مارشل لاء لگا تو انڈیا کا کوئی بڑا لیڈر آیا ہوا تھا وہ غفار خان کے ساتھ تھا۔ ڈرائیور جو تھا وہ انٹیلیجنس کا تھا۔ اس نے کہا خانصاحب کیا ہو گیا آپ کے اوپر مارشل لاء آیا۔ ہم نے کہا ہاں صبر کرو، لالہ جی آپ کے گھر میں بھی آئے گا۔ اس نے کہا کہ نہیں ہمارے گھر میں نہیں آسکتا کیونکہ پہلے گولی میں کھاؤں گا۔ ہم خود ان لوگوں کو فوجی لوگوں کو فوجی افسروں کو جن کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں management اور سول قانون سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ کراتے رہتے ہیں، جب commit ہو جاتے ہیں تو پھر وہ خود پھنسا ہوا ہے commit کیونکہ یہ ساری چیزیں جو ہیں وہ خود نہیں سمجھتا ہے۔ اس کو سمجھانے والے بتاتے ہیں ایسا کرو تو بچ جاؤ گے ایسا کرو گے تو بچ جاؤ گے۔ یہ ہمارا اپنے لوگوں کا قصور ہے۔

میری عرض یہ ہے کہ جب ہم قوم کو آئین دیں صرف نمائندوں پر نہ چھوڑیں۔ اس کے لئے کمیٹیاں بنائیں۔ یہی بات میں نے لاہور میں کہی تھی کلب والوں نے ہمیں سپیک آن بلوچستان کے لئے بلایا تھا۔ آخر میں پوچھا کہ ہم کیا کریں۔ میں نے کہا کہ یہ فوج اور سول کا کام نہیں ہے۔ یہ آپ قلمکاروں کا کام ہے سیاستدانوں کا کام ہے۔ جاؤ بلوچوں میں جاؤ، پٹھانوں میں جاؤ،

چھوٹوں میں جاؤ بڑوں میں جاؤ اور ان سے یہ پوچھو کہ ہم آپ کی نظر میں یہ صورت کیوں نظر آتے ہیں۔ ہم میں کیا خرابی ہے وہ بتا دیں گے کہ یہ بات ہے یہ بات ہے، ایک طرح کا consensus of opinion آجائے گا آپ لوگ سمجھ جائیں گے۔

بات یہ ہے اور یہ قصہ یہاں سے شروع ہوتا ہے کہ ہم انگریز کی میراث میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ انگریز ہم پر حکومت کرنے کے لئے آیا۔ اور پولیس کی لعنت دے گیا، آپ پولیس ایکٹ پڑھیں، ضابطہ فوجداری دیکھیں، پینل کوڈ دیکھیں وہ کیا چیز ہے۔ ایک پولیس کے انسپکٹر یا سب انسپکٹر کے پاس اتنے اختیارات ہیں کہ بڑے سے بڑے شخص کو آپ پکڑ سکتے ہیں۔ اس کو حراست میں لے سکتے ہیں جس کا کوئی جواز نہیں ہوتا پھر کیا عدالتیں ایسی ہوتی ہیں کہ جہاں پر لاکھوں روپیہ خرچہ ہو۔ عدالتیں تو ہمارے جرگہ میں تھیں۔ ستر ستر آدمیوں کے قتل کے کیس کا فیصلہ کرتے تھے۔ اس بل میں تو بہت سی ترامیم ہیں۔ میں ان کو دہراؤں گا نہیں کیونکہ اس پر میرے دوست سومرو صاحب نے سیر حاصل بحث کی۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ قانون کا منسٹر صاحب بیٹھا ہے اور ہمارا لیڈر آف دی ہاؤس جس پر ہم نے اعتماد کیا تھا اور اعتماد ہے اور انشاء اللہ رہے گا کوئی confrontation نہیں ہے کوئی ذاتی اختلاف نہیں ہے۔ کوئی ہم اس سے روٹی نہیں مانگنا چاہتے ہم اس سے کسی منفعت کے روادار نہیں ہم ڈرتے بھی نہیں ہیں۔ یہ بات بھی سمجھ لیں کہ ہم ڈریں گے نہیں، ہم اس وجہ سے نہیں ڈریں گے کہ کوئی ہم کو لالچ دے۔ یا ہمیں کوئی آنکھیں دکھائے ہم نے دیکھے ہوئے ہیں۔ ہم نے انگریزوں کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالی ہوئی ہیں۔ ہم نے سب کچھ کیا ہوا ہے۔ اس میں سیدھی سیدھی بات ہے آؤ بیٹھو درمیان میں، ہم نے آج پرائم منسٹر صاحب کو امنڈمنٹ دی ہیں۔ دیکھ لو، میں اپیل کرتا ہوں کہ اس ملک کو بچاؤ ورنہ ملک نہیں بچے گا۔ ہمارے علاقے میں ہمارے کاکڑ جو ہیں وہ ۱۸۵، ۱۹ لاکھ آدمی ہیں سب آرمڈ ہیں۔ ہم کو پتہ ہے ۳۰ لاکھ کاکڑ افغانستان میں لڑ رہے ہیں۔ وہ ہمارے

[Nawabzada Jahangir Shah Jogezai]

پاس آتے ہیں۔ ہم کس پوزیشن میں ہیں۔ ہم کو چاہیئے کہ اسلامی نظام میں جہاد کے لئے اسلامی تعلیم و تربیت کو لازمی قرار دیں۔ تاکہ ہر شخص لڑ سکے۔ ہم کیوں اس کو خوشامدی بنائیں۔ ہم کیوں اس کو بزدل بنا دیں ہم کیوں اس کو لالچی بنا دیں

یہ ہمیں بنانے والے بھی اور بگاڑنے والے بھی ہیں۔ یہ قانون کو اسی طریقے پر چلنے دیں۔ اس سے ہم لوگوں کی inspirations اور خواہشات ایک معیار تک پہنچیں گی۔ اگر ہم نے اس معیار تک انہیں نہیں پہنچایا تو پھر ملک نہیں رہے گا تو پھر ہم کیا رہیں گے۔ ہمارا علاقہ پھر بھی پہاڑی علاقہ ہے لڑائی کرتے ہیں مگر کوئی نہ کوئی ہمارا ساتھی بن جاتا ہے۔ لیکن یہ لوگ جو اکثریت میں رہیں یہ جو بیکار بیٹھے ہیں یہ کیا کریں گے۔ ان کے لئے تو پاکستان کے بغیر کوئی چارہ کار نہیں۔

پاکستان جب تک مضبوط نہیں ہوگا۔ ذہنی طور پر جب تک سب نہیں کہیں گے کہ یہ ہم سب کا ملک ہے۔ یہ کنفیڈریشن کیوں اور کس نے کرایا ہے۔ یہ بزنجو اس وقت بڑا آدمی ہے سارے پریس اس کو cover کرتے ہیں اور ہمارے لوگوں سے اس کی فوج بڑھتی ہے کیا ضرورت تھی کہ ریاستوں کو ختم کیا جائے۔ جب تک قوم اور لوگ ختم نہ کریں کیا ضرورت تھی کہ جرگوں کو ختم کیا جائے۔ جب تک لوگ ختم نہ کریں۔ ایک دن بھٹو آیا کہ سرداری نظام ختم کرو۔ بابا سرداری نظام تو ختم نہیں کر سکتے یہ English ختم کرو۔ نواب صاحب جب فوت ہوئے تو اس کے ۸ سالہ لڑکے کی دستار بندی میں چمن سے کوہلو تک کے دس ہزار کے قریب لوگ شریک ہوئے تھے انگریز بے وقوف نہیں تھے اس نے کہا کہ تھوڑی زمین ہے پہلے زمانے میں ہم تھوڑا سا مالیہ وصول کرتے تھے۔ اسی طریقے سے انہوں نے ہم کو یہ کام دے دیا۔ اور آگے ذمہ داری ہماری تھی ۵۳ء میں اسسٹنٹ پولیٹیکل ایجنٹ نصیر تھا۔

گلگت سے آیا تھا وہاں ایک قتل نہیں ہوا تھا۔ میں بورڈ آف ریونیو کا سینئر ممبر بنا پتہ چلا کہ سترہ سو قتل ہوئے ایک آدمی بھی گرفتار نہیں ہوا۔

جو نظام نہیں چل سکتا اس پر زور کیوں دیتے ہو۔ جو اس کے خلاف بات کرتا ہے اس کو جیلوں میں کیوں ڈالتے ہو۔ اچکزئی کے لڑکے نے جلوس نکالا تو چار آدمی اس میں مارے گئے۔ پولیس نے اس کے خلاف رپورٹ درج کی کہ اس نے قتل کئے ہیں، قتل بھی وہی ہوا ہے اور مقدمہ بھی اس قاتل کے خلاف۔ ایسا انصاف نہیں چلے گا۔ ٹھیک ہے کاغذی کارروائی ہو جائیگی وہ جو ماتحت نے ظلم کیا ہے اس کا حساب نہیں ہو گا۔ لیکن وہ نہ خدا سے چھپ سکتا ہے اور نہ انسانوں سے چھپ سکتا ہے۔ یہ انتقام پھر کسی اور صورت میں نکل آتا ہے چار ڈویژن فوج مری، اور مینگل tribes کی ہے جو زیادہ بڑے نہیں ہیں۔ ہم ادھر کہتے ہیں کہ تم پر ظلم ہوتا ہے تو ابھی فیصلہ ہوتا ہے۔ تو پھر ہم اسے بند کرتے ہیں کیونکہ وہاں پر پولیس نہیں چلتی ملیشیا پولیس، سپیشل پولیس یہ پولیس آپ نے قائم کی ہے اس سے کیا فائدہ ہوا ہے؟ ۳۰ کروڑ روپے آپ خرچ کرتے ہیں، جس سے کوئی حاصل نہیں ہو رہا۔ کیونکہ شہروں دیہاتوں کے لوگوں کو کوئی خاص تحفظ حاصل نہیں ہے۔ ابھی ہزاروں کا وہ (ہنگامہ) ہوا ہے میرا بھتیجا تھا اس نے جا کر کنٹرول کیا اور کسی نے نہیں کیا۔ اس لئے میں یہ عرض کرتا ہوں کہ ذاتی مفاد کو چھوڑ کر ہمارا کوئی مفاد ہے تو پاکستان میں ہے اگر ہمارا مفاد ہے تو اسلام میں ہے۔

جس وقت الیکشن ہوئے تو ہم یہاں آئے اور سندھ ہاؤس میں ٹھہرے پھر گورنمنٹ ہاسٹل میں ٹھہرے تاکہ وہ لوگ یہ نہ کہیں کہ جہانگیر شاہ وزارت مانگ رہا تھا یہ اپنے لئے میں بے غیرتی اور ہتک سمجھتا ہوں مجھے اس کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ مجھے قوم اور لوگوں کی ضرورت ہے وہ مجھے حاصل ہے میری عزت ہے۔ مجھے پتہ ہے کسی کو شک ہے تو جا کر پوچھ لو۔ اور وہ بھی ہم کو پتہ ہے کہ کس نے ہمارے ساتھ کیا کیا ہے سب کوششوں

[Nawabzada Jahangir Shah Jogezai]

کے باوجود وہ مجھے زیر نہیں کر سکا لیکن میں اس کے در پر سلام کے لئے نہیں گیا۔ اور نہ جاؤں گا۔

جب سجدہ خدا کے لئے ہے جب میں سجدہ خدا کے ہاں کرتا ہوں تو دوسرا سجدہ کہاں ہے؟ یہی رستہ ہے اس کو میں دعوت دیتا ہوں اگر وہ نہیں آتا ہے تو میری اسی شخص کے ساتھ لڑائی ہے۔ Amendments آپ کے پاس ہیں۔ گورنمنٹ والے، کوئی گورنمنٹ والے نہیں ہیں جو بھی افہام وتفہیم چاہتا ہے اس کو دیکھے جس کے پاس قوم کا درد ہے وہ دیکھے جس میں ایمان کا جذبہ ہے وہ دیکھے مجھے کسی اور کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر نہیں تو کوئی بات نہیں ہے۔ ہم اپنا حق ادا کریں گے، ہمیں کسی چیز کی کوئی پرواہ نہیں ہے ان باتوں کا آپ کو کل یہ قانونی لوگ بتائیں گے۔ وہ نقطہ نقطہ کا ماوا ما بنائیں گے لیکن میں اس مقصد کو بیان کرتا ہوں میں اس مقصد سے تعلق رکھتا ہوں جس کے لئے ہم اس قانون کو بنانا چاہتے ہیں۔ اس چیز کے سوا کوئی چیز نہیں ہے۔ یہ یاد رکھیں ہمارے لئے صدر صاحب محترم ہیں بہت عزت والا آدمی ہے جب بھی میں ان کے پاس گیا تو مجھے شرم آجاتی ہے کہ وہ انکساری سے کھڑا ہو جاتا ہے تو میں چل جاتا ہوں کہ یہ بیٹھ جائے اسی طرح سے جونیجو صاحب ہیں شریف ہے با اعتقاد ہے پٹھان کا اعتماد وقتی نہیں بلکہ بہت دیر تک جاتا ہے۔ اور وہ ابھی بھی ہے۔ بہر حال ہم پکے لوگ ہیں ایسے نہیں کہ کبھی ادھر آئیں اور کبھی ادھر جائیں۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اجازت چاہتا ہوں۔

جناب چیرمین: بہت بہت شکریہ ایک صاحب رہتے ہیں۔ پیر محمد شاہ صاحب۔ اگر وہ تیار ہیں اور بولنا چاہیں تو ان سے درخواست ہے کہ وہ تقریر فرمائیں۔

الحاج پیر محمد شاہ: جو قومی اسمبلی نے بھی پاس کیا ہے ہم اس کی تائید کرتے ہیں ہم اس کو پاس کریں گے۔ پاس کریں گے۔

جناب چیئرمین : شکریہ ۔ اور جو صاحبان آج کے لئے تھے وہ تیار نہیں ہیں یا موجود نہیں ہیں چنانچہ چند ہی باقی رہتے ہیں یا زیادہ تر تو ہو ہی گئے ہیں ۔ میرا خیال ہے کہ اجلاس کو کل ۹½ بجے تک ملتوی کرتے ہیں ۔

[The House adjourned to meet again at 9.30 a.m. on Wednesday, October 30, 1985.]

PCPPI–2044(86)/Senate–29-10-86–300.